گلدستہ معارف

"شرح مناجات شعبانیہ"

علامہ شیخ انور علی نجفی دامت برکاتہ

کے فکر انگیز دروس پر مشتمل کتاب

پیشکش

رسالات نیٹ ورک الکوثر

فہرست

متن مناجات شعبانیہ........ 3

پہلا درس........ 6

دوسرا درس........ 14

تیسرا درس........ 22

چوتھا درس........ 29

پانچواں درس........ 36

چھٹا درس........ 44

ساتواں درس........ 54

آٹھواں درس........ 67

نواں درس........ 77

دسواں درس........ 85

گیارہواں درس........ 95

متن مناجات شعبانيه

بسم الله الرحمن الرحيم

اللّهُمَّ صَلّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ واسْمَعْ دُعائِي إذا دَعَوْتُكَ واسْمَعْ نِدائِي إذا نادَيْتُكَ واقْبِلْ عَلَيَّ إذا ناجَيْتُكَ ، فَقَدْ هَرَبْتُ إِلَيْكَ وَوَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ مُسْتَكِيناً لَكَ مُتَضَرِّعاً إِلَيْكَ راجِياً لِما لَدَيْكَ ثَوابي وَتَعْلَمُ ما فِي نَفْسِي وَتَخْبُرُ حاجَتِي وَتَعْرِفُ ضَمِيرِي ، وَلايَخْفى عَلَيْكَ أَمْرُ مُنْقَلَبِي وَمَثْواي وَما أُرِيدُ أَنْ أُبْدِيَ بِهِ مِنْ مَنْطِقِي وَأَتَفَوَّهُ بِهِ مِنْ طَلِبَتِي وَأَرْجُوهُ لِعاقِبَتِي ، وَقَدْ جَرَتْ مَقادِيرُكَ عَلَيَّ يا سَيِّدِي فِيما يَكُونُ مِنِّي إِلى آخِرِ عُمرِي مِنْ سَرِيرَتِي وَعَلانِيَّتِي وَبِيَدِكَ لا بِيَدِ غَيْرِكَ زِيادَتِي وَنَقْصِي وَنَفْعِي وَضَرّي.

إِلهِي إِنْ حَرَمْتَنِي فَمَنْ ذا الَّذِي يَرْزُقُنِي وَإِنْ خَذَلْتَنِي فَمَنْ ذا الَّذِي يَنْصُرُنِي ، إِلهِي أَعُوذُ بِكَ مِنْ غَضَبِكَ وَحُلُولِ سَخَطِكَ ، إِلهِي إِنْ كُنْتُ غَيْرَ مُسْتَأْهِلٍ لِرَحْمَتِكَ فَأَنْتَ أَهْلٌ أَنْ تَجُودَ عَلَيَّ بِفَضْلِ سَعَتِكَ ، إِلهِي كَأَنّي بِنَفْسِي واقِفَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَقَدْ أَظَلَّها حُسْنُ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ فَقُلت ما أَنْتَ أَهْلُهُ وَتَغَمَّدْتَنِي بِعَفْوِكَ ، إِلهِي إِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ أَوْلى مِنْكَ بِذلِكَ وَإِنْ كانَ قَدْ دَنا أَجَلِي وَلَمْ يُدْنِنِي مِنْكَ عَمَلِي فَقَدْ جَعَلْتُ الاِقْرارَ بِالذَّنْبِ إِلَيْكَ وَسِيلَتِي ، إِلهِي قَدْ جُرْتُ عَلى نَفْسِي فِي النَّظَرِ لَها فَلَها الوَيْلُ إِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَها ، إِلهِي لَمْ يَزَلْ بِرُّكَ عَلَيَّ أَيّامَ حَياتِي فَلا تَقْطَعْ بِرّكَ عَنّي فِي مَماتِي ، إِلهِي كَيْفَ آيَسُ مِنْ حُسْنِ نَظَرِكَ لِي بَعْدَ مَماتِي وَأَنْتَ لَمْ تُوَلِّنِي إِلّا الجَمِيلَ فِي حَياتِي ، إِلهِي تَوَلَّ مِنْ أَمْرِي ما أَنْتَ أَهْلُهُ وَعُدْ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ عَلى مُذْنِبٍ قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ ، إِلهِي قَدْ سَتَرْتَ عَلَيَّ ذُنُوباً فِي الدُّنْيا وَأَنا أَحْوَجُ إِلى سَتْرِها عَلَيَّ مِنْكَ فِي الأخرى إِذْ لَمْ تُظْهِرْها لاَحَدٍ مِنْ عِبادِكَ الصّالِحِينَ فَلا تَفْضَحْنِي يَوْمَ القِيامَةِ عَلى رؤوسِ الاَشْهادِ ، إِلهِي جُودُكَ بَسَطَ أَمَلِي وَعَفْوُكَ أَفْضَلُ مِنْ عَمَلِي ، إِلهِي فَسُرَّنِي بِلِقائِكَ يَوْمَ تَقْضِي فِيهِ بَيْنَ عِبادِكَ ، إِلهِي اعْتِذارِي إِلَيْكَ اعْتِذارُ مَنْ لَمْ يَسْتَغْنِ عَنْ قَبُولِ عُذْرِهِ فَاقْبَلْ عُذْرِي يا أَكْرَمَ مَنْ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ المُسِيئُونَ ، إِلهِي لاتَرُدَّ حاجَتِي وَلاتُخَيِّبْ طَمَعِي وَلاتَقْطَعْ مِنْكَ رَجائِي وَأَمَلِي ، إِلهِي لَوْ

أَرَدْتَ هَوانِي لَمْ تَهْدِني وَلَوْ أَرَدْتَ فَضِيحَتي لَمْ تُعافِنِي ، إِلهِي ما أَظُنُّكَ تَرُدُّنِي فِي حاجَةٍ قَدْ أَفْنَيْتُ عُمْرِي فِي طَلَبِها مِنْكَ ، إِلهِي فَلَكَ الحَمْدُ أَبَداً أَبَداً دائِماً سَرْمَداً يَزِيدُ وَلا يَبِيدُ كَما تُحِبُّ وَتَرْضى ، إِلهِي إِنْ أَخَذْتَنِي بِجُرْمِي أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ وَإِنْ أَخَذْتَنِي بِذُنُوبِي أَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ وَإِنْ أَدْخَلْتَنِي النَّارَ أَعْلَمْتُ أَهْلَها أَنِّي اُحِبُّكَ ، إِلهِي إِنْ كانَ صَغُرَ فِي جَنْبِ طاعَتِكَ عَمَلِي فَقَدْ كَبُرَ فِي جَنْبِ رَجائِكَ أَمَلِي ، إِلهِي كَيْفَ أَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ بِالخَيْبَةِ مَحْرُوماً وَقَدْ كانَ حُسْنُ ظَنِّي بِجُودِكَ أَنْ تَقْلِبَنِي بالنَّجاةِ مَرْحُوماً ، إِلهِي وَقَدْ أَفْنَيْتُ عُمْرِي فِي شِرَّةِ السَّهْوِ عَنْكَ وَأَبْلَيْتُ شَبابِي فِي سَكْرَةِ التَّباعُدِ مِنْكَ فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ أَيَّامَ اغْتِرارِي بِكَ وَرُكُونِي إِلى سَبِيلِ سَخَطِكَ ، إِلهِي وَأَنا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ قائِمٌ بَيْنَ يَدَيْكَ مُتَوَسِّلٌ بِكَرَمِكَ إِلَيْكَ ، إِلهِي أَنا عَبْدٌ أَتَنَصَّلُ إِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ أُواجِهُكَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ اسْتِحيائِي مِنْ نَظَرِكَ وَأَطْلُبُ العَفْوَ مِنْكَ إِذِ العَفْوُ نَعْتٌ لِكَرَمِكَ ، إِلهِي لَمْ يَكُنْ لِي حَوْلٌ فَأَنْتَقِل بِهِ عَنْ مَعْصِيَتِكَ إِلّا فِي وَقْتٍ أَيْقَظْتَنِي لِمَحَبَّتِكَ وَكَما أَرَدْتَ أَنْ أَكُونَ كُنْتُ فَشَكَرْتُكَ بِإِدْخالِي فِي كَرَمِكَ وَلِتَطْهِيرِ قَلْبِي مِنْ أَوْساخِ الغَفْلَةِ عَنْكَ.

إِلهِي انْظُرْ إِلَى نَظَرَ مَنْ نادَيْتَهُ فَأَجابَكَ وَاسْتَعْمَلْتَهُ بِمَعُونَتِكَ فَأَطاعَكَ يا قَرِيباً لايَبْعُدُ عَنْ المُغْتَرِّ بِهِ يا جَواداً لايَبْخَلُ عَمَّنْ رَجا ثَوابَهُ ، إِلهِي هَبْ لِي قَلْباً يُدْنِيهِ مِنْكَ شَوْقُهُ وَلِساناً يُرْفَعُ إِلَيْكَ صِدْقُهُ وَنَظَراً يُقَرِّبُهُ مِنْكَ حَقُّهُ ، إِلهِي إِنَّ مَنْ تَعَرَّفَ بِكَ غَيْرُ مَجْهُولٍ وَمَنْ لاذَ بِكَ غَيْرُ مَخْذُولٍ وَمَنْ أَقْبَلْتَ عَلَيْهِ غَيْرُ مَمْلُوكٍ

إِلهِي إِنَّ مَنْ انْتَهَجَ بِكَ لَمُسْتَنِيرٌ وَإِنَّ مَنِ اعْتَصَمَ بِكَ لَمُسْتَجِيرٌ وَقَدْ لُذْتُ بِكَ يا إِلهِي فَلا تُخَيِّبْ ظَنِّي مِنْ رَحْمَتِكَ وَلا تَحْجُبْنِي عَنْ رَأفَتِكَ ، إِلهِي أَقِمْنِي فِي أَهْلِ وِلايَتِكَ مُقامَ مَنْ رَجا الزِّيادَةَ مِنْ محَبَّتِكَ ، إِلهِي وَأَلْهِمْنِي وَلَها بِذِكْرِكَ إِلَى ذِكْرِكَ وَهِمَّتِي فِي رَوْحِ نَجاحِ أَسْمائِكَ وَمَحَلِّ قُدْسِكَ.

إِلهِي بِكَ عَلَيْكَ إِلّا أَلْحَقْتَنِي بِمَحَلِّ أَهْلِ طاعَتِكَ وَالمَثْوى الصَّالِحِ مِنْ مَرْضاتِِك فَإِنِّي لا أَقْدِرُ لِنَفْسِي دَفْعاً وَلا أَمْلِكُ لَها نَفْعاً ، إِلهِي أَنا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ المُذْنِبُ وَمَمْلُوكُكَ المُنِيبُ فَلا تَجْعَلْنِي مِمَّنْ صَرَفْتَ عَنْهُ وَجْهَكَ وَحَجَبَهُ سَهْوُهُ عَنْ عَفْوِكَ ، إِلهِي هَبْ لِي كَمالَ الاِنْقِطاعِ إِلَيْكَ وَأَنِرْ أَبْصارَ قُلُوبِنا بِضِياءِ نَظَرِها إِلَيْكَ حَتَّى تَخْرِقَ أَبْصارُ القُلُوبِ حُجُبَ النُّورِ فَتَصِلَ إِلى مَعْدِنِ العَظَمَةِ وَتَصِيرَ أَرْواحُنا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ.

إلهِي وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ نادَيْتَهُ فَأَجابَكَ وَلاحَظْتَهُ فَصَعِقَ لِجَلالِكَ فَناجَيْتَهُ سِرّاً وَعَمِلَ لَكَ جَهْراً ، إلهِي لَمْ أُسَلِّطْ عَلَى حُسْنِ ظَنِّي قُنُوطَ الاَياسِ وَلا انْقَطَعَ رَجائِي مِنْ جَميلِ كَرَمِكَ ، إلهِي إنْ كانَتِ الخَطايا قَدْ أَسْقَطَتْنِي لَدَيْكَ فَاصْفَحْ عَنِّي بِحُسْنِ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ ، إلهِي إنْ حَطَّتْنِي الذُّنُوبُ مِنْ مَكارِمِ لُطْفِكَ فَقَدْ نَبَّهَنِي اليَّقِينُ إلَى كَرَمِ عَطْفِكَ ، إلهِي إنْ أَنامَتْنِي الغَفْلَةُ عَنِ الاِسْتِعْدادِ لِلِقائِكَ فَقَدْ نَبَّهَتْنِي المَعْرِفَةُ بِكَرَمِ آلائِكَ ، إلهِي إنْ دَعانِي إلى النَّارِ عَظِيمُ عِقابِكَ فَقَدْ دَعانِي إلى الجَنَّةِ جَزِيلُ ثَوابِكَ ، إلَهِي فَلَكَ أَسْأَلُ وَإِلَيْكَ أَبْتَهِلُ وَأَرْغَبُ وَأَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ يُدِيمُ ذِكْرَكَ وَلَايَنْقُضُ عَهْدَكَ وَلَايَغْفَلُ عَنْ شُكْرِكَ وَلا يَسْتَخِفُّ بِأَمْرِكَ ، إلَهِي وَأَلْحِقْنِي بِنُورِ عِزِّكَ الاَبْهَجِ فَأَكُونَ لَكَ عارِفاً وَعَنْ سِواكَ مُنْحَرِفاً وَمِنْكَ خائِفاً مُراقِباً يَا ذَا الجَلالِ وَالاِكْرامِ وَصلَّى الله عَلى مُحَمَّدٍ رَسُولِهِ وَآلِهِ الطَّاهِرِينَ وَسَلَّمَ تَسْلِيماً كَثِيراً .

پہلا درس

بسم الله الرحمن الرحيم

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاسْمَعْ دُعائِي إذا دَعَوْتُكَ وَاسْمَعْ نِدائِي إذا نادَيْتُكَ وَاقْبِلْ عَلَيَّ إذا ناجَيْتُكَ ، فَقَدْ هَرَبْتُ إِلَيْكَ وَوَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ مُسْتَكِيناً لَكَ مُتَضَرِّعاً إِلَيْكَ راجِياً لِما لَدَيْكَ ثَوابي وَتَعْلَمُ ما فِي نَفْسِي وَتَخْبُرُ حاجَتِي وَتَعْرِفُ ضَمِيرِي ، وَلايَخْفى عَلَيْكَ أَمْرُ مُنْقَلَبِي وَمَثْوايَ وَما أُرِيدُ أَنْ أُبْدِيَ بِهِ مِنْ مَنْطِقِي وَأَتَفَوَّهُ بِهِ مِنْ طَلِبَتِي وَأَرْجُوهُ لِعاقِبَتِي ، وَقَدْ جَرَتْ مَقادِيرُكَ عَلَيَّ يا سَيِّدِي فِيما يَكُونُ مِنِّي إِلى آخِرِ عُمرِي مِنْ سَرِيرَتِي وَعَلانِيَّتِي وَبِيَدِكَ لا بِيَدِ غَيْرِكَ زِيادَتِي وَنَقْصِي وَنَفْعِي وَضَرِّي.

ترجمہ: خدایا! درود بھیج محمد و آل محمد پر اور جب میں تجھ سے دعا کروں تو میری دعا سن جب میں تجھے پکاروں تو میری پکار کو سن جب میں تجھ سے مناجات کروں تو مجھ پر توجہ فرما کہ تیرے ہاں تیزی سے آیا ہوں میں تیری بارگاہ میں کھڑا ہوں اپنی بے چارگی تجھ پر ظاہر کر رہا ہوں تیرے سامنے نالہ و فریاد کرتا ہوں اپنے اس ثواب کی امید میں جو تیرے ہاں ہے اور تو جانتا ہے جو کچھ میرے دل میں ہے تو میری حاجت سے آگاہ ہے اور تو میرے باطن سے باخبر ہے دنیا اور آخرت میں میری حالت تجھ پر مخفی نہیں اور جو کچھ میں زبان پر لانا چاہتا ہوں اور جو حاجتیں میں بیان کرنا چاہتا ہوں، اور جس چیز کی میں اپنے انجام و عاقبت کے لئے امید رکھتا ہوں، وہ تجھ پر مخفی نہیں ہے؛ اور یقینا اے میرے سید! مجھ پر تیری تقدیر جاری ہوئی ہے، ان امور کے بارے میں جو آخرِ عمر تک مجھ سے سرزد ہو گا، میرے رازدارانہ اور اعلانیہ اعمال میں سے؛ اور صرف تیرے ہاتھ میں ہے نہ کہ تیرے بغیر کسی اور کے ہاتھ میں، میری بیشیاں اور کمیاں، اور میرا سود و زیاں۔

تشریح:

جس دعا کی طرف آج میں آپ کو متوجہ کرنا چاہ رہا ہوں وہ مناجات شعبانیہ ہے۔ یہ مناجات امیر المومنین امام علیؑ سے وارد ہوئی ہے۔ ان مناجات کو ان ایام میں ہمیں پڑھنا چاہیے۔ ہم میں سے ہر ایک کو مناجات کی ضرورت ہیں۔ آج کل ہر ایک کے پاس وسائل موجود ہیں یعنی آپ میں سے اکثر کے پاس لیپ ٹاپ اور موبائل ہیں، اگر آپ مناجات شعبانیہ تلاش کریں تو آپ کو اس کا ٹیکس میسر آئے گا۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ "

مناجات شعبانیہ کی ابتداء محمد وآل محمد پر درود سے ہورہی ہے۔

اللّهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاسْمَعْ دُعائِي إذا دَعَوْتُكَ

اے اللہ! جب میں تجھے پکارتا ہوں تو میری دعا سن لے"

وَاسْمَعْ نِدائِي إذا نادَيْتُكَ "

اور میں جب تجھے پکارتا ہوں، ندا دیتا ہوں تو میری ندا کو سن لے"

وَاقْبِلْ عَلَيَّ إذا ناجَيْتُكَ "

میری طرف نظر کرم فرما جب میں مناجات کر رہا ہوں، میری مناجات اور فریاد کو سن لے، میں مضطر ہوں، پریشان ہوں، میں آج کا انسان کرونا زدہ ہوں (کرونا کے ایام میں یہ دروس ہوئے ہیں)، خوف زدہ ہوں، مضطرب ہوں میری سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تو اے خدا! اس پریشانی کے عالم میں، میں تجھے پکار رہا ہوں تو ہی میری مناجات کو سن رہا ہے، تو ہی میری پریشانیوں میں میری طرف متوجہ ہے پس میری پکار اور دعا پر لبیک کہہ دے۔

" ، فَقَدْ هَرَبْتُ إلَيْكَ "

میں تیری طرف بھاگ کر آرہا ہوں

" وَوَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ "

اور تیرے سامنے، تیرے حضور میں پیش ہوا ہوں۔

مُسْتَكِيناً لَكَ مُتَضَرِّعاً إلَيْكَ۔

گریہ وزاری کی حالت میں آہ وفغاں کرتے ہوئے اپنے عجز وناتوانی کے اقرار کے ساتھ تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں۔

" راجِياً لِما لَدَيْكَ ثَوابي "میرے پالنے والے! مری ساری امیدیں تجھ سے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ تم مجھے ناامید نہیں کرے گا۔

آج ہم مناجات کے انہی الفاظ کی تشریح کر سکیں گے اس کے بعد کچھ عرصہ مناجات کی تشریح کے ساتھ مہدویت کے بارے میں بھی بیان کریں گے اور بعد ازاں مستقل طور پر مہدویت کی بحث کریں گے۔

ان ابتدائی کلمات میں پانچ چیزوں کا ذکر ہے سب سے پہلے محمد و آل محمدؐ پر درود بھیجا جارہا ہے (پس آپ بھی درود بھیجیے)۔ دعا سے پہلے درود اس لیے پڑھا گیا ہے کیونکہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی دعا سننے اور اس پر توجہ کرنے کی التجاء کرنی ہے، غیر اللہ سے اللہ کی طرف فرار کرنا ہے۔ کیونکہ ابھی تک میں غیر اللہ میں رہ گیا تھا، اسباب کی دنیا میں گم تھا، پس میں اسباب سے نکل کر مسبب الاسباب

کی طرف آنا چاہتا ہوں، جس کی خاطر تضرع وزاری کرتے ہوئے عجز ناتوانی کے اقرار کے ساتھ خدا کی بارگاہ میں اس کے لطف وکرم کی امید لیے حاضر ہوا ہوں۔ پس اس لئے دعا کا آغاز درود سے ہو رہا ہے۔ جیسا کہ ہم زیارت جامعہ میں بھی پڑھتے ہیں:

" إِنْ ذُكِرَ الْخَيرُ كنْتُمْ أَوَّلَهُ "

جب بھی میں خیر کا ذکر کروں تو اول خیر آپ ہی ہیں۔

" وَ أَصْلَهُ وَ فَرْعَهُ وَ مَعْدِنَهُ وَ مَأْوَاهُ وَ مُنْتَهَاهُ "

خیر کی اصل، فرع، اول، معدن اور ماویٰ بھی محمد و آل محمدؐ ہیں۔ کیونکہ تمام خیر محمدؐ و آل محمدؐ سے ہم تک پہنچی ہے اب جب ہم خدا سے خیر طلب کر رہے ہیں تو اس سے پہلے صاحبان خیر محمدؐ و آ محمدؐ پر درود بھیجنا ناگزیر ہو گا شاید اس لئے آیت مجیدہ میں ہے " و ابتغوٓ الیه الوسیلة" اگر اللہ تک پہنچنا چاہتے ہو تو اس کے لئے (آپ کو درود کا) وسیلہ تلاش کرنا ہے۔ اللہ کے نزدیک کسی کی عظمت، حیثیت مقام و مرتبت اور محبت ان ذوات مقدسہ سے بڑھ کر نہیں ہے اس لئے ہم پہلے ان ہستیوں کا ذکر کرتے ہیں اس کے بعد بارگاہ الہی میں دعا کرتے ہیں "و جعل صلواتنا علیکم " عزیزان زرا غور کریں کہ ہم محمدؐ و آل محمدؐ پر جو درود پڑھتے ہیں اس میں ہم کیا کہہ رہے ہوتے ہیں "اللهم صل على محمدؐ و آل محمد" اے اللہ اپنی رحمتوں کو محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیج۔

آپ یہ تصور کریں کہ کوئی ایسی ذوات جو آپ سے اوپر ہیں، بالاتر ہیں ان تک اگر کوئی خیر و برکت پہنچتی ہے تو وہ خیر و برکت ان کی ذریعے نیچے والی مخلوقات تک بھی پہنچتی ہے۔ جیسے فضا میں رطوبت آتی ہے باران آتی ہے جو کہ آسمانی فضا ہے اور یہ فضا اس رطوبت اور باران کو اپنے تک محدود نہیں رکھتی ہے بلکہ خود بھی مستفید ہوتی ہے وہاں سے آلودگی ختم کر کے سارا پانی نیچے بہا دیتی ہے۔ محمدؐ و آل محمدؐ پر ہم جو درود بھیجتے ہیں ان تک پہنچتا ہے جبکہ اس کی تمام تر رحمات اور برکات ہم تک پہنچتی ہیں۔ اور ان کو جو رحمت ملی ہے پھر وہ رحمت ہم تک پہنچی ہے تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ ان کے پاس باقی کچھ نہیں رہتا بلکہ اس کی مثال علم کی طرح ہے۔ جب ایک استاد پڑھاتا ہے تو استاد کا رتبہ جو بالاتر ہے اپنے سے کمتر والے کوئی چیز پڑھانے، سکھانے سے استاد کا علم ختم نہیں ہوتا۔ پس رحمت محمدؐ و آل محمدؐ پر نازل ہونے والی رحمت بھی ایسی ہے جسے وہ ہم سب میں بانٹ دیتے ہیں رحمت کی طلب کے لیے محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ جیسا کہ ایک روایت میں امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں:

"مَن كانَت لَهُ حاجَةٌ إلَى اللهِ ۔ عزّوجلّ فَلْيَبدَأ بِالصَّلاةِ عَلى مُحَمَّدٍ وآلِهِ ، ثُمَّ يَسألْ حاجَتَهُ ، ثُمَّ يَختِمْ بِالصَّلاةِ فإنَّ اللهَ عزّوجلّ أكرَمُ مِن أن يَقبَلَ الطَّرَفَينِ ويَدَعَ الوَسَطَ إذ كانَتِ الصَّلاةُ عَلى مُحَمَّدٍ وآلِ مُحَمَّدٍ لا تُحجَبُ عَنهُ" (مکارم الأخلاق:2/19/2040)

اگر تمہیں خدا سے کوئی حاجت ہو تو پہلے درود بھیجو پھر اپنی حاجت کو طلب کرو، اپنی دعا کے بعد دوبارہ درود بھیجو "فإنَّ اللهَ عزّوجلّ أكرَمُ مِن أن يَقبَلَ الطَّرَفَينِ ويَدَعَ "اللہ اس سے زیادہ کریم ہے کہ وہ آپ کی دعا کے پہلے اور آخری حصے (یعنی درود) کو قبول کرلے اور درمیان میں جو تونے مانگا ہے اسے رد کردے" إذ كانَتِ الصَّلاةُ عَلى مُحَمَّدٍ وآلِ مُحَمَّدٍ لا تُحجَبُ عَنهُ

"اگر دعا وصلواتوں کے درمیان ہو تو اس دعا کے آگے پہنچنے میں کوئی چیز روکاوٹ نہیں بن سکتی" و اسمع دعائی اذا دعوتک واسمع ندائی اذا نادیتک و اقبل علی اذاناجیت" یہاں پر ہم اپنے رب کریم سے یہ چاہتے ہیں کہ اگر ہم دعا وپکار کریں تو ہماری اس دعا و پکار کو سن، اگر ہم نجوی کریں تو ہماری طرف توجہ کر۔

خدا ہر آواز اور دعا کو سنتا ہے اور اسے قبول کرتا ہے ہر ایک کی مناجات پر متوجہ ہے اس کے باوجود خدا سے طلب کرنے کا مطلب اپنی ناتوانی کو بیان کرنا ہے۔ مجھے اس کی کس قدر زیادہ ضرورت ہے کہ مجھے معلوم ہے کہ تو سن رہا ہے اس کے باوجود میں کہہ رہا ہوں کہ میں بہت زیادہ مضطر ہوں، پریشان ہوں۔ مثلا بچہ جب بھی ماں سے کوئی چیز مانگتا ہے تو اسے مل جاتی لیکن کبھی وہ رو کر مانگتا ہے اس لے کہ وہ بتانا چاہتا ہے کہ جو چیز مانگ رہا ہوں بہت اہم ہے فی الفور ضرورت ہے میں پانی جب عام حالت میں مانگتا ہوں اس وقت اور پیاس ہوتی ہے اب جبکہ رو رو کے پانی مانگ رہا ہوں یا دودھ مانگ رہا ہوں یہ حالت اور ہے یہاں ہم خدا سے یہ تقاضا کر رہے ہیں کہ ہمیں سنا جائے درحقیقت یہ نہیں ہے کہ خدا کچھ باتیں سنتا ہے کچھ باتیں نہیں سنتا کچھ دعائیں قبول کرتا ہے کچھ دعائیں قبول نہیں کرتا کچھ مناجات پر خدا توجہ دیتا ہے کچھ مناجات پر توجہ نہیں دیتا۔ ہر گز ایسا نہیں ہے وہ ہر بات کو سننے والا ہے ہر کلام کو سننے والا، ہر دعا قبول کرنے والا ہے سب مناجات پر اس کی توجہ ہوتی ہے اور کسی کی مناجات یا کوئی کام کسی مناجات سننے یا کوئی دوسرا کام کرنے میں مانع نہیں بن سکتا پھر کیوں ہم یہ درخواست کر رہے ہیں؟ یہ درخواست اس لئے ہے کہ ہم اس کا اظہار کریں خدایا آج انسان بہت پریشان ہے اور اس پریشانی میں کچھ لوگ بہت آگے تک نکل گئے ہیں۔ کچھ لوگ اس قدر پریشان ہیں کہ طرح طرح کے سوال اٹھا رہے ہیں۔ اگر خدا ہے تو اتنا عذاب، اتنی اموات، اتنی پریشانیاں بندوں کو کیوں ہیں۔ لیکن جہاں خدا اور خدا کی رحمتیں ہیں وہاں خدا کا عذاب اور آزمائش بھی ہے تمہارا چیزیں دیکھنے کا انداز اور ہے خدا کے دیکھنے کا انداز مختلف ہے کاش ہم اسے کبھی سمجھ سکیں۔ ہم یہ کہنے کے لئے خدا سے باتیں کر رہے ہیں۔ خدایا تیرے بندوں میں اب یہ طاقت نہیں رہی اب تو ان کی سن لے ان کی توانائی سے یہ باتیں بڑھ گئی ہے یہ مقام مقام شکر تھا لیکن تیرے بندے بہت کمزور ہیں بہت جلد باز، نافرمان، کفران نعمت کرنے والے ہیں تونے

ابھی بھی انہیں کتنا نواز رکھا تھا کتنی نعمتیں دی ہوئی تھیں اور یہ جو پریشان اور زیادہ تڑپ رہے ہیں یہ وہ ہیں جنہیں کچھ بھی نہیں ہوا ۔انہوں نے صرف خبریں سنی اور کچھ تصویریں دیکھی ہیں انہیں خود کچھ بھی نہیں ہوا یہ صحیح وسالم ہیں اے خدا جس نے اتنے لوگوں کو مرض میں مبتلا کیا اور ان کو صحت وسلامتی بھی دی محفوظ رکھا ان تمام چیزاں کے باوجود یہ کفریہ کلام اپنی زبانوں پر لا رہے ہیں کتنا کم عقل ہے یہ انسان! خدا کی طرف پلٹنے کی بجائے خدا کی قدرت کا اعتراف کرنے کے بجائے یہ کس طرف جا رہا ہے یہ کیا کر رہا ہے یہ بہت کم تعداد ہے مگر ان کی آوازیں ہم تک آ رہی ہیں اس لئے ہم ان کو بتاتے ہیں اگر پریشان ہو تو تمہیں اس پریشانی میں کیا کرنا ہے "فقد ھربت الیک" اس پریشانی میں، میں تیری طرف ہی دوڑ کر آ رہا ہوں میں تیری طرف ہی بھاگ کر آ رہا ہوں کیوں؟ اس لئے کہ یہ پریشانی میری اپنی ایجاد کردہ پریشانی ہے یہ ظلمت یہ تاریکی یہ خوف کہ کب کون سی چیز میرے اندر آجائے اور مجھے اندر سے کھا جائے اور میرے اپنے سیلز میرے دشمن بن جائے۔ وہ سیلز جو میرے وجود کا حصہ ہے وہ سیلز جو میرے اعضاء کے لئے سب کچھ کرتے وہ میرے دشمن بن جائیں یہ انجان خوف کیوں ہے؟ یہ خوف میرے اپنے اعمال کی وجہ سے ہے۔ اگر میں ایسا ہوں جس کے اپنے اعمال بد کی وجہ سے یہ ہوا ہے باقی جو نیک بندے ہیں ان پر یہ مصیبت کیوں ہے؟ جب اللہ کا عذاب آتا ہے قرآن کی صریح آیت ہے کہ وہ خشک وتر سب کو جلاتا ہے ایسا نہیں ہوتا کہ بروں پر عذاب آئے اور اچھوں پر نہ آئے بلکہ یہ اچھوں کے لئے آزمائش اور بروں کے لئے عذاب ہے یہ لوگ جو دنیا سے جا رہے ہیں اگر آپ تعداد کی بات کریں تو اتنے زیادہ لوگ نہیں مرے اس سے زیادہ لوگ ویسے بھی اس دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ ایک جو کمپرینسی تھیوری ہے جسے انسان نے خود بنایا ہے جو جدید دنیا اور جدید جاہلیت کا دور ہے اس نے اس وائرس کو خود بنایا ہے اس لئے کہ بیمہ اور انشورنس کمپنی بہت سے بوڑھے لوگوں کو ان کی طبی علاج کے لئے پیسے دے دے کر تھک گئے تھے ان کا کاربار صحیح نہیں چل رہا تھا۔ یہ بھی لوگ کہتے ہیں نہیں معلوم لیکن یہ ایک مفروضہ ہے۔ اسے لیب میں بنایا گیا ہے ہ یہ بائیولوجیکل وار ہے اس کو عام کیا گیا ہے ہمیں نہیں معلوم کہ یہ خدا کی طرف سے غضب ہے اگر ایسا ہے تو بھی خدا کی طرف سے ہے یہ بات سمجھنے والی ہے کہ اگر انسان نے اس کو لیب میں بنایا ہے یہ جو لیب سے نکل کر انسان کو مبتلا کر رہا ہے جس لیب میں بنایا ہے اس ملک کو سب سے زیادہ نقصان دیا ہو تو یہ بھی اللہ کا غضب ہے ایسا نہیں کہ آپ نے اگر لیب میں بنایا ہے تو آپ نے بنایا ہے؟ بلکہ آپ زراعت کرتے ہیں آپ کاشت کرتے ہیں "ام نحن الزارعون" یہ زراعت کون کرتا ہے تم کہاں دانے کے دل میں سے وہ پودا نکال سکتے ہو پھر جو اچھے ہیں ان کا کیا ہے؟ حسنات الابرار سیئات المقربین" یہ جو آپ کے حساب سے ابرار کے لئے حسنات ہیں مقربین کے لئے یہی سیئات ہیں ان سے بھاگ کر یہ خدا کی طرف فرار کر رہے ہیں"

طاعت عامہ گناہ خاصہ گان" یہاں پر مسئلہ کیا ہے؟ مسئلہ یہ ہے کہ خدا مسبب الاسباب ہے اور جو مسبب الاسباب ہے ان اسباب سے نکل کر ہم نے فرار کرنا ہے "لقد هربت الیک" میں اسباب میں گم ہو گیا تھا میں اسباب سے نکل کر تیرے طرف فرار کرنا چاہتا ہوں اگر میں اسباب کو چھوڑ کر مسبب الاسباب کی طرف جا رہا ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں صرف دعا کر رہا ہوں میں نے اسباب کو نہیں دیکھنا نہ میں نے احتیاط کرنی ہے نہ کوئی اور کام کرنا ہے نہ میں نے ریسرچ کرنی ہے اس کا مطلب یہ نہیں ہے؟ کہ "اذا لله ان یجری الامور الا باسبابها" خدا تمام امور کو اسباب کے ذریعے ہی چلاتا ہے اس کو کل ہم نے بیان کیا تھا کہ اگر آپ کو کامیابی چاہیے تو یہ صرف اس صورت میں ملے گی کہ آپ محنت کریں۔ اگر آپ کو تعلیم چاہیے وہ یہ صرف آپ کو سکول اور کالج جانے پہ ہی ملے گا اگر آپ کو مال چاہیے تو یہ اس صورت میں ملے گا جب آپ ملازمت یا کاروبار کریں گے" اذی الله ان یجری الامور الا باسبابها فقد هربت الیک" جو مقربین ہیں انہیں ان پر اعتماد نہیں کرنا ہے اعتماد مسبب الاسباب پر کرنا ہے اسباب پر اعتماد نہیں کرنا اسباب کو تلاش کرنا ہے"

ایاک و ثقہ بنفسک فانها من اکبر مثاند الشیطان "خبردار اعتماد بالنفس سے بچو اعتماد بالنفس سیلف کونفیڈینس (confidence) جسے آج کل کی دنیا میں سب سے اہم سمجھا جاتا ہے سیلف کونفیڈینس اس کا جو الگ معنی ہے ہم اس کی بات نہیں کر رہے بلکہ خود لفظ سیلف کونفیڈنس خود پر اعتماد کرنا کی بات کر رہے ہیں۔ نفس پر اعتماد نہ کرو بلکہ اعتماد مسبب الاسباب پر کرو اور خدا پر اعتماد کرتے ہوئے تمام اسباب کو بروئے کار لاو اس کو کہتے ہیں "فقد هربت الیک ووقفت بین یدیک مستکینا لک متضرعا الیک" جن لوگوں نے ابھی جوائن کیا ہے ان کو میں عرض کر دوں کہ ہم مناجات شعبانیہ پڑھ رہے ہیں (آن لائن درس ہو رہا تھا) اور شعبان میں اس مناجات کو زیادہ سے زیادہ پڑھا جانا چاہیے (خصوصا اس سال یعنی کرونا والے ایام)۔ ہمیں یہ بات اب سمجھ میں آجائے گی اس لئے کہ ہمیں پورے وجود سے محسوس ہو رہا ہے کہ ہمیں اس چیز کی ضرورت ہے" ووقفت بین یدیک" اے اللہ میں باقی سب چیزوں سے بھاگ آیا ہوں باقی سب چیزوں میں الجھا ہوا تھا مجھ پتہ ہی نہیں تھا کہاں جا رہا ہوں کیوں جا رہا ہوں اب میں نے ان سب کو ترک کر دیا ہے نہ میں کالج جا رہا ہوں نہ میں آفس جا رہا ہوں نہ میں ریلوے سٹیشن جا رہا ہوں۔۔۔ کہیں بھی نہیں جا رہا ہوں بلکہ " هربت الیک" تیری طرف بھاگ کے آ رہا ہوں تیرے طرف بھاگ کے آنے کے لے مسجد جاتا تھا وہ بھی بند ہو گئی ہے تو فقط مسجد میں تو نہیں ہے بلکہ انسان کے دل میں ہے تو نے توجہ کرنی ہے۔ خدایا میں نے توجہ کر لی میں تیرے پاس آکر کھڑا ہو گیا تیری توجہ چاہیئے کہ تو میرے سوال کا جواب دے مجھے اس کے لئے کیا کرنا ہے "مستکینا

لک متضرعا الیک" کہ مجھے بے چارگی اور تضرع کے ساتھ معبود کے سامنے اگر حاضر ہونا ہے تو اس کا مطلب ہے گریہ و تضرع کے ساتھ کسی معشوق کے دل کو تسخیر کیا جا سکتا ہے وہ انسان جسکے متعلق امیر المومنینؑ فرماتے ہیں "و سلاحہ البکاء "جس کا ہتھیار ہی گریہ ہے "البکاء من خشیۃ اللہ مفتاح الرحمہ" اللہ کے خوف سے گریہ رحمت کی کنجی ہے "و علامۃ القبول" آپ کی دعا قبول ہوئی ہے یا نہیں ہوئی آپ کی آنکھ اشکبار ہوئی ہے یا نہیں ہوئی مگر "و بان الاجابہ" اجابت کا دروازہ گریہ وزاری ہے معشوق کیونکہ مقام ناز میں ہوتا ہے عاشق کو ہمیشہ مقام نیاز میں ہونا ہے اس لئے کہ معشوق بے نیاز ہے اسے نیاز پسند ہے میں معشوق کی درگاہ میں کچھ اور لے کر جا ہی نہیں سکتا کہ میں جو کچھ لے جاوں جو بھی کما لے جاوں جو بھی ہدیہ لے جاوں وہ اس کے پاس ہے بلکہ اسی کا دیا ہوا ہے ہر چیز وہاں ہے وہاں کیا نہیں ہے؟ وہ بے نیاز ہے اس کے پاس نیاز نہیں ہے محتاج نہیں ہے اس بے نیاز کے پاس اپنی نیاز لے کے جاوں گا اپنا درد لے کر جاوں گا اپنی فریاد لے کے جاوں گا۔

"میاں عاشق و معشوق فرق بسیار است ؎ چو یار ناز نمائد شما نیاز کنید"

اللہ کی بارگاہ میں ابھی اپنی نیاز کو اپنی آہ کو اپنی فغاں کو اپنے گریہ کو اپنی خضوع کو لے کے جانا ہے کہ تو بے نیاز ذات ہے تو نے ہمیں سمجھا دیا کہ یہ مملکت یہ سلطنت در حقیقت تیرے ہاتھ میں ہے ہم نے اپنی تدبیر سے اپنے آنے والے پچاس سال بھی پلان کر لیے ہیں ہر چیز ہمارے حساب سے تھی ہر چیز ہمارے کنٹرول میں تھی ہر جہاز کا آنا جانا ہمارے کنٹرول میں تھا ہر کشتی کی حرکت ہماری کنٹرول میں تھا۔ ہم نے ماہ و خورشید اور سب کا حساب لگا کر ہر چیز کا حساب کر لیا تھا ہم نے کلینڈر بھی بنا لیا تھا ہم نے پلان کیا تھا ہم نے سب کچھ کیا تھا تو نے ایک چھوٹے سے وائرس کے ذریعے ہمارا سارا نظام روک دیا ہے تو بے نیاز ہے ہم سمجھ رہے ہیں کہ ہم بے نیاز ہیں ہم نے اپنی تدبیر خود کر لی ہے لیکن ہم اپنی تدبیر خود نہیں کر سکتے" راجیا لما لدیک" ہم خضوع و خشوع کے ساتھ تیری بارگاہ میں آئے ہیں "راجیا لما لدیک ثوابی" ہم تجھ سے امید لگائے ہوئے آئے ہیں اور یہ امید خدا سے ہے۔

دعائے ابو حمزہ ثمالی میں ہے کہ " و اعلم انک للراجی بموضع الاجابۃ" جان لو کہ جو تجھ سے امید رکھے جو خدا سے امید رکھے جو خدا سے حسن ظن رکھے وہ یقینا جواب پاتا ہے "کیف تخیب آمالی و ھی قد وفدت الیک" ایک حدیث پہ میں آج کی گفتگو تمام کرتا ہوں اور اگر آپ کے سوال ہیں تو وہ لے لیں گے "حدیث یہ ہے کہ "ایک شخص کو جہنم کی طرف لے جایا جاتا ہے اور جہنم کے نمائندوں سے کہا جاتا ہے اسے کھینچ کھینچ کر لے جا، اور لات مار کر جہنم میں گرا دو، ابھی وہ کارندہ اسے دھکیلنے والا ہو گا یہ مڑ کر خدا کی طرف دیکھے گا خدا کا حکم ہو گا ٹھہر جاو میرے بندے نے مڑ کے میری طرف دیکھا ہے، کس سے امید؟ اس خدا

سے جو اس انسان کو جس کے پاس کوئی نیکی نہیں ہے جس کو سیدھا جہنم میں جانا ہے جہنم کے دھانے پہ پہنچ کر اپنے فرشتوں کو ندا دے رہا ہے رک جاو میرے عبد نے میری طرف دیکھا ہے اور پھر صدا آئی گی اے میرے بندے تو نے میری طرف کیوں دیکھا؟ بندہ کہے گا میں نے یہ نہیں سوچا تھا میرا تیری نسبت حسن ظن یہ تھا کہ میں جتنی بھی معصیت کر لوں جو بھی کر لوں میرا خدا ارحم الراحمین ہے وہ مجھے بخش دے گا وہ مجھے جہنم میں نہیں ڈالے گا۔ خدا کی طرف سے ندا آئے گی "اے فرشتو اسے جہنم سے نجات دے دو اگر چہ یہ جھوٹ بول رہا ہے اگر یہ مجھ پر حسن ظن رکھتا اگر اس کی امید میری ذات سے ہوتی تو یہ جہنم کے دھانے پر نہ پہنچتا اس نے بھلا جھوٹ کہا ہے کہ اس کی امید مجھے سے ہے اس لئے میں اسے بخش دیتا ہوں ان حالات میں ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہم کیسے خدا کو پکاریں اور وہ ہم تب ہی جان سکتے ہیں جب ہم امیر المومنینؑ کی مناجات کو پڑھیں۔

دوسرا درس

بسم الله الرحمن الرحيم

اللّهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاسْمَعْ دُعائِي إذا دَعَوْتُكَ وَاسْمَعْ نِدائِي إِذا نادَيْتُكَ وَاقْبِلْ عَلَيَّ إِذا ناجَيْتُكَ ، فَقَدْ هَرَبْتُ إِلَيْكَ وَوَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ مُسْتَكِيناً لَكَ مُتَضَرِّعاً إِلَيْكَ راجِياً لِما لَدَيْكَ ثَوابي وَتَعْلَمُ ما فِي نَفْسِي وَتَخْبُرُ حاجَتِي وَتَعْرِفُ ضَمِيرِي، وَلايَخْفى عَلَيْكَ أَمْرُ مُنْقَلَبِي وَمَثْوايَ وَما أُرِيدُ أَنْ أُبْدِيَ بِهِ مِنْ مَنْطِقِي وَأَتَفَوَّهُ بِهِ مِنْ طَلِبَتِي وَأَرْجُوهُ لِعاقِبَتِي ، وَقَدْ جَرَتْ مَقادِيرُكَ عَلَيَّ يا سَيِّدِي فِيما يَكُونُ مِنِّي إِلى آخِرِ عُمرِي مِنْ سَرِيرَتِي وَعَلانِيَّتِي وَبِيَدِكَ لا بِيَدِ غَيْرِكَ زِيادَتِي وَنَقْصِي وَنَفْعِي وَضَرّي.

ترجمہ: خدایا! درود بھیج محمد و آل محمد پر اور جب میں تجھ سے دعا کروں تو میری دعا سن جب میں تجھے پکاروں تو میری پکار کو سن جب میں تجھ سے مناجات کروں تو مجھ پر توجہ فرما کہ تیرے ہاں تیزی سے آیا ہوں میں تیری بار گاہ میں کھڑا ہوں اپنی بے چارگی تجھ پر ظاہر کر رہا ہوں تیرے سامنے نالہ و فریاد کرتا ہوں اپنے اس ثواب کی امید میں جو تیرے ہاں ہے اور تو جانتا ہے جو کچھ میرے دل میں ہے تو میری حاجت سے آگاہ ہے اور تو میرے باطن سے باخبر ہے دنیا اور آخرت میں میری حالت تجھ پر مخفی نہیں اور جو کچھ میں زبان پر لانا چاہتا ہوں اور جو حاجتیں میں بیان کرنا چاہتا ہوں، اور جس چیز کی میں اپنے انجام و عاقبت کے لئے امید رکھتا ہوں، وہ تجھ پر مخفی نہیں ہے؛ اور یقیناً اے میرے سید! مجھ پر تیری تقدیر جاری ہوئی ہے، ان امور کے بارے میں جو آخرِ عمر تک مجھ سے سرزد ہو گا، میرے رازدارانہ اور اعلانیہ اعمال میں سے؛ اور صرف تیرے ہاتھ میں ہے نہ کہ تیرے بغیر کسی اور کے ہاتھ میں، میری بیشیاں اور کمیاں، اور میرا سود و زیاں؛

تشریح:

مناجات شعبانیہ امام علی علیہ السلام کی مناجات ہے۔ دعا اور مناجات میں فرق یہ ہے کہ دعا میں پکارا جاتا ہے جبکہ نزدیک والے سے انسان نجویٰ، سرگوشی اور مناجات کرتا ہے اور یہ وہ مناجات ہیں جو امام علیؑ کی نسبت سے مشہور ہے آپ کے بعد تمام آئمہ علیہم السلام نے اس مناجات کا زمزمہ کیا ہے اور ان مناجات کے ذریعے سے خدا کو پکارا ہے۔

وَتَعْلَمُ ما في نَفْسي:

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں: اے اللہ تو جانتا ہے کہ میرے دل میں کیا ہے۔

وَتَخْبُرُ حاجَتي

اور میرے دل کی حالت اور حاجت سے بھی باخبر ہے اور تو میرے ضمیر کی حالت بھی جانتا ہے۔

وَلا يَخْفى عَلَيْكَ اَمْرُ مُنْقَلَبي وَمَثْوايَ

اس جملہ کی دو طرح کے ترجمے ہوے ہیں تیرا امر پوشیدہ نہیں ہے، نہ میرا آج کا حال پوشیدہ ہے اور نہ میرا کل کا حال پوشیدہ ہے، نہ میری دنیا کا حال پوشیدہ ہے اور نہ میری اخرت کا حال پوشیدہ ہے تو جانتا ہے کہ اس دنیا میں میرے ساتھ کیا ہو گا اور آخرت میں میرے ساتھ کیا ہو گا، یا میں ابھی کیا ہوں اور آئندہ کیا ہوں گا ان سب باتوں کا تجھے علم ہے۔

وَما اُريدُ اَنْ اُبْدِئَ بِهِ مِنْ مَنْطِقي، واَتَفَوَّهُ بِهِ مِنْ طَلِبَتي

اور جو حاجت میری زبان پر آنے والی ہے ابھی تک وہ میری زبان پہ نہیں آئی کہ اسے میری لبوں پہ آنے سے پہلے تو جانتا ہے

وَاَرْجُوهُ لِعاقِبَتي

اور جو میں امیدور جار کھتا ہوں اور میرے دل کی امیدنے وہ شکل ابھی نہیں پائی ہوتی ان تمام باتوں کو تو اس سے پہلے جانتا ہے۔

وَقَدْ جَرَتْ مَقاديرُكَ عَليَّ يا سَيِّدي...

اے میرے رب اے میرے مالک تیری تقدیر مجھ پر نافذ ہے میری آخر عمر تک ان تمام چیزوں کو تو جانتا ہے جو میں پوشیدہ یا اعلانیہ انجام دیتا ہوں، میرے سِر (مخفی باتوں) کو بھی جانتا ہے اور آشکار کرنے والے اعمال کو بھی جانتا ہے۔

وَبِيَدِكَ لا بِيَدِ غَيْرِكَ :

سب کچھ تیرے ہاتھ میں ہے تیرے بغیر کسی کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے نہ میرا نفع کسی کے ہاتھ میں ہے اور نہ میرا نقصان، نہ کوئی مجھے سود (زیادہ) دے سکتا ہے اور نہ کم کر سکتا ہے۔ نہ کوئی صحت دے سکتا ہے نہ کوئی مرض دے سکتا ہے، نہ کوئی ضرر دے سکتا ہے اور نہ فائدہ دے سکتا ہے۔

تقدیر الہی:

اللہ عالم ہے، تمام اسرار بندگان سے آگاہ ہے۔ اس کے بعد تقدیر الہی ہے، تمام امور تقدیر الہی کے مطابق چل رہے ہیں۔

آج ہم تقدیر کے بارے میں گفتگو کریں گے۔ اور تیسری بات تمام نفع نقصان تیرے ہاتھ میں ہے تیرے علاوہ کسی کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ اس ضمن میں ہم نے سب سے پہلے اس جملے کی تلاوت کی ہے (وَتَعْلَمُ ما في نَفْسي،) تو میرے دل سے آگاہ ہے، میری ضرورت سے آگاہ ہے اور ان ضرورتوں کو دعا بن کر لب پر آنے سے پہلے یا اس تمنا کو دل میں آنے سے پہلے ان تمام چیزوں سے باخبر ہے جیسا کہ آیہ مجیدہ ہے:

وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (یونس:61)

"زمین اور آسمان میں موجود تمام ذرات اللہ کے علم میں ہیں اس سے کچھ پوشیدہ نہیں ہے۔"

"فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَ مَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ"

خدا وہ ہے جو خائنۃ الاعین کو جانتا ہے۔ خائنۃ الاعین کیا ہے؟ یعنی وہ وائرس جو آنکھوں سے نظر نہیں آتا ہے خدا اس کو بھی جانتا ہے۔

یہاں خدا کے ہر چیز سے آگاہ ہونے کے بارے میں بات ہو رہی ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں ایک داستان سب کو معلوم ہے، جب آپ کو آتش نمرود میں پھینکا جا رہا تھا تو جبرائیل آئے اور انہوں نے پوچھا، کوئی حاجت ہے؟ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ میرا رب میری حاجت کو جانتا ہے:

حسبي من سؤالي علمه بحالي (البحار:71/155/170.)

کیونکہ وہ عالم ہے اس لئے مجھے سوال کرنے کی ضرورت نہیں۔

اب رہ گیا یہ سوال کہ آیا ہمیں مانگنا چاہیے یا نہیں؟

یہ ایک الگ موضوع ہے ہم یہاں تک یہ بات کر رہے تھے کہ جب امیر المومنینؑ مناجات کر رہے تھے، وہ شخص جو اللہ کے انتہائی قریب اور معرفت والا ہے، اس ہستی کے لئے یہ صحیح ہے کہ (حسبي من سؤالي علمه بحالي)۔ پھر وہ ہستیاں حتی کہ ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہر موقع پر اللہ سے سوال کرتے ہیں، معلم بشریت کی زبان پر ہر وقت یہ جملہ ہوتا ہے (رب زدنی علما) جس ہستی کو دنیا میں سب سے زیادہ علم عطا ہوا پھر بھی ہر وقت یہ ذات سوال کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔ یہ ایک الگ بات ہے کہ ہر چیز کا اللہ سے سوال ہونا چاہیے۔ لیکن خدا وہ ہے جو علمه بحالي ہے یعنی سوال زبان پر لانے سے پہلے اس کے

علم میں ہے، اسی وجہ سے میں دوبارہ اس سے نہیں مانگ رہا۔ یہ دونوں باتیں اپنی اپنی جگہ پر ٹھیک ہے لیکن ان باتوں کو اپنی جگہ رکھ کر سمجھنا ہوگا۔

قضاوقدر

وَقَدْ جَرَتْ مَقاديرُكَ عَليَّ يا سَيِّدي فيما يَكُونُ مِنّي اِلى آخِرِ عُمْري مِنْ سَريرَتي وَ عَلانِيَتي

تیری تقدیر مجھ پر نافذ ہے میری زندگی کے آخر تک تمام معاملات کو تیری تقدیر چلا رہی ہے۔ پس (سوال یہ پیدا ہوتا ہے) اگر سب کچھ تقدیر سے چل رہا ہے، ایک دن اس دنیا نے ختم ہونا ہے، وائرس نے پھیلنا ہے اور خوف میں مبتلا کرنا ہے، پھر میری دعا کا فائدہ ہی کیا ہے؟ میں دعا کیوں کروں؟ آیا قضاو قدر اور تقدیر الٰہی ہے یا نہیں اور اگر ہے تو میرا اس میں کیا کردار ہے؟ آج اس بات کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔

تقدیر الٰہی قضاو قدر کو آپ ایک درخت کی مثال لیجئے، ایسا درخت جس کی شاخیں بہت زیادہ ہیں۔ اور دعا بھی ان شاخوں میں سے ایک ہے۔ خود دعا بھی تقدیر الٰہی ہے۔ پس لوگ جب ان حالات میں مبتلا ہونگے تو احتیاط کریں گے تو اس سے محفوظ رہیں گے۔ اور وہ لوگ جو احتیاط نہیں کریں گے وہ محفوظ نہیں رہیں گے۔ اسی طرح جو دعا کرینگے وہ محفوظ رہیں گے، اور جو دعا نہیں کریں گے وہ محفوظ نہیں رہیں گے (کیونکہ) پہلی بات دعا خود مصداق تقدیر الٰہی ہے۔

دوسری بات کہ دعا، یعنی فلاں شخص کی موت ہونی ہے، فلاں تاریخ کو اس نے مرنا ہے، یہ تقدیر الٰہی ہے۔ (احادیث میں ہے)

"إن الدعاء يرد القضاء، ينقضه كما ينقض السلك وقد ابرم إبراما" (الکافی-ج۲-الصفحۃ۴۶۹)

دعا حتمی قضا کو اٹھا لیتی ہے۔ میری ساری زندگی تقدیر الٰہی پر چل رہی ہے، لیکن وہ مقادیر الٰہی بہت سی شاخیں رکھتی ہے اور ان میں سے اکثر "اگر" ہے اگر احتیاط کروں تو بچ جائے گا اگر احتیاط نہ کروں تو نہیں بچوں گا، اگر سماجی فاصلہ رکھوں تو بچ جاوں گا اگر لوگوں سے ملتا رہوں تو وائرس میں مبتلا ہو جاوں گا۔ اسی طرح اگر تقوی اختیار کروں تو مجھے نجات ملے گی اگر تقوی اختیار نہ کروں تو ہلاک ہو جاوں گا۔ ان تمام "اگر" میں کس کو اختیار کرنا ہے وہ علم الٰہی میں ہے لیکن آپ مجبور نہیں ہیں۔ اگر لکھا ہوا بھی ہو کہ اس نے یہ کام نہیں کرنا، احتیاط نہیں کرنی، تو احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے یہ مر جائے گا، لیکن اگر یہ دعا کرتا ہے، دعا خود کرتا ہے یا والدین یا کوئی مومن وغیرہ تو دعا سے یہ قضاء حتمی بھی تبدیل ہو سکتی ہے۔

خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا (حدیث میں ہے) کہ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب لکھا ہوا ہے تو پھر دوا اور دعا کا کیا فائدہ ہے؟ میں دعا اور دوا کیوں کروں؟ کیونکہ جو ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا۔ اس طرح کی باتیں کچھ علماء کرتے ہیں جبکہ یہ جہالت کی باتیں ہیں۔ وہ لوگ جو کہتے ہیں جو کچھ ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا احتیاط کی ضرورت نہیں ہے، ہم اجتماعات کریں گے۔ جبکہ ایسا نہیں کرنا چاہیے ہمیں احتیاط کرنے کہ ضرورت ہے اور دعا کرنے کی بھی ضرورت ہے اس لئے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود دعا فرمایا، جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ دوا اور دعا کی کیا ضرورت ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ " دعا ہی تقدیر الٰہی ہے " یہاں ایک سوال ہے کہ ایک عالم بالا ہے جہاں تقدیر لکھی جاتی ہے جہاں لوح محفوظ ہے وہاں پر فیصلے ہو رہے ہیں۔ اور دوسرا یہ عالم سفلیٰ جو پست ہے جس میں ہم لوگ موجود ہیں۔ آیا یہ عالم سفلیٰ جو پست ہے یہ اثر گزار ہے اس عالم بالا پر جہاں کوئی فیصلہ ہوا ہے اور یہاں سے اس فیصلے کے خلاف کوئی درخواست، دعا و مناجات کی صورت میں جاتی ہے تو کیا اس درخواست کی بنا پر فیصلہ تبدیل کیا جاسکتا ہے؟ یعنی آیا انسان کا ارادہ اس کی خواہش و تمنا اس عالم میں تبدیلی لاسکتی ہے یا نہیں؟ یہاں آپ قضا و قدر سمجھ جائیں گے۔

بداء

قضا و قدر کے ساتھ بداء بھی ہے۔ بداء کے بارے میں بہت سارے لوگوں نے پڑھے بغیر بہت کچھ بولا ہے۔

تقدیر یعنی قضا و قدر جو اللہ نے لکھ دیا ہے وہ حتمی بھی کیوں نہ ہو دعا تبدیل کر سکتی ہے۔ اور اگر ایک چیز کا فیصلہ ہو گیا ہے کہ مثلاً فلاں شخص کو فلاں دن موت آنی ہے اس کے بعد دعا کے ذریعے اس کی موت ٹل جائے تو اسے بداء کہتے ہیں۔

آیا بداء ممکن ہے؟

جیسا کہ نسخ ہے کہ ایک حکم آنے کے کچھ عرصہ بعد وہ حکم منسوخ ہو گیا اس کہ جگہ نیا حکم آگیا، یہ قرآن، امور تشریعی اور احکام میں ہو سکتا ہے۔ اسی طرح تکوینیات میں (زندگی اور موت، صحت اور بیماری وغیرہ میں) جب خدا نے لکھ دیا ہے کہ یہ مریض ہو گا اور ایک سال مریض رہے گا پھر یہ دعا کرے اس دعا کی وجہ سے مریض شفایاب ہو جائے گا، اس طرح سے میری چاہت اور تمنا اس چیز کو تبدیل کر سکتی ہے۔ تو کیا بداء ممکن ہے؟

اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے۔

يَمۡحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثۡبِتُ ۚۖ وَ عِنۡدَہٗۤ اُمُّ الۡکِتٰبِ (سورہ رعد:39)

اللہ جسے چاہتاہے مٹادیتاہے اور جسے چاہتاہے قائم رکھتاہے اور اسی کے پاس ام الکتاب ہے۔

(یعنی) ام الکتاب میں لکھ دیاہے، لکھنے اور حتمی کرنے کے بعد بھی خدا جسے چاہے مٹا سکتاہے اور جسے چاہے بر قرار رکھے۔

خدا کیسے چاہے گا اور کیسے نہیں چاہے گا؟

یہ آپ کی دعا کے مطابق ہو گا یعنی آپ کی دعا کے مطابق خدا ارادے میں تبدیلی کرتاہے، تقدیر، قضاو قدر میں تبدیلی کرتاہے۔ اسی لئے سید الشھدا امام حسین علیہ السلام دعا عرفہ میں فرماتے ہیں:

"إلـهِي إنَّ اخْتِلافَ تَدْبِيرِكَ، وَ سُرْعَةَ طَواءِ مَقادِيرِكَ"

اے اللہ جب عارفین تیری تدبیر میں اختلاف، تقدیر میں دگرگونی کو دیکھتے ہیں کہ تیری تقدیر ایک انسان کے تڑپنے، مضطر ہونے اور دعا و مناجات کرنے سے تبدیل ہوتی ہے تقدیر بدل جاتی ہے تو پھر تو عارف سکوت میں آجاتا ہے کہ ساری کائنات کا مدبر تو ہے تقدیر لکھنے والا تو ہے، لیکن تقدیر ساز فیصلے انسان کے ارادے اور عمل کے حوالے کر دیاہے۔ انسان کو ناامیدی نہیں رہتی۔ سب سے بڑی ناامیدی کیاہے کہ خدا نے جو لکھ دیاہے بس وہی ہوناہے ایسا نہیں ہے۔ اگر تو چاہتاہے تو وہی ہو گا جو تو چاہتاہے۔ وہ ہو گا جو میں چاہوں گا اور یہ مشیت الٰہی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ میری چاہت اللہ کی مشیت پر بھاری آجائے گی، جیسا کہ امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: کہ علم دو طرح کے ہیں:

ایک علم غیب ہے جو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور اسی میں سے بداء ہے۔ اس بات کو کوئی نہیں جانتا کہ جو فیصلے ہو گئے ہیں وہ کس کی التماس، دعاو مناجات پر گریہ وزاری پر کب تبدیل ہونگے، خدا کس کو مہلت دے گا کس کو نہیں دے گا یہ سب علم غیب ہے جسے کوئی نہیں جانتا۔

علم کا دوسرا حصہ: جو خدا نے ملائکہ، رسولوں، اور انبیاء کو عطا کیاہے۔

پس کائنات میں دو قسم کے فیصلے ہیں ایک وہ جو ناقابل تغیر ہیں اور کچھ فیصلے ایسے ہیں جس میں تغیر اور تبدیلی ممکن ہیں۔ جس میں تغیر ممکن نہیں ہے وہ یہ ہے:

"وَ لَنۡ تَجِدَ لِسُنَّۃِ اللّٰہِ تَبۡدِیۡلًا" (احزاب:٦٢)

دستور الہی میں کوئی تبدیل نہیں کرسکتا، دوسرا وہ فیصلے کہ جس میں تبدیلی ممکن ہے ۔ یہاں پر ہوسکتا ہے کہ کچھ لوگوں کے لئے مشکل پیش آئے۔ مگر اس آیہ کریمہ کو سب مانتے ہیں:

إِنَّ اللَّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ سُوءًا فَلاَ مَرَدَّ لَهُ (رعد:11)

خدااس قوم کی تقدیر کو نہیں بدلتا جسے اپنی تقدیر بدلنے کا خیال نہ ہو۔ یعنی میں نے اپنی تقدیر کو بدلنا ہے تو میں بدل سکتا ہوں، اس کے لئے مجھے ارادہ کرنا ہوگا، خود ہمت کرنی ہوگی، عمل کرنا ہوگا۔ جب یہ سب کریں گے تو خدا تقدیر بدل دے گا۔ پس اگر خود عمل کریں، محنت کریں تو تغیر ہوگا اگر نہیں کریں گے تو نہیں ہوگا۔

مکتب اہلبیت بداء کا قائل ہے، مکتب اہل بیت نے بداء کا تعارف کرایا ہے۔ باقی لوگ بداء کا قائل نہیں ہیں، بداء کو سمجھا ہی نہیں ہے، اور بغیر سمجھے انکار کیا ہے۔ یہ احسان عظیم اہل بیت علیہم السلام نے ہم پر کیا ہے کہ انہوں نے بداء سمجھائے ہیں، بدا سمجھنے کا مطلب یہی ہے کہ انسان مایوس نہیں ہوسکتا۔ آج کل اس طرح کی باتیں کی جارہی ہیں کہ اس وباء سے لوگ مرجائیں گے، انسانی زندگی رک جائے گی وغیرہ وغیرہ۔۔ اور یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ جو بداء کا قائل ہوگا وہی دعا کرے گا وہ کبھی بھی اور کسی بھی مرحلے میں مایوس نہیں ہوگا کیونکہ اس کو یقین ہے کہ اللہ کسی بھی مرحلے میں فیصلہ تبدیل کرسکتا ہے، کسی کو موت کے دہانے سے بھی واپس لاسکتا ہے ۔ خدا قادر مطلق ہے، اس کا اختیار تمام چیزوں پر ہے۔ دعا ہمارے خیالات میں آنے سے پہلے اس کے علم میں ہوتی ہے اس میں کسی کو اختلاف نہیں۔ جیسا کہ صحیح ترمذی میں ہے: کہ قضا کو دعا ہی رد کرسکتی ہے اور نیکی کے بغیر کوئی بھی چیز عمر کو تبدیل نہیں کرسکتی۔

لا يرد القضاء إلا الدعاء، ولا يزيد في العمر إلا البر وإن الرجل ليحرم الرزق بخطيئة يعملها

(سنن ترمذي، باب مَا جَاءَ لاَ يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلاَّ الدُّعَاءُ، حدیث نمبر2139 :)

دعا کے سوا کوئی چیز تقدیر کو نہیں ٹالتی اور نیکی کے سوا کوئی چیز عمر میں اضافہ نہیں کرتی اگر کسی رزق سے کوئی محروم ہوجائے تو اپنے عمل کی وجہ محروم ہوتا ہے۔

اسی کا نام بداء ہے۔ یعنی نیکی ہی عمر کو بڑھا سکتی ہے۔ پس موجودہ حالات میں اگر آپ نے اپنی عمر کو بڑھانا ہے تو پھر نیکی کرنی ہوگی، صدقہ وخیرات دینے ہونگے غریبوں کا خیال رکھنا ہوگا۔

یہاں جب ہم کہتے ہیں کہ خدا کو بداء ہوا ہے تو خدا کا فیصلہ کرنا کچھ اور ہے اور ہمارا فیصلہ کرنا کچھ اور ہے ہمیں اس کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح خدا کا علم ہونا کچھ اور ہے اور ہمارا عالم ہونا کچھ اور ہے یعنی تمام امور میں خدا عالم ہے۔ اور خدا کا فیصلہ ہمارے فیصلے سے مختلف ہے۔

کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ جس طرح ہمارے فیصلے تبدیل ہوتے بلکل اسی طرح خدا کے فیصلے بھی تبدیل ہوتے ہیں جبکہ ایسا ہر گز نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالی کو تبدیلی کا علم شروع سے ہوتا ہے۔ جبکہ ہمیں تبدیلی کا علم نہیں ہوتا۔

تیسرا درس

بسم الله الرحمن الرحیم

"وَقَدْ جَرَتْ مَقادِيرُكَ عَلَيَّ يا سَيِّدِي فِيما يَكُونُ مِنِّي إِلى آخِرِ عُمرِي مِنْ سَرِيرَتِي وَعَلانِيَّتِي وَبِيَدِكَ لا بِيَدِ غَيْرِكَ زِيادَتِي وَنَقْصِي وَنَفْعِي وَضَرِّي۔"

مناجات شعبانیہ کے کلمات جو صرف مولا علی علیہ السلام کی زبان اقدس پر جاری ہو سکتے ہیں۔ اور یہ معرفت کا وہ خزانہ ہے جو ہر ماہ، ہر حال میں ضروری ہے۔ لیکن یہ مناجات خاص شعبان کے لئے بیان ہوئی ہے۔ خاص کر حالیہ سالوں میں اس مناجات کی زیادہ تلاوت ہونی چاہیے کیونکہ جب ہم اللہ سے متصل ہو جائیں گے اس طاقت سے ہمارا رابطہ ہو جائے گا تو ہماری ساری پریشانیاں ختم ہو سکتی ہیں۔

جرت مقادیرك علي---اے اللہ تیری قدرت مجھ پر نافذ ہے،

ہم نے اس حدیث مبارکہ کی روشنی میں قضاو قدر اور بداء کو بھی سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ ان موضوعات کو زیادہ سے زیادہ ہمیں سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اور اس کو سمجھنے کے لئے در اہل بیت علیہم السلام پر جانا ہو گا۔ تمام اہل بیت علیہم السلام میں سے سب سے بڑا در امیر المومنین علیہ السلام کا ہے۔ جس کی زبان مبارک سے یہ مناجات جاری ہوئی ہیں جس کے بعد تمام معصومین علیہم السلام نے ہر شعبان میں اس مناجات کا زم زمہ کیا ہے۔ اور ہم نے بیان کیا کہ ہماری خواہش اور حاجت اس عالم میں موجود تقدیر کو تبدیل کر سکتی ہے، یعنی ہماری دعائیں ہماری تقدیر کو بدل سکتی ہیں۔ کیونکہ ہم نے سابقہ درس میں ذکر کیا تھا کہ اللہ کے کچھ اٹل اور حتمی فیصلے ہیں جن کو ہماری دعا ختم کر سکتی ہے۔ آپ کی دعا رحم کی اپیل کرتی ہے اور قادر مطلق جس کا ہاتھ کھلا ہے اس سے درخواست کرتی ہے۔ دعا اس رب اکبر کے سامنے اپنی عاجزی اور ناتوانی کا اقرار ہے۔ اس عاجزی، درخواست اور التجا کرنے کا نام مناجات ہے۔ جس کے بعد جو کچھ فیصلے ہو چکے ہوں ان میں تبدیلی کو بداء کہتے ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

" لکل امر یردہ اللہ فھو فی علمہ قبل ان یصنعہ"

ہر وہ چیز جس کا اللہ ارادہ کرتا ہے اس کے انجام پانے سے پہلے اللہ کو علم ہوتا ہے۔ یعنی آفت، حادثہ وغیرہ آنے سے پہلے اللہ کو علم ہوتا ہے۔

" ولیس شی یبدو له الا لقد کان فی علمه-----"

کوئی بداء بھی نہیں ہوتا مگر یہ کہ وہ بداء اللہ کے علم میں ہوتا ہے۔

ان الله لا یبدو له جهل----

ہمارا بداء یہ ہوتا کہ ہم پہلے کسی چیز کو نہیں جانتے پھر جب علم ہوتا ہے تو ہمارا فیصلہ تبدیل ہوتا ہے۔ اللہ شروع سے ہی جانتا ہے کہ یہ فیصلہ کب تبدیل ہونا ہے اسے ہم بداء کہتے ہیں۔

"ما بداء لله فی شی الا ماکان فی علمه قبل ان یبدوا له"

علماء کو ان احادیث سے بداء کو سمجھنے کی ضرورت ہے اگر ہم نہیں سمجھیں گے تو کب سمجھیں گے۔ بداء کو صحیح طریقے سے نہ سمجھنے کی وجہ سے مایوسیاں بڑھ جاتی ہیں۔ بداء کو سمجھنے سے ہر قسم کی مایوسیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ ہم اس خدا سے مانگ رہے ہیں جو،

"يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ ۚ-وَ عِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ" (رعد:39)

اس ام الکتاب میں جو کچھ اس کے پاس لکھا ہوا ہے اس میں وہ جو چاہے لکھ دیتا ہے اور جو چاہے مٹا دیتا ہے۔ اس کے مقابلے میں یہود کا عقیدہ ہے۔ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ خدا جو فیصلہ کرتا ہے اس میں دوبارہ تبدیلی نہیں ہو سکتی حتی کہ خدا بھی تبدیل نہیں کر سکتا، یہودی کہتے ہیں کہ اللہ کا ہاتھ باندھا ہوئے ہیں:

وَ قَالَتِ الْیَهُوْدُ یَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌؕ-غُلَّتْ اَیْدِیْهِمْ وَ لُعِنُوْا بِمَا قَالُوْاۘ-بَلْ یَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِۙ-یُنْفِقُ كَیْفَ یَشَآءُؕ (مائدہ:46)

اب اس سے نہ مانگو کیونکہ یہ فیصلہ تبدیل نہیں ہو سکتا۔ اس کے جواب میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

"غُلَّتْ اَیْدِیْهِمْ وَ لُعِنُوْا بِمَا قَالُوْ"

لعنت ہو ایسے لوگوں پر بلکہ اللہ کا ہاتھ کھلے ہوئے ہیں "یُنْفِقُ كَیْفَ یَشَآءُ"

وہ جب، جیسے اور جسے چاہے عطا کر سکتا ہے، وہ کریم ہے جس طرح چاہے عطا کرے حتی کہ موت آپ کے سر پر ہو تو دعا کرنے سے ٹل سکتی ہے۔

پس در حقیقت عقیدہ بداء وہ واحد عقیدہ ہے جس کے ذریعے انسان ایک پر امید زندگی گزار سکتا ہے۔

" ما عبدالله بشی مثل البداء "

"اللہ کی عبادت جس طرح بداء سے ممکن ہے کسی اور چیز سے ممکن نہیں ہے۔"

کیا بداء صرف فقہ جعفریہ میں ہے؟

نہیں یہ صحاح میں بھی ہے، جیسا کہ صحیح بخاری کی روایت ہے--

سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: "إِنَّ ثَلاَثَةً فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ: أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمَى، بَدَا لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَبْتَلِيَهُمْ،

بنی اسرائیل کے تین لوگ ایک ابرص، ایک اقرع اور ایک نابینا تھا اللہ کو بداء حاصل ہوا، پہلے ان کو آزمائش میں نہیں ڈالنا چاہتا تھا پھر ان کو آزمائش میں ڈالا۔ آزمائش میں ڈالنے کے لئے اللہ نے اپنا فیصلہ تبدیل کیا، پھر اللہ نے انکے پاس ملک کو بھیجا۔

اسے سمجھنے کے لئے خاص کر موجودہ حالات کے تناظر میں سورہ رعد کی اس آیت کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: له مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ---(رعد:11)

ہر شخص کے لئے ان کے آگے پیچھے پہرہ دار فرشتے ہیں یہ ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ ہر شخص کی حفاظت کے لئے فرشتے موجود ہیں۔ اگر آپ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں جس نے آپ کی حفاظت کے لئے فرشتے موکل کر رکھے ہیں آپ کو کسی بھی طرف سے کوئی بھی نقصان نہیں آسکتا اس لئے کہ وہ فرشتے جو آپ کے محافظ ہیں اللہ نے انہیں تمہاری حفاظت پر مامور کر رکھا ہے۔ اگر ہم نے اپنے اعمال کیوجہ سے ان فرشتوں کو خود سے دور بھگا دیئے ہیں اور خطرے کو اپنے ہاتھوں سے خرید لئے ہیں تو اس صورت میں بھی ہم یہ کام کر سکتے ہیں کہ دوبارہ پلٹ کر خدا کی طرف آجائیں۔

بداء یعنی تقدیر الٰہی چاہے عذاب ہو یا آزمائش، رحمت ہو یا مشکلات، کسی بھی وقت ٹل سکتی ہے لیکن اس کے لئے ہمیں دعا کرنے کی ضرورت ہے، مناجات کرنے ہونگے۔ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے:

إِنَّ اللَّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ (رعد:11)

اگر انسان خود کو تبدیل کرنے کی کوشش کرے، عمل، دعا، مناجات کے ذریعے سعی کرے تو خدا ان کی تقدیر بدل دیتا ہے۔ بدلنے والا خدا ہے اور اس وقت بدلتا ہے جب آپ اپنی تقدیر کو خود بدلو گے۔ جب آپ اپنی تقدیر کو نہیں بدلیں گے تو خدا آپ کی تقدیر کو نہیں بدلے گا۔

پس تمام طاقت اور فیصلے اللہ کے پاس ہیں لیکن اللہ نے یہ طاقت آپ کو دے رکھی ہے کہ اگر ہم چاہیں تو تقدیر الٰہی کو تبدیل کر سکتے ہیں اور تقدیر بدلنے کے اپنے اپنے راستے ہیں۔

"وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ سُوءًا فَلاَ مَرَدَّ لَهُ "

اگر اللہ کسی قوم کے ساتھ برا کرنے کا ارادہ کرے تو پھر اسے کوئی تبدیل نہیں کر سکتا اگرچہ وہ سپر پاور ہی کیوں نہ ہو۔

اور اللہ کے علاوہ کوئی بھی آپ کا مددگار نہیں ہو سکتا اور اللہ کی طرف رجوع سے ہی حالات تبدیل ہو سکتے ہیں۔

انا علينا حافظين --اللہ نے تمہاری حفاظت کے لئے فرشتے مقرر کیے ہیں، تمہیں گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں لیکن تمہارے لئے قوانین الٰہی پر عمل کرنا ہو گا۔ وائرس سے بچنے کے لئے لاک ڈاون اور دیگر حفاظتی تدابیر پر عمل کرنا ہو گا تو پھر خدا تمہاری تقدیر بدل دے گا۔ یہ اصلاح احوال ہے کہ جس میں آپ کو اللہ تعالی کی نعمتوں کی فراوانی ہو گی اور دوسرا فساد ہے جس میں ہم اپنی حالت کو بدترین صورت کی طرف لے جائیں گے اور گمراہی و ذلالت میں ڈال دیں گے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ قرآنی آیات کی روشنی میں انسانی زندگی میں تغیر پزیری، یعنی سب کچھ خدا کے ہاتھ میں ہے اور آپ کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے پھر اس ذات کی مشیت ہے کہ اگر تم نے بدلنا ہے تو تمہیں خود بدلنا ہو گا۔

اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

" ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

(انفال:53)

اگر اللہ نے کوئی نعمت، صحت، مال و دولت وغیرہ کی صورت میں دے رکھی ہے تو اللہ ان نعمتوں کو تبدیل نہیں کرتا جب تک تم اپنے ہاتھوں سے تبدیل نہ کرو۔ جس طرح کرونا وائرس تب تک گھر نہیں آئے گا جب تک آپ خود ہاتھوں میں لیکر گھر نہیں آئیں گے۔

پس ہمیں اس وائرس سے بچنے کے لئے حفاظتی تدابیر پر عمل کرنا ہو گا اور ساتھ ساتھ اللہ کے حضور توبہ و استغفار بھی کرنی ہو گی تا کہ اس قسم کی عذاب سے جلد نجات مل سکے۔

پس اللہ تعالی کسی بھی قوم کو جو نعمت عطا کرتا ہے وہ اس سے واپس نہیں لیتا جب تک وہ خود اس میں تغیر نہ کرے یا اس کو ضائع نہ کرے جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے؛

وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِن شَكَرْتُمْ لأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِن كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ (ابراہیم:7)

کہ اگر تم شکر کرو گے تو نعمت تمہارے پاس ہے اس میں مزید اضافہ ہو گا۔ نعمت میں اضافہ کا سبب تمہارا شکر بنے گا۔ اگر تم کفران نعمت کرو گے تو اللہ کا عذاب بھی سخت ہو گا۔ اسی طرح اللہ تعالی فرماتا ہے:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ (سورہ محمد:7)

اے ایمان والو! اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو اللہ تمہاری مدد کرے گا۔ اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا۔

اسی طرح اللہ تعالی فرماتا ہے:

وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (سورہ طلاق:02)

جو تقوی الٰہی اختیار کرے گا تو اسے مخرج (نجات کا راستہ) ملے گا۔

وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

اور اسے وہاں سے رزق ملے گا جس کا وہ تصور نہیں کر سکتا۔۔ اللہ تعالی فرماتا ہے۔

"يائُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اسْتَجِيبُواْ لِلّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُم لِمَا يُحْيِيكُمْ ''

اگر تم تقوی الٰہی اختیار کرو تو تمہیں فرقان ملے گا۔ ہمیں پتا نہیں کہ ہمارا نقصان کہاں ہے، ہدایت کہاں ہے، ذلالت کہاں ہے اور کس کی ہدایت پر عمل کروں یہ فرقان آپ کو تب ملے گا جب آپ تقوی الٰہی اختیار کرو گے۔

ارشاد ربانی ہے:

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَى آمَنُواْ وَاتَّقَواْ لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاء وَالأَرْضِ" (اعراف:96)

اے اہل قریہ !اگر تقوی اختیار کرو تو آسمان اور زمین سے برکات کا نزول شروع ہو جاتا ہے۔ لہذا یہ شعبان کا مہینہ ہے ہم سب کو برکات الہی کی ضرورت ہے۔ جس کا بہترین وسیلہ تقوی الہی ہے۔

وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم (مائدہ :66)

اگر یہ تورات اور انجیل پر عمل کرتے تو آسمان اور زمین سے ان کے لئے رزق نازل ہوتا انہیں پھر کسی چیز کی ضرورت نہ رہتی۔

یہاں سوال یہ ہے کہ جب اللہ انسان کو صحت کی صورت میں جو نعمت میں دی ہے، یہ انسان سے کیوں چھنتی ہے؟

اس کے جواب میں ارشاد خداوندی ہے کہ "وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْكُمْ خَاصَّةً"

اس فتنے سے ڈرو جس کی لپیٹ میں صرف ظلم کرنے والے نہیں آئیں گے بلکہ سب اس کے لپیٹ میں آئیں گے کیونکہ جب ظلم ہو رہا تھا تو باقی لوگ خاموش رہے انہوں نے ظلم کو نہیں روکا۔ اس ظلم کی وجہ سے عذاب الہی میں سب مبتلا ہوگئے۔ جس طرح یمن کے بچے بھوک سے بلکتے رہے اور پوری دنیا اس پر خاموش رہی تو اس ظلم کے نتیجہ میں عذاب الہی جب نازل ہو گا تو اس کی لپیٹ میں سب آئیں گے۔ اسی طرح فلسطین اور کشمیر میں ظلم ہو رہا ہے اور دنیا خاموش ہے۔ نتیجہ سب کو بگتنا پڑے گا۔

اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:"وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِن قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوا (یونس:13)

ہم نے پورے قریے کو ختم کر دیا اس لئے کہ وہ ظلم کرتے تھے۔ ظلم کے نتیجہ میں تباہی آئی ہے۔ خدا اپنے نعمتوں کو اس وقت تک تبدیل نہیں کرتا جب تک وہ خود اس میں تبدیلی نہ کریں۔

وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ (یونس:27)

جب برائی تمہارے گریباں گیر ہوئی ہے یہ اس وجہ سے ہوئی ہے کہ تم نے اس قسم کی برائیاں کی ہیں۔

"وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ"

ظلم کے فورا بعد ذلت نہیں ملتی جس طرح لوگ سوچتے ہیں۔ جب آپ کوئی بھی اچھا کام کریں گے تو اس کے نتیجے میں جزاء فورا ملے گی ۔لیکن جب آپ ظلم کریں گے تو فورا اس کی سزا نہیں ملے گی جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِم مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِن دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى (نحل:16)

اگر ظلم کی وجہ سے فوراخدا کی پکڑ آجاتی تو زمین پر کوئی بھی جاندار نظر نہ آتا۔

پس یہ جو تم پریشان ہو یہ تمہاری اپنی برائیوں کی وجہ سے ہے اور یہ اس ظلم کے بدلے میں نہیں ہے کیونکہ اس ظلم کے بدلے میں اگر برابر تمہیں سزا مل جائے تو تمہارے نام ونشان ہی مٹ جائے گا۔ پس ساری قوت وطاقت اللہ کے ہاتھ میں ہے اور اللہ ہی جانتا ہے جو تمہارا عمل ہے۔

بیدک لا بید غیرک.......

اے اللہ سب کچھ تیرے ہاتھ میں ہے تیرے علاوہ کسی اور کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے:

مَآ اَصَابَ مِنۡ مُّصِيۡبَةٍ فِى الۡاَرۡضِ وَ لَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ نَّبۡرَاَهَا (تغابن:11)

جو کچھ بھی مصیبت آپ پر آتی ہے یہ پہلے لکھی گئی ہے۔ اور یہ سب اللہ کے اذن سے ہوتا ہے۔

خدا کی طرف سے یہ مصیبت باضرر کیوں ہے؟ کیونکہ خدا کے مصالح سے ہم بے خبر ہیں ہمیں معلوم نہیں کہ کیا مصلحت ہے۔ درحقیقت یہ خالق کی عبادت اور بندگی سے دوری کا نتیجہ ہے۔ جس طرح کروناوائرس کے بارے میں ہم لاعلم ہیں اس کے علاج کے بارے میں ابھی تک ہم سب لاعلم ہیں، تو پھر ہمیں غیب کی چیزوں کا علم کیسے آسکتا ہے۔ پس ان مصلحتوں کا علم صرف اللہ کے پاس ہے۔

چوتھا درس

بسم الله الرحمن الرحيم

اِلـهي اِنْ حَرَمْتَني فَمَنْ ذَا الَّذي يَرْزُقُني، وَاِنْ خَذَلْتَني فَمَنْ ذَا الَّذي يَنْصُرُني. اِلـهي اَعُوذُ بِكَ مِنَ غَضَبِكَ وَحُلُولِ سَخَطِكَ.

اِلـهي اِنْ كُنْتُ غَيْرَ مُسْتاْهِلٍ لِرَحْمَتِكَ فَاَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَجُودَ عَلَيَّ بِفَضْلِ سَعَتِكَ. اِلـهي كَأَنّي بِنَفْسي واقِفَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَقَدْ اَظَلَّها حُسْنُ تَوَكُّلي عَلَيْكَ، فَقُلْتَ ما اَنْتَ اَهْلُهُ وَتَغَمَّدْتَني بِعَفْوِكَ. اِلـهي اِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ اَوْلى مِنْكَ بِذلِكَ، وَاِنْ كانَ قَدْ دَنا اَجَلي وَلَمْ يُدْنِني مِنْكَ عَمَلي فَقَدْ جَعَلْتُ الاِقْرارَ بِالذَّنْبِ اِلَيْكَ وَسيلَتي.

ترجمہ: خدایا! اگر تو مجھے محروم کردے تو کون ہے جو مجھے رزق دے گا؟ اگر تو نے مجھے اکیلا چھوڑا تو کون ہے جو میری مدد کرے گا؟ اے میرے معبود! میں تیرے غضب سے، اور تیری ناخوشنودی و ناراضگی اتر آنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں،، اے میرے معبود! اگر میں تیری رحمت کی اہلیت نہیں رکھتا تو تو اہل ہے کہ اپنی زائد فراوانی سے مجھ پر عنایت فرمائے؛ اے میرے معبود! گویا میں اپنے تمام تر وجود کو لے کر تیرے سامنے آکھڑا ہوا ہوں؛ جبکہ تیری ذات پر توکل کا سایہ مجھ پر چھایا ہوا ہے، کیونکہ تو نے فرمایا ہے وہی جس کا تو ہی اہل ہے، اور تو نے مجھے دامن عفو میں پناہ دی ہے۔

تشریح: مناجات شعبانیہ میں ہم کلمات امام کا سہارا لیتے ہوئے مناجات کا سلیقہ سیکھ رہے ہیں۔ یہ امام علی علیہ السلام نے اپنی زبان سے جاری کیا اور تمام ائمہ علیہم السلام نے اس کو زم زمہ کیا ہے۔ ہمیں اس کو سمجھ کے پڑھنا چاہیے۔

اِلـهي اِنْ حَرَمْتَني فَمَنْ ذَا الَّذي يَرْزُقُني

اے اللہ اگر تو مجھے محروم کردے تو کہیں اور سے کچھ نہیں ملتا۔ مولائے کائنات علی علیہ السلام نے ہمیں خدا سے اتنا نزدیک کردیا کہ فرمایا: اے خدا، اے میرے رب، دعا کا یہ جملہ خدا کے قریب کردیتا ہے۔ مناجات کے ان تین جملوں کا حاصل یہ ہے کہ روزی اللہ کے ہاتھ میں ہے، رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے اور عزت بھی اسی کے ہاتھ میں ہے۔

اے خدا اگر تو مجھے محروم کردے تو کون ہے جو مجھے معنوی رزق دے آج کے دور میں انسان کہاں پہنچ سکتا ہے؟

قُلۡ مَنۡ یَّرۡزُقُکُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ اَمَّنۡ یَّمۡلِکُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَ مَنۡ یُّخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَ یُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ الۡحَیِّ وَ مَنۡ یُّدَبِّرُ الۡاَمۡرَ ؕ فَسَیَقُوۡلُوۡنَ اللّٰہُ ۚ فَقُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ (یونس:31)

کہدیجئے: تمہیں آسمان اور زمین سے رزق کون دیتا ہے؟ سماعت اور بصارت کا مالک کون ہے؟ اور کون ہے جو بے جان سے جاندار کو پیدا کرتا ہے اور جاندار سے بے جان کو پیدا کرتا ہے؟ اور کون امور (عالم) کی تدبیر کر رہا ہے؟ پس وہ کہیں گے: اللہ، پس کہدیجئے: تو پھر تم (محرمات سے) بچتے کیوں نہیں ہو؟

بتاو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق کون دیتا ہے؟

اَمَّنۡ یَّمۡلِکُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ سماعت اور بصارت کا مالک کون ہے؟

اِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّۃِ الۡمَتِیۡنُ (الزاریات:58)

یقینا اللہ ہی بڑا رزق دینے والا، بڑی پائیدار طاقت والا ہے۔

اِنْ حَرَمْتَني فَمَنْ ذَا الَّذي يَرْزُقُني : اگر تو مجھے محروم کردے تو کون ہے جو مجھے رزق دے؟

پس ان حالات میں اللہ کو پکارو۔

تاریخ میں عباسی سلطنت بہت بڑی تھی معتصم باللہ عباسی حکمرانوں میں سے تھا اس نے دو سال حکومت کی لیکن اس کو لوٹ لیا جاتا ہے پھر اس کا بھائی اس تخت پر بیٹھتا ہے اور یہ بیچارا بھکاری بن جاتا ہے۔ یہ مساجد میں جا کر اعلان کرتا تھا کہ میں کل تمہارا حکمران تھا آج آپ لوگوں کی مدد درکار ہے۔

قُلِ اللّٰہُمَّ مٰلِکَ الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ وَ تَنۡزِعُ الۡمُلۡکَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَ تُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ (العمران:26)

کہدیجئے: اے اللہ! (اے) مملکت (ہستی) کے مالک تو جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے تو جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے جسے چاہے ذلیل کر دیتا ہے بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

یعنی جسے جو چاہیے سب اللہ کے ہاتھ میں ہے صرف خدا تمہاری مدد کرے گا، دنیا میں فیاضی صرف خدا کر رہا ہے۔

عباسی خلیفہ کی بیگم ایک دن بازار سے جا رہی تھی کہ کسی بھکاری نے کہا کہ اللہ کے فضل سے مدد کر دو، اس نے کہا جو ملکہ کے فضل سے مانگے اسے مرغی دے دو تا کہ وہ مالدار ہو سکے۔ جس نے اللہ کے فضل سے مانگا ہے اسے درہم دے دو اس خیال سے کہ یہ فقیر اس درہم سے کھانا خرید کے کھائے گا اور مالدار نہیں ہو سکے گا۔ لیکن اس نے دو ماہ بعد اسے دیکھا تو معاملہ بلکل مختلف تھا۔ پس ملکہ کے فضل سے مانگنے والے شخص نے مرغی دوسرے شخص کو درہم کے عوض بیچ دی تھی۔ اس طرح سے یہ بندہ جس نے اللہ کے فضل سے مانگا تھا تاجر بن گیا کیونکہ اس مرغی کے پیٹ میں جواہر تھے جو اس بندے کو ملے۔

وَ مَكَرُوۡا وَ مَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَيۡرُ الۡمٰكِرِيۡنَ (آل عمران:54)

اور ان لوگوں نے تدابیر سوچیں اور اللہ نے (بھی جوابی) تدبیر فرمائی اور اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے۔

"اللھم اعوذ بک من عزتک وحلول سخطک"

لفظ الٰہی کی تعبیر بہت خوبصورت ہے، الٰہی یعنی اے میرے معبود! میں تیری پناہ میں آیا ہوں میں تیری طرف آرہا ہوں۔

یہاں ہم یہ بھی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ اللہ کا غضب کیا ہے؟ کیا اللہ کا غضب ہماری طرح کا ہے؟

جب امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ غضب الٰہی کیا ہے؟ تو امام علیہ السلام نے جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ غضب درحقیقت عقاب اور عذاب الٰہی ہے۔ اور خدا کی ذات ہماری صفات سے پاک ہے۔ یعنی اللہ کا غضب ہمارے غضب کی طرح نہیں ہے کہ جس طرح لوگ سوچتے ہیں۔

امام حسین علیہ السلام دعائے عرفہ میں فرماتے ہیں:

"اِلٰهی فَلا تُحْلِلْ عَلَیَّ غَضَبَکَ فَاِنْ لَمْ تَکُنْ غَضِبْتَ عَلَیَّ فَلا اُبالی سُبْحانَکَ غَیْرَ اَنَّ عافِیَتَکَ اَوْسَعُ لی۔"

اے میرے معبود! مجھ پر اپنا غضب نازل نہ فرما پس اگر تو ناراض نہ ہو تو پھر مجھے تیرے سوا کسی کی کوئی پروا نہیں تیری ذات پاک ہے تیری مہربانی مجھ پر بہت زیادہ ہے۔ تو مجھ سے غضبناک نہ ہونا اگر تو راضی ہے تو تیرے غیر کی کوئی پرواہ نہیں۔

یا دولتاه . اگر بعنایت کنی نظر .
واخجلتاه . اگر بعقوبت دهد جزا (کلیات سعدی)

"یَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُهُ غَضَبَهُ"

اے وہ ذات جس کی رحمت غضب سے پہلے ہے۔

اور خدا نے جہنم کو بنایا ہے تو یہ بھی رحمت ہے لیکن ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ یہ رحمت کیسے ہے؟

کچھ لوگ ایسے ہیں کہ انہوں نے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جنہوں نے بہت زیادہ ظلم کیا ہے ان پر آج سب لوگ لعنت بھیجتے ہیں۔ جو لوگ ان کو نہیں پہچانتے اور ان کی پیروی کرتے ہیں تو قیامت کے دن ان پر بھی سب لوگ لعنت بھیجیں گے۔

پس یہ عذاب جو آجکل آیا ہوا ہے یہ بھی ایک قسم کی رحمت الٰہی ہے کیونکہ یہ درست سمت دینے کے لئے ہے۔ ہمارے گناہوں کی وجہ سے جو راستے ہم کھو گئے تھے اس کی طرف واپس لانے کے لئے یہ عذاب ہم پر نازل ہوا ہے۔ جہنم بھی ایسے ہی ہے کہ اگر دنیا میں نہ سدھر سکے تو جب تک آتش جہنم سے نہ پکے جنت نہیں جا سکے گا۔

اگر اس رحمت کو ہم سمجھ سکیں۔ جو عذاب الٰہی کی شکل میں ہے جس میں ہم سب مبتلا ہیں اس عذاب کا سرچشمہ بھی رحمت ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں یہ رحمت نظر نہیں آرہی بلکہ صرف وحشت نظر آرہی ہے۔

اللہ تعالی فرماتا ہے:

اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتۡ اَوۡدِیَۃٌۢ بِقَدَرِہَا فَاحۡتَمَلَ السَّیۡلُ زَبَدًا رَّابِیًا ؕ وَ مِمَّا یُوۡقِدُوۡنَ عَلَیۡہِ فِی النَّارِ ابۡتِغَآءَ حِلۡیَۃٍ اَوۡ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثۡلُہٗ ؕ کَذٰلِکَ یَضۡرِبُ اللّٰہُ الۡحَقَّ وَ الۡبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذۡہَبُ جُفَآءً ۚ وَ اَمَّا مَا یَنۡفَعُ النَّاسَ فَیَمۡکُثُ فِی الۡاَرۡضِ ؕ کَذٰلِکَ یَضۡرِبُ اللّٰہُ الۡاَمۡثَالَ

ترجمہ: اللہ نے آسمانوں سے پانی برسایا پھر نالے اپنی گنجائش کے مطابق بہنے لگے پھر سیلاب نے پھولے ہوئے جھاگ کو اٹھایا اور ان (دھاتوں) پر بھی ایسے ہی جھاگ اٹھتے ہیں جنہیں لوگ زیور اور سامان بنانے کے لیے آگ میں تپاتے ہیں، اس طرح اللہ حق و باطل کی مثال بیان کرتا ہے، پھر جو جھاگ ہے وہ تو ناکارہ ہو کر ناپید ہو جاتی ہے اور جو چیز لوگوں کے فائدے کی ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے، اللہ اسی طرح مثالیں پیش کرتا ہے۔

حق اور باطل کی ایک نہایت قابل توجہ مثال بیان ہو رہی ہے کہ باطل اس جھاگ کی مانند ہے جو کسی نالے میں اس کی گنجائش کے مطابق بہنے والے پانی سے پُر ہونے کی صورت میں پورے پانی کو ڈھانپ لیتا ہے اور وقتی طور پر صرف جھاگ ہی نظر آتی ہے، وہ بظاہر اچھل کود کرتا ہے اور پانی کا حیات بخش ذخیرہ اس جھاگ کے نیچے موجود ہوتا ہے مگر وقتی طور پر نظر نہیں آتا۔

وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ:

اسی طرح دھات کو تپا کر جب اسے کارآمد بنایا جاتا ہے تو میل کچیل اوپر آتی ہے اور صرف وہی نظر آتی ہے جب کہ کارآمد دھات اس کے نیچے موجود ہوتی ہے۔

فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً:

باطل بھی اسی جھاگ اور خس وخاشاک کی مانند وقتی اچھل کود کرتا ہے اور بسا اوقات صرف وہی نظر آتا ہے اور حق دکھائی نہیں دیتا لیکن بصیرت رکھنے والے انتظار کرتے ہیں کہ یہ جھاگ جلد ہی ناپید ہونے والی ہے اور حق ثابت اور پائدار ہے جو باطل کے وقتی ہنگامے اور شورش کے بعد ظہور پذیر ہو گا۔

حقیقت میں یہ سب کچھ آپ کو صحیح راستے پر لے جانے کے لئے ہے۔ یہ مصیبتیں یہ چند دنوں کے لئے ہیں انہیں تم بھول جاوگے، اور بچوں کو قصے سنا رہے ہوگے کہ ایک زمانہ تھا کرونا آیا لاک ڈاون ہوا وغیرہ۔۔ یہ سب قصے ہونگے، جبکہ در حقیقت یہ تمام مصیبتیں آپ کو صحیح راہ پر چلانے کے لئے ہیں تاکہ ہم یہ سوچنے پر مجبور ہوں کہ ہم اس دنیا میں کیوں آئے؟ ہم کیا کر رہے تھے، اور کیا کرنا چاہیے؟

اِلٰهي اِنْ كُنْتُ غَيْرَ مُسْتاْهِلٍ لِرَحْمَتِكَ فَاَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَجُودَ عَلَيَّ بِفَضْلِ سَعَتِكَ

اے میرے معبود! اگر میں رحمت کی اہلیت نہیں رکھتا مگر تو اس اہل ہے کہ مجھ پر اپنی فراوان رحمت عنایت فرمائے؛ آپ کا فضل تو بے انتہا ہے۔

اِلٰهي كَأَنّي بِنَفْسي واقِفَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَقَدْ اَظَلَّها حُسْنُ تَوَكُّلي عَلَيْكَ،

اے میرے معبود! گویا میں اپنا تمام تر وجود لے کر تیرے سامنے کھڑا ہوا ہوں جبکہ تیری ذات پر توکل کا سایہ مجھ پر چھایا ہوا ہے، کیونکہ تو نے ہی فرمایا ہے وہی جس کا تو اہل ہے، اور تو نے مجھے دامن عفو میں پناہ دی ہوئی ہے۔

ایک تو یہ کہ ہم رحمت الٰہی کا مستحق نہیں اسی لئے دعا میں کہتے ہیں۔

"اللهم افعل بي ما انت اهله ولا تفعل بي ما أنا أهله"

جس کا میں مستحق ہوں وہ میرے ساتھ نہیں کرنا بلکہ میرے ساتھ وہ کر جو تیرے لئے شائستہ ہو۔ میں کیا ہوں اور میری کیا اوقات ہے۔؟

دعا ابو حمزہ ثمالی میں امام فرماتے ہیں:

هَبْنِي بِفَضْلِكَ سَيِّدِي، وَ تَصَدَّقْ عَلَيَّ بِعَفْوِكَ، وَجَلِّلْنِي بِسَتْرِكَ، وَ اعْفُ عَنْ تَوْبِيخِي بِكَرَمِ وَجْهِكَ، سَيِّدِي أَنَا الصَّغِيرُ الَّذِي رَبَّيْتَهُ، وَ أَنَا الْجَاهِلُ الَّذِي عَلَّمْتَهُ، وَ أَنَا الضَّالُّ الَّذِي هَدَيْتَهُ، وَ أَنَا الْوَضِيعُ الَّذِي رَفَعْتَهُ،

اور اے میرے آقا! میں کیا اور میری اوقات کیا مجھے اپنے فضل سے بخش دے۔ اے میرے سردار! اپنے عفو کے صدقے میں مجھے اپنے پردے میں لے لے اور اپنے خاص کرم سے میری لغزشوں سے درگزر فرما۔ میرے سردار! میں وہی بچہ ہوں جسے تونے پالا میں وہی ہوں جسے تونے علم دیا میں وہی گمراہ ہوں جسے تونے راہ دکھائی میں وہ پست ہوں جسے تونے بلند کیا۔

امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں:

مَوْلانَا، فَقَدْ عَلِمْنَا مَا نَسْتَوْجِبُ بِأَعْمَالِنَا وَ لَكِنْ عِلْمُكَ فِينَا وَ عِلْمُنَا بِأَنَّكَ لا تَصْرِفُنَا عَنْكَ، وَ إِنْ كُنَّا غَيْرَ مُسْتَوْجِبِينَ لِرَحْمَتِكَ فَأَنْتَ أَهْلٌ أَنْ تَجُودَ عَلَيْنَا وَ عَلَى الْمُذْنِبِينَ بِفَضْلِ سَعَتِكَ ، فَامْنُنْ عَلَيْنَا بِمَا أَنْتَ أَهْلُهُ،

اے ہمارے مولا! ہماری امیدیں پوری فرما اگرچہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے اعمال کی سزا کیا ہے لیکن تیرا علم ہمارے بارے میں ہے اور ہمیں اس کا علم ہے کہ تو ہمیں اپنی بارگاہ سے خالی نہیں پلٹائے گا چاہے ہم تیری رحمت کے حقدار نہ بھی ہوں پس تو اس کا اہل ہے کہ ہم پر اور دوسرے گنہگاروں پر اپنے وسیع تر فضل سے عنایات کرے۔ پس ہم پر ایسا احسان فرما کہ جس کا تو اہل ہے۔

وَ عَلَى اللهِ فَتَوَكَّلُوٓا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ (مائدہ:23)

اور اگر تم مومن ہو تو اللہ پر بھروسہ کرو۔

پس ہم خدا پر توکل کرتے ہیں۔ شب معراج پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدا سے سوال کیا کہ:

أي الأعمال أفضل؟ فقال الله عز وجل :ليس شئ عندي أفضل من التوكل علي والرضا بما قسمت

آپ کے نزدیک کونسا عمل افضل ہے تو اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا میرے نزدیک مجھ پر توکل کرنے اور میری قسمت پر راضی ہونے سے بڑھ کر کوئی افضل عمل نہیں۔

جس کا توکل اللہ پر ہے اس کے لئے در حقیقت کسی قسم کی مشکلات نہیں ہیں۔

پانچواں درس

بسم الله الرحمن الرحیم

"إِلهِي كَأَنِّي بِنَفْسِي وَاقِفَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَقَدْ أَظَلَّها حُسْنُ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ فَقُلتَ ما أَنْتَ أَهْلُهُ وَتَغَمَّدْتَنِي بِعَفْوِكَ، إِلهِي إِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ أَوْلى مِنْكَ بِذلِكَ وَإِنْ كانَ قَدْ دَنا أَجَلِي وَلَمْ يُدْنِنِي "

ترجمہ: اے میرے معبود! گویا میں اپنا تمام تر وجود لے کر تیرے سامنے آ کھڑا ہوا ہوں؛ جبکہ تیری ذات پر توکل کا سایہ مجھ پر چھایا ہوا ہے، کیونکہ تو نے فرمایا ہے [پس تو نے کیا] وہی جس کا تو ہی اہل ہے، اور تو نے مجھے دامن عفو میں پناہ دی"

تشریح:

سکون و توکل کا سایہ جو میرے بدن پر آتا ہے مجھ پر آتا ہے اور مجھے سکون دیتا ہے۔

فَقُلتَ ما أَنْتَ أَهْلُهُ

میری حالت کو دیکھ کر لوگ مجھ سے کلام نہیں کرتا۔ ایک تو ہی مجھ سے کلام کرتا ہے اور کلام کرنے کے بعد جس کا تو اہل ہے وہ کلام کرتا ہے

وَتَغَمَّدْتَنِي بِعَفْوِكَ،

اور صرف کلام ہی نہیں بلکہ میری کوتاہیوں اور گناہوں کی طرف نہیں دیکھتا۔ بلکہ اپنے عفو کی چادر میں مجھے لپیٹ دیتا ہے۔ مجھے اعزاز دیتا ہے "اللہ اکبر" کون سمجھ سکتا ہے؟ توکل کی اس اہمیت کو میں نے امیر المومنینؑ سے سیکھا ہے۔ خصوصا آج کل کے دور میں یہ توکل کس قدر قیمتی ہے؟ ہم اسباب پر توکل نہیں کر سکتے ہم تجھ پر توکل کرتے ہیں۔

تو چو جانی ما مثال دست و پا
قبض و بسط دست از جان شد روا
تو چو عقلی ما مثال این زبان
این زبان از عقل دارد این بیان

کچھ بھی ہمارے پاس نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یاایها الناس انتم الفقراء "

اے لوگو تم سب کے سب، تمام بشریت اللہ کے محتاج ہو۔

هو الله هو الغنی الحمید۔

ایک طولانی حدیث ہے جو پیش کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ حدیث قدسی میں اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے میری عزت و جلال کی قسم جس نے بھی میرے علاوہ کسی اور سے امید باندھی تو میں اس کے ساتھ تین کام کروں گا۔

1: اس کی امید کو نا امیدی میں بدل دوں گا۔

2: اس کو لوگوں کے سامنے ذلیل و خوار کروں گا کیونکہ اس کی امید غیر اللہ سے ہے اللہ کو چھوڑ کر غیر سے دست دراز کرتا ہے تو اس کا دست دراز کرنا اس کی ذلت اور خواری ہے۔ اسی حدیث میں ہے کہ اگر لوگوں کو پتا ہوتا کہ مانگنے میں عیب ہے تو وہ مانگنے کی بجائے اپنا حصہ بھی دے دیتے اور کسی سے کوئی سوال نہ کرتے۔ کوئی کسی سے نہ مانگتا، اگر کوئی میرے علاوہ کسی سے امید رکھے اور سوال نہ بھی کرے تو اس کی امید پوری نہیں ہوگی اور وہ ذلیل خوار ہوگا۔ اور میں اس کو اپنے تقرب سے دور کر دوں گا۔ آخر ہم اس خدا سے کیوں امید نہیں رکھتے جو کہہ رہا ہے کہ میرے پاس آؤ میں تمھاری ساری امیدیں پوری کر دوں گا۔

3: اور میری درگاہ سے بھی دور ہو جائے گا۔ جب میرے علاوہ کسی اور کے در پہ جائے گا اسے یہ نہیں معلوم وہ تمام دروازے بند ہیں اور ان بند دروازوں کی چابی میرے پاس ہے، یہ انسان کتنا ناشکرا ہے۔ یہ میرے پاس نہیں آتا جبکہ میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ اور بند دروازوں کی چابی ان کے پاس نہیں بلکہ میرے پاس ہے۔ ان دروازوں کو کھٹکھٹا رہا ہے لیکن اللہ کے در پر نہیں آتا اس لیے کہ اللہ کے در پر جو آتا ہے اسے دروازہ کھٹکھٹانے کی ضرورت نہیں پڑتی اس کے لیے دروازہ کھلا ہے اور اگر کوئی اللہ کے پاس آئے تو اس کی امید کو پورا کرے گا۔ اے میرے بندے! اگر کوئی حادثہ ایسا آیا ہو جس نے تجھے ضرب لگائی ہو، تجھے بٹھا دیا ہو، تیری کمر توڑ دی ہو، تو جان لینا کہ میرے علاوہ کوئی اس کو تجھ سے اٹھا نہیں سکتا۔ اس مشکل سے میرے علاوہ کوئی نہیں نکال سکتا۔ اور اس کے بعد آخری جملہ کتنے بلند معارف پر مشتمل ہے کہ اگر اہل آسمان و زمین اور زمین پر جتنے لوگ ہیں وہ سب مجھ سے امید رکھیں اور میں ان کی امید کے مطابق عطاء کروں تو بھی میرے خزانے میں ذرہ برابر کمی نہیں ہوگی۔

تمام انسانوں کو اللہ کی طرف سے یہ دعوت ہے کہ اللہ سے ہی امید رکھو اگر تمھاری بگڑی سنور نہیں رہی تو مجھ سے امید رکھو۔ تمہاری امید کے مطابق میرے پاس خزانہ ہے اگر امید خدا پر ہو، توکل خدا پر ہو تو دنیا میں تو بہت کچھ ملے گا، لیکن قیامت کے دن جب اللہ کے سامنے کھڑے ہونگے تو اسی توکل کی وجہ سے خدا کی رحمت، عفو، بخشش اور درگزر کرنے کی چادر نصیب ہوگی اور معاف

کر کے تجھے جنت کی طرف روانہ کر دے گا۔ سب اسی توکل کی وجہ سے ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ اسباب سے غافل ہو جائیں۔ اور محنت نہ کریں۔

رمز الکاسب حبیب اللہ شنو
از توکل در سبب کاهل مشو

حدیث "الکاسب حبیب اللہ "کا مطلب بھی یہی ہے کہ محنت کرنی ہے۔ توکل سے مراد یہ نہیں کہ محنت نہ کریں۔

'الٰہی" میں لفظ اِلٰہی کو نہیں سمجھا سکتا اگر محسوس کر سکیں تو محسوس کیجئے۔ الٰھی میرے پرودگار۔

إِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ أَوْلى مِنْكَ بِذلِكَ

اگر تو مجھے معاف کر دے تو تجھ سے بہتر معاف کرنے والا کون ہے؟

وَإِنْ كانَ قَدْ دَنا أَجَلِي وَلَمْ يُدْنِنِي

"اگر میری موت نزدیک آگئی ہے اور میرا عمل ایسا نہیں کہ اس نے مجھے تیرے نزدیک کر دیا ہو"۔ آج کل موت کو سب نے قریب سے دیکھا ہے، اور سب موت کو اپنے سامنے دیکھ رہے ہیں۔ لاکھوں لوگ دنیا سے جارہے ہیں ایک ایسے مرض کی وجہ جو کسی بھی وقت کسی کو بھی لگ سکتا ہے۔

دو نزدیکیاں تصور کی جاسکتی ہیں۔ اگر عربی سمجھ میں آئے تو عربی کو پڑھیں اور اسی عربی کو سمجھئے گا۔

وَإِنْ كانَ قَدْ دَنا أَجَلِي

اگر میری موت قریب آگئی ہے اور میرے عمل نے مجھے تیرے قریب نہیں کیا ہے۔

فَقَدْ جَعَلْتُ الاِقْرارَ بِالذَّنْبِ إِلَيْكَ وَسِيلَتِي

" اللہ اکبر" میں دنیا میں تیرا قرب حاصل کرنے کے لیے آیا تھا۔ میں اگر اپنے اعمال کی وجہ سے اپنی عبادات کی وجہ سے تیرا قرب حاصل نہیں کر سکا۔ اب مزید عمل کی بھی فرصت نہیں اور کسی کو معلوم بھی نہیں اس کے پاس کتنی فرصت ہے "ان کان" تو، تو جانتا ہے میری موت میرے نزدیک آچکی ہے۔

میں تجھ سے تیرے قریب آنے کے لیے آخری وقت میں یہ کام کر سکتا ہوں کہ میں اپنے گناہوں کا اقرار کروں اور اس اقرار کے ذریعے تیرا عفو در گزر حاصل کروں تیرا قرب حاصل کروں۔ کتنی عظیم ذات ہے جو تجھے عمل کی فرصت دے رہی ہے اپنے قرب

تک آنے کے لیے تجھے سارا راستہ دکھا رہی ہے۔ تیرے گناہوں کو معاف کرتی ہے اگر پھر بھی نہیں ہوا تو آخر میں اپنے گناہوں کا اقرار کرلو۔

العفو العفو العفو بہت سی جگہوں پر بہت بار بار **العفو** آیا ہے مناجات میں دعاؤں میں اور قنوت وتر میں تین سو مرتبہ مستحب ہے **العفو** پڑھیں یہ اس لیے ہے کہ جب تک دل میں غبار گناہ ہو جمال یار نہیں آسکتا اس میں خدا نہیں آسکتا اس لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے دل کو گناہوں سے پاک کرلیں۔

و الله ما ينجو من الذنب إلا من أقر به 0 الشيخ الكليني-الكافي ج ٢-الصفحة ٤٢٦-)

دل گناہوں سے پاک نہیں ہو سکتا جب تک گناہوں کا اقرار نہ کرے اور گناہ کا اقرار کرنا استغفر اللہ کہنا العفو کہنے کا مطلب یہ نہیں کہ گناہ بھی سرزد ہوا ہو۔ معصومین علیھم السلام بھی جب عبادت کرتے تھے تو العفو کا ورد کیا کرتے تھے۔ اس چیز سے عفو و استغفار کرتے کہ یہ عبادت تیرے لائق نہیں تُو کہاں اور یہ عبادت کہاں؟ یہ کون سی عبادت یعنی خاتم الانبیاء کی عبادت بھی خدا کے لائق نہیں وہ بھی اس حق عبادت کو اداء نہیں کرسکتے تو میری اور آپ کی نمازیں میری اور آپ کی عبادتیں کیا کرسکتی ہیں۔ اگر ہم اپنے گناہوں پہ شرمندہ نہ بھی ہوں تو اپنی عبادتوں پر شرمندہ ضرور ہیں۔

امام موسی بن جعفرؑ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا۔ تم پر عبادت کرنا اور اس کی کوشش کرنا لازم ہے کبھی بھی یہ نہ سمجھنا کہ تم عبادت میں حد تقصیر سے نکل گئے ہو کیونکہ کبھی بھی کوئی شخص اللہ کی عبادت کا حق ادا نہیں کرسکتا۔

ایک حکایت ہے بنی اسرائیل میں ایک شخص نے چالیس سال عبادت کی۔ اس کے بعد قربانی دی اور دیکھا کہ اس کا عمل قبول نہیں ہوا جب اُسے معلوم ہوا تو پشیمان ہو کر اپنے اعمال کو دیکھتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ عمل قبول ہونے کے قابل ہی نہیں تھا تو اُس کے تمام اعمال قبول ہو جاتے ہیں۔

اُس ایک احساس سے یہ کیفیت آئی۔ انسان کی خدا سے نسبت کی کیفیت ایسی ہو جائے تو اسکی عبادتیں قبول ہوتی ہیں۔

کسی کے اختیار میں نہیں کہ وہ عمل انجام دے جو خدا کی شان کے مکمل لائق ہو۔

إِلٰهِي قَدْ جُرْتُ عَلى نَفْسِي فِي النَّظَرِ لَها فَلَها الوَيْلُ إِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَها

امیر المومنیںؑ کو اس انسان کی کتنی دقیق معرفت ہے۔ انسان کو خدا کے ساتھ کیسے مناجات کرنی چاہے۔

میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے۔

ظلمت نفسی ہر شب جمعہ کو پڑھتے ہیں تقریباوہی تعبیر ہے۔

میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے۔کیوں ظلم کیا ہے؟ میں آج اپنے نفس پر ظلم کرلوں گا، کل کرلوں گا، اس رمضان میں کرلوں گا یہ کہتارہااور میں نے اُس طرح عبادت نہیں کی، اپنے نفس کو اس طرح تکامل نہیں دیا۔تو پھر ویل ہے، بربادی ہے اس نفس پر جس نے وقت کو ضائع کر دیا، کل کل کرتارہا۔ اور تونہ بخشے تو یہ ظلم میں نے اپنے اوپر خود کیا ہے جس کے نتیجے میں نفس برباد ہو گیا۔

"الٰھی لم یزل برك علی "

اگر میری موت قریب آگئی ہے تو الٰہی ایک درخواست، ایک امید ہے کہ میں اس دنیا میں جتنے دن زندہ رہا، اس دنیوی زندگی میں ہمیشہ تیری طرف سے نیکیاں رحمتیں، نعمتیں مجھ تک پہنچتی رہیں۔ الٰہی ان نیکیوں، رحمتوں اور نعمتوں کو میری موت کے بعد منقطع نہ فرما۔ مجھے ان لوگوں میں قرار نہ دے جن پر یہ رحمتیں، نیکیاں اور نعمتیں دنیا تک ہی ہیں۔ مجھے ان لوگوں میں سے قرار دے جن پر رحمت رحمانیہ اور رحمت رحیمیہ پہنچتی رہے۔ اس لیے کہ مجھے دنیا سے زیادہ آخرت میں تیری رحمت کی ضرورت ہے۔

الھی کیف۔۔

الٰہی میں کیسے مایوس ہو جاؤں جبکہ مایوسی گناہ ہے۔ میں مایوس نہیں ہو سکتا موت کے بعد بھی تیری رحمت تیرا احسن نظر تیرا لطف مجھ پر رہے گا۔ اس لیے کہ تونے مجھے پوری زندگی میں جمال ہی جمال دیا ہے۔ مجھے عذاب نہیں دیا اور اگر کبھی ڈرایا ہے تو بھی میرے فائدے اور بھلے کے لیے ڈرایا ہے۔

آیت میں بھی ارشاد ہوا ہے: "ربنا ظلمنا انفسنا"

ہمارے آباءواجداد اور ابوالبشر حضرت آدمؑ نے بھی فرمایا تھا اے اللہ ہم نے اپنے آپ پر ظلم کیا۔

خدا بھی قرآن میں فرماتا ہے: ولکن کانوا انفسھم یظلمون (بقرہ57)

یہ اپنے اوپر خود ظلم کرتے ہیں۔ اللہ کسی کے اوپر ظلم نہیں کرتا۔ جس نے اللہ کی معصیت کی ہے اس نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے۔

واطاع شیطان۔

اور شیطان کی اطاعت کی جو کہ اللہ کی معصیت ہے جو کہ اپنے اوپر ظلم ہے۔

من اھمل عمل۔۔۔۔

جس نے یہ ارادہ کیا کہ میں کل سے نماز شب پڑھوں گا۔ میں پرسوں سے یہ کروں گا۔ میں پھر کرلوں گا۔ ابھی تو میرے پاس وقت ہے۔ اس نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے۔

جناب ابوذر سے ایک شخص نے کہا اے ابوذر تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھی قریب رہا ہے اور امیر المومنینؑ سے بھی بہت کچھ سیکھا ہے ہمیں ایک کلام ہدیہ کر، تو حضرت ابوذر نے کہا جس کو بہت چاہتے ہو اس کے ساتھ ظلم نہ کرنا تو اس شخص نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے جس کو میں بہت چاہتا ہوں میں اس پر ظلم کروں؟ تو ابوذر نے کہا کہ تو اس کائنات میں سب سے زیادہ اپنے آپ کو چاہتا ہے لیکن خدا کی نافرمانی کر کے اپنے آپ پر ظلم کرتا ہے تو پھر یہ ظلم ہی ہے۔ معصیت ظلم ہے اپنے اوپر جو بھی بُرا کرو گے وہ تمھیں اُس کا برا ملے گا کسی اور کو اس کا نقصان نہیں ہو گا۔

ایک درویش یہ کہتا رہتا تھا: جو بھی اچھا کرو گے، برا کرو گے اچھا یا برا تمھارے ساتھ ہی ہو گا کسی اور کے ساتھ نہیں ہو گا۔ ایک بوڑھی عورت نے سنا اس نے کہا یہ کیا شعر ہے میں تمہارے ساتھ برا کروں گی اور تمھارے ساتھ ہی برا ہو گا۔ اس نے کہا ایسا نہیں ہو سکتا۔ ایک دن جب وہ درویش گزر رہا تھا اس نے ایک روٹی پیش کی روٹی میں زہر ڈالا تھا اور وہ سوچ رہی تھی کہ اب یہ اس روٹی کو کھائے گا اور اس کو تکلیف ہو گی، پھر جو یہ کہہ رہا تھا جو برا کرتا ہے اس کے ساتھ برا ہوتا ہے وہ درست نہیں نکلے گا۔ درویش اس کو لے کر اس کے گھر سے نکلا راستے میں جا رہا تھا تو آگے سے ایک جوان آ رہا تھا اس نے کہا میں سفر سے آ رہا ہوں کچھ کھانے کو ہے درویش نے روٹی تھیلے سے نکالی اور اسے دے دی تو اُس کی موت واقع ہو گئی بعد میں جب جنازہ اس خاتون کے گھر پہنچا تو اس خاتون نے بھی وہی کہنا شروع کر دیا کہ جو بھی اچھا کرو گے، برا کرو گے اچھا یا برا تمھارے ساتھ ہی ہو گا کسی اور کے ساتھ نہیں ہو گا۔

ان فرصت کے اوقات کو ہمیں غنیمت سمجھنا چاہیے ہم کل پر کوئی چیز نہ چھوڑیں۔

حدیث میں ہے: "قد ورد ان اکثر اہل النار---

جو اہل نار ہیں وہ وہاں بیٹھ کر سب کو پکار رہے ہوں گے، فریاد کر رہے ہوں گے کہ کس نے ہمیں مار ڈالا ہے، اطاعت کل کر لیں گے، اس کل نے ہمیں مار ڈالا۔

جو وقت ابھی ہے اُسے غنیمت سمجھو اُس کے مطابق عمل کرو کل کا وقت تمھیں ملتا ہے یا نہیں ملتا ہے اُس کی خبر نہیں ہے۔

امام علیؑ فرماتے ہیں

ماضي يومك فائت و آتيه متهم و وقتك مغتنم فبادر فيه فرصة الإمكان و إياك أن تثق بالزمان

"جو گزشتہ کل ہے وہ جاچکا اور جو آنے والا کل ہے وہ مشکوک ہے۔ پتہ نہیں وہ تمھیں ملتا ہے یا نہیں جو آج کا دن تیرے پاس ہے اس سے فائدہ اُٹھاو"

سعديا دي رفت و فردا همچنان موجود نيست
در ميان اين و آن فرصت شمار امروز

کل بھی نہیں ہے کل جاچکا ہے آنے والا کل بھی پتا نہیں آتا ہے یا نہیں آتا۔ ان دو کے درمیان تیرے پاس جو وقت ہے اسے غنیمت جان اس سے اپنا فائدہ اُٹھا۔

إِلهِي لَمْ يَزَلْ بِرُّكَ عَلَيَّ أَيَّامَ حَياتِي فَلا تَقْطَعْ بِرِّكَ عَنِّي فِي مَماتي

اس دنیا میں مجھ پر ترا بہت احسان رہا، رحمتیں رہیں لیکن اُس سے زیادہ رحمت، فضل آخرت میں چاہیے۔ اس لئے اگر وہاں فضل نہ ملا تو میں کیا کروں گا، وہاں تیرے فضل کے بغیر کوئی کامیاب نہیں ہو سکتا کوئی جنت نہیں جاسکتا یہاں کوئی سختی مجھ پہ آگئی، میری عیب کسی نے دیکھ بھی لیا تو کچھ دن دیکھے گا کوئی توجہ کرے گا کوئی توجہ نہیں کرے گا، پھر گزر جاے گا، کیونکہ یہ تو گزر جانے والی دنیا ہے۔ کیونکہ یہ گزر جائے گا اس لئے اس کا غم نہیں ہے، غم اُس کا ہے جو نہیں گزرے گا جو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہے اُس ہمیشہ ہمیشہ کی زندگی میں مجھے تیری رحمت درکار ہے اور اس روایت میں خوش خبری ہے

إن لله -تعالى- مائة رحمة، أنزل منها رحمة واحدة بين الجن والإنس والبهائم والهوام، فبها يتعاطفون، وبها يتراحمونو فمنها رحمة يتراحم بها الخلق بينهم، وتسع وتسعون ليوم القيامة

اللہ کے سو رحمتیں ہیں ان میں صرف ایک رحمت انسان وجن اور پرندے اس دنیا میں موجود ہر چیز پر نازل کی ہے۔ لیکن 99 رحمتوں کو اُس نے موخر کر رکھا ہے ، اصل رحمت تو وہاں ملنے والی ہے لیکن یہاں سے مانگ کے جانا ہے۔ جانے سے پہلے خدا سے یہ امید رکھ کے جانا ہے کہ جیسے تو نے یہاں مجھے ہمیشہ اپنی رحمت کا سایہ دیا یہاں اپنی آغوش رحمت میں مجھے پالا، پروان چڑھایا، مجھے تمام نعمتیں دیں جن کا میں شمار نہیں کر سکتا جب میں وہاں محتاج ہوں تو وہاں بھی مجھے اپنی رحمت سے محروم نہ رکھنا۔

مناجات شعبانیہ کے دیگر جملے

اِلـهي تَوَلَّ مِنْ اَمْري ما اَنْتَ اَهْلُهُ، وَعُدْ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ عَلى مُذْنِب قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ. اِلـهي قَدْ سَتَرْتَ عَلَيَّ ذُنُوباً في الدُّنْيا وَاَنَا اَحْوَجُ اِلى سَتْرِها عَلَيَّ مِنْكَ في الآخْرةِ، اِذْ لَمْ تُظْهِرْها لاَحَد مِنْ عِبادِكَ الصّالِحينَ، فَلا تَفْضَحْني يَوْمَ الْقِيامَةِ عَلى رُؤُوسِ الأشْهادِ.

میرے معبود! میرے امور و معاملات کو کچھ اس طرح سے اپنے ہاتھ میں لے کہ جس طرح تیرے شایان شان ہیں، اور میری طرف اپنے فضل کے ساتھ پلٹ آ، ایسے گنہگار کی جانب جس کی جہل و نادانی نے اس کے سراپے کا احاطہ کر لیا ہے

اے میرے معبود! تونے دنیا میں میری گناہوں کو پوشیدہ رکھا لیکن ان کی پردہ پوشی کا میں آخرت میں کہیں زیادہ محتاج ہوں؛ [اے میرے معبود بے شک تونے مجھ پر احسان کیا کہ] تونے دنیا میں اپنے کسی بھی نیک بندے پر میرے گناہ ظاہر نہیں کیا، تو مجھے روز قیامت لوگوں کے سامنے رسوا نہ فرما؛

امیر المومنینؑ کے اس جملے میں کتنی زیادہ تاکید ہے:

اِلـهي تَوَلَّ مِنْ اَمْري ما اَنْتَ اَهْلُهُ، وَعُدْ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ عَلى مُذْنِب قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ

خدایا میرے ساتھ وہ کر جس کا تو اہل ہے اور میرے ساتھ (یعنی میں وہ گناہ گار ہوں جو اپنی جاہلیت کی وجہ سے گناہوں میں ڈوبا ہوا ہوں۔ اُسکے ساتھ اپنا فضل فرما) اللہ اکبر۔ اللہ پر چھوڑ دو سب کچھ کہ اللہ میرے ساتھ وہ کر جس کا تو اہل ہے۔

امام حسینؑ دعاے عرفہ میں فرماتے ہیں

اِلهی اَغْنِنی بِتَدْبیرِکَ لی امعَنْ تَدْبیری وَبِاخْتِیارِکَ عَنِ اخْتِیاری وَاَوْقِفْنی عَلی مَراکِزِ اضْطِراری

میرے اللہ اپنے تدبر اور پسند کے ذریعے مجھے میرے تدبر اور پسند سے بے نیاز کر دے اور پریشانی کے عالم میں مجھے ثابت قدم رکھ۔

وَبِاخْتِیارِکَ عَنِ اخْتِیاری

تونے مجھے اختیار دیا ہے میں اپنے اختیار کو سلب کرتا ہوں مجھے بے نیاز کر دے، نہ مجھے خود پتا ہے نہ کسی اور کو پتا ہے

وَعَسَىٰ أَن تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَعَسَىٰ أَن تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ (بقرہ:216)

اور ممکن ہے کہ ایک چیز تمہیں ناگوار گزرے مگر وہی تمہارے لیے بہتر ہو، (جیسا کہ) ممکن ہے ایک چیز تمہیں پسند ہو مگر وہ تمہارے لیے بری ہو، (ان باتوں کو) خدا بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

چھٹا درس

"وَعُدْ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ عَلى مُذْنِب قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ. اِلـهي قَدْ سَتَرْتَ عَلَيَّ ذُنُوباً في الدُّنْيا وَاَنَا اَحْوَجُ اِلى سَتْرِها عَلَيَّ مِنْكَ في الآخْرة، اِذْ لَمْ تُظْهِرْها لاَِحَد مِنْ عِبادِكَ الصّالِحينَ، فَلا تَفْضَحْني يَوْمَ الْقِيامَةِ عَلى رُؤُوسِ الأشْهادِ. اِلـهي جُودُكَ بَسَطَ اَمَلي، وَعفْوُكَ اَفْضَلُ مِنْ عَمَلي. اِلـهي فَسُرَّني بِلِقائِكَ يَوْمَ تَقْضي فيهِ بَيْنَ عِبادِكَ. اِلـهِي اعْتِذاري اِلَيْكَ"

مناجات شعبانیہ، یہ وہ دعا ہے جو امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کی زبان مقدس پر جاری ہوئی اس کے بعد تمام آئمہؑ نے شعبان میں ان مناجات کو اپنی زبانوں پر جاری کیا اور انہیں کلمات کے ذریعے خود بھی مناجات کی اور ہمیں بھی یہ مناجات تعلیم فرمائی۔

وَعُدْ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ عَلى مُذْنِب قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ

اے اللہ، تو میرے ساتھ اپنے فضل سے معاملہ کر۔

عَلى مُذْنِب قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ "

وہ گناہ گار جو اپنی جہالت میں ڈوبا ہوا ہے جہالت کے بدلے میں تو فضل عنایت کرنے والا ہے کیونکہ میں جہل میں مبتلا ہوں اس لئے تیرا فضل مانگ رہا ہوں۔ ان تمام چیزوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے اور ان کا مقایسہ کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ میں جاہل ہوں، جہل میں ہوں اس لئے فضل تلاش کر رہا ہوں۔ اگر میں عالم ہوتا تو کچھ کر لیتا۔ تو یہاں پر کون جاہل ہے؟ آیا جو احکام کو نہیں جانتا وہ جاہل ہے؟ یا جو خدا کی معرفت رکھتا نہیں ہے وہ جاہل ہے؟ نہیں، جو جانتا ہے وہ بھی جاہل ہے کیونکہ جاننے کے باوجود گناہ کرتا ہے۔

جب یہ وائرس پھیلا مجھے اس کے انجام کا پتا نہیں تھا اس کو چھونے سے کیا ہوگا اس لئے چھوتا تھا۔ مجھے پتا تھا، بتا دیا گیا تھا خبردار کر دیا گیا تھا کہ نہیں چھونا لیکن میں نے اس کو سنجیدہ نہیں لیا اس لئے یہ بیماری پھیلتی گئی۔ یہاں بھی جہل سے یہی مراد ہے کیونکہ میں جاہل ہوں اس لئے فضل مانگ رہا ہوں، مناجات امیر المومنین اگر آپ پڑھیں:

مولای یا مولای انت المولی انا العبد "

اے مولا میں عبد ہوں اور تو مولا ہے، میں جہل رکھتا ہوں اور تو فضل رکھتا ہے، میں عبد ہوں تو مولا ہے۔

"وھل یرحم العبد الا المولی "

عبد پر مولا کے علاوہ اور کون رحم کرے گا

" مولای یا مولا انت العزیز و انا الذلیل "

علی ابن بی طالبؑ کے کلمات ہیں اے خدا، تو عزیز ہے اور میں ذلیل ہوں۔

وھل یرحم الذلیل الا القوی "

اور ذلیل پر قوی و عزیز کے علاوہ کون رحم کر سکتا ہے؟

مولائ یا مولا انت الہادی و انا الضال"

اے میرے آقا و مولا تو ہادی ہے اور میں گمراہ ہوں۔

اس طرح بہت سے کلمات ہیں سب کا مطلب یہ ہے کہ میں کمتر ہوں، ہیچ ہوں، گناہ گار ہوں، اسی لئے تو تجھ سے فضل مانگ رہا ہوں، تجھ سے مغفرت مانگ رہا ہوں اور اس جہالت میں مبتلا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جہاں تک ہم نکال سکتے ہیں ہم اپنے آپ کو اس جہالت سے نکال دیں، لیکن اگر ہم خود سے اس جہل میں رہنا چاہتے ہوں اور وہ فضل جو ہماری دسترس میں ہے اس کو حاصل نہ کرنا چاہتے ہوں اور نہ کریں تو اللہ کا فضل ہمیں مشکل سے حاصل ہو گا، میں پھر بھی یہ نہیں کہ سکتا کہ اس کا فضل نہیں ہو گا کیونکہ اس کا فضل بہت وسیع ہے اور وہ ذات بہت کریم ہے، لیکن اس کا فضل پھر مشکل ہو جائے گا کیونکہ یہ زبان مانگنے والی نہیں رہے گی۔ یہ زبان مانگنے والی تب ہو سکتی ہے کہ علی ابن ابی طالبؑ کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں جاری کرے۔

"الھي قد سترت علی ذنو با فی الدنیا"

میرے معبود، میرے الہ، میرا خدا، میں تجھ سے مخاطب ہوں، میرا خطاب تجھ سے ہے اور میں تیرے انتہائی قریب آگیا ہوں اب میں دعا نہیں میں نجوی کر رہا ہوں میں آہستہ سے بول رہا ہوں۔

کوئی نہ سنے صرف تو سنے۔ تو نے میرے سارے گناہوں پر پردہ ڈال رکھا ہے۔ دنیا میں میری جتنی زندگی تھی، میرے سارے گناہوں پر تو نے پردہ ڈالا، میرے سارے عیب چھپائے۔ میرے بارے میں بہت اچھی چیزوں کو تو نے پھیلایا۔

وَاَنَا اَحْوَجُ اِلی سَتْرِھا عَلَيَّ مِنْكَ في الآخْرةِ

دنیا میں ایک عمر گزاری اور میرے عیبوں پر پردہ رہا، میری کوتاہیاں چھپی رہیں اور لوگ نہ جانے مجھے کیا سمجھتے رہے۔

ان گناہوں کو قیامت کے دن، جب سارے پردے اٹھ جائیں گے، سارے راز کھل جائیں گے، سب کو حقیقتیں پتا چل جائیں گی اس دن مجھے رسوا نہ فرمانا، اس دن مجھے اس حجاب کی اس ستر کی اس پردہ پوشی کی زیادہ ضرورت ہے۔

"اِذْ لَمْ تُظْهِرْھا لاَحَدٍ مِنْ عِبادِكَ الصّالِحينَ "

اے اللہ تو وہ ہے کہ تو نے اس دنیا میں اپنے خاص بندوں کو بھی نہیں بتایا۔ وہ جو صاحبان دل ہیں جو بصیرت رکھتے ہیں، جو حقائق کو دیکھتے ہیں ان کو بھی تو نے میری حقیقت نہیں بتائی۔ میرے عیوب مخفی رکھا۔

فَلا تَفْضَحْنِي يَوْمَ الْقِيامَةِ عَلى رُؤُوسِ الأَشْهادِ

قیامت کے دن جب تمام لوگ میدان حشر میں ہوں گے اور سب دیکھ رہے ہوں گے، سب میری طرف متوجہ بھی ہوں گے اس دن مجھے رسوانہ فرمانا،ستاریت ،ستر اور اللہ کاستار ہونا، یہ اہلبیتؑ کی دعاوں میں بہت زیادہ ہے، بہت زیادہ اور دعائے ابی حمزہ ثمالی، رمضان آنے کو ہے تیار کیجئے، ابھی سے تیار کیجئے اور رمضان میں پڑھیں:

رب جللنی بسترک "

اے میرے اللہ میرے گناہوں پر پردہ ڈال۔

" لا لانک اهون الناظرین "

ہم کہیں بھی ہوں تو والدیا وہ جو خاص لوگ ہیں ان کے سامنے ذرا سنبھل کر بیٹھتے ہیں اور اگر کوئی عام بندہ ہو جس کی نظر میں ہماری اہمیت نہیں ہے تو ہم آرام سے بیٹھتے ہیں۔ کیونکہ دیکھنے والے کے دیکھنے سے ہمیں فرق نہیں پڑھتا، ہم اس کو خاطر میں نہیں لا رہے ہوتے۔ اے اللہ، تو مجھے ہمیشہ دیکھ رہا ہے اور تیرے محضر میں تیرے سامنے اگر گناہ کر رہا ہوں تو نعوذ باللہ، یہ اس لئے نہیں کہ تجھے کمتر سمجھ رہا ہوں، اهون الناظرین سمجھ رہا ہوں، ایک بچے کے سامنے گناہ نہیں کرتا تیرے سامنے گناہ کر رہا ہوں میرے سامنے وہ بچہ تجھ سے زیادہ بڑا ہو، ایسا ہر گز نہیں ہے "و اخف المطلعین" اگر میں گناہ کر رہا ہوں اور اس کی اطلاع جہاں ہو رہی ہے وہ میرا کچھ نہیں میرا بگاڑ سکتا تو میں اس کے سامنے کچھ نہ کچھ گناہ کر جاتا ہوں۔ جب کے خدا کے ساتھ تو ایسا نہیں ہے تو پھر میں خدا کے محضر میں گناہ کیوں کرتا ہوں؟

لانک یا رب خیر الساترین "

یہ جو مجھے جرات ہوئی ہے اور میں تیرے سامنے گناہ کرلیتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ تو خیر الساترین ہے، تو کسی کو نہیں بتاتا تو کسی کو پتا نہیں چلنے دیتا چھپالیتا ہے اس ماں کی طرح جو اپنے بچے کے نقائص کو چھپاتی ہے تو ماں کے سامنے بچہ تھوڑا کھل کر رہتا ہے اس لئے نہیں کہ ماں کی اہمیت نہیں ہے۔ اس لئے کہ تو خیر الساترین ہے میں تیرے محضر میں گناہ کرلیتا ہوں اور تو جس طرح اس دنیا میں میری پردہ پوشی کرتا ہے قیامت کے بھی میرے گناہوں پر پردہ ڈال دے گا۔۔۔ آیا ان دعاوں کو سن کر ہم جری ہو جائیں؟

دو قسم کے گناہ ہیں ایک گناہ وہ ہے جسے انسان کنٹرول نہیں کر سکتا، نفس امارہ ہے، شیطان ہے اور وسوسے ہیں۔ جب حضرت آدم ایک پھل پہ صبر نہ کر سکے، ہمارے سامنے توہزاروں دانے ہیں اس دنیا کی انتہائی پرکشش رعنائیاں ہیں ہم ان سے نہیں رک سکتے۔ وہ گناہ جن سے ہم نہیں رک سکتے اور ہم اللہ کی عظمت کو جانتے ہوئے اسے خیر الساترین سمجھ کر چھپ کر جو خود گناہ کرتے ہیں لیکن وہ لوگ جو اس دنیا میں علی الا اعلان گناہ کرتے ہیں وہ ان میں شامل نہیں ہیں۔ ان کے پاس یہ زبان نہیں ہے وہ یہ نہیں کہ سکتے کیونکہ تو چھپاتا تھا میں تو آشکار گناہ کر رہا ہوں اور یہ گناہ جو میں انجام دے رہا ہوں اس کو شامل ہیں۔ میرے ہاتھ میں آج کل موبائل میں گانے، فلمیں اور بہت سی گناہ کی چیزیں ہیں انہیں شئیر کر رہا ہوں۔ خود میں نے جو گانا سناوہ اور ہے لیکن جو میں گانے شئیر کر رہا ہوں اس لئے کر رہا ہوں کہ میری نظر میں خدا ھون الناظرین ہے خدا کی اہمیت نہیں ہے اور پھر یہ کتنا عظیم گناہ ہے کہ کل میں خدا سے نہیں کہہ سکتا کہ میرے ان گناہوں پہ پردہ ڈال۔ جن گناہوں کو تونے سوشل میڈیا پر عام کر دیا ہے اس پر خدا کیوں پردہ ڈالے گا؟

تونے خدا کو پردہ ڈالنے کی مہلت ہی نہیں دی پھر یہ وہ اتنا بڑا گناہ ہے کہ جس میں کوئی لذت نہیں اور گناہ کتنا بڑا ہے تونے ایک چیز شئیر کر دی اور چلنا شروع ہو گئی چلتی چلتی کئی ملین تک پہنچ گئی تو خود دنیا سے چلا گیا ہے لیکن اس کے چلنے کا سلسلہ ابھی جاری وساری ہے اور گناہوں کا وبال تیرے گردن پر آتا رہے گا تیرا نامہ اعمال گناہوں سے بھرتا جا رہا ہے لذت دوسرے لے رہے ہیں گناہ تیرے کھاتے میں جا رہے ہیں اور تیرا خدا اسے ان مناجات کا بھی کوئی رشتہ نہیں ہے اس طرح لڑکی کا کسی لڑکے کو نمبر دے دیا تو نے انہیں ملانے میں سہولت فراہم کی۔ وہ گناہ کرتے رہے اور تو ان کے گناہ میں شریک ہوتا گیا۔

اور تیرا یہ گناہ کتنا عظیم ہے کہ "
الفتنة اشد من القتل"
فتنہ قتل سے شدید ہے" آیت ہے۔ یہ جو فتنہ اور بے حیائی پھیلا رہا ہے گانے اور بے حیائی کی چیزیں یا وہ ویڈیوز جس میں گالیاں ہیں گلوچ ہے حتیٰ کی بے ہودہ عبث جس کی وجہ سے کسی مسلمان، مومن کو کچھ نہ ملے تو اس ضیاع کا تو ذمہ دار ہے۔ یہ دو منٹ کا ذمہ دار نہیں اس نے دو آدمیوں کو بھیجا اس نے آگے دس آدمیوں کو بھیجا، انہوں نے آگے دس اور لوگوں کو بھیجا، اسی طرح تعداد بڑھتی جا رہی ہیں جیسے وقت گزر تا جا رہا ہے اتنے گناہ تیرے ذمے لکھے جا رہے ہیں۔ ایک کلک ایک شئیر جو ہو رہا سب ریکاڑ ہو تا جا رہا ہے۔

" لانک یا رب خیر الساترین"

اسی دعاابو حمزہ ثمالی میں پڑھتے ہیں"الہی فبحلمک امہلتنی فبسترک سترتنسی"تو نے اپنے حلم سے اپنے صبر سے مجھے اتنی مہلت دی اور اپنی پردہ پوشی سے میرے گناہوں کو اتنا چھپادیاحتی کانک اغفلتنی"میں تو بھول گیا کہ میں گناہ کر رہا ہوں میں معصیت کر رہا ہوں۔کتنا عظیم ہے۔

" یا من اظہر الجمیل و ستر القبیح "

صرف پردہ نہیں ہے صرف گناہوں کو چھپاتا نہیں ہے۔اگر اپنے بدن کا سار انظام دیکھیں کتنا قبیح ہے کتنا خون ہے اگر کوئی زخم لگ جائے کسی کا پیٹ پھٹ جائے تو اس کے قریب کوئی نہیں جاتا۔یہ سارا نظام اندر ہے لیکن سب سے چھپایا ہوا ہے"ستر القبح اور اظہر الجمیل" ہے اگر ہم دیکھیں کہ ہمارے باطن میں کتنی ساری قباحتیں ہیں نجس خون ہے اور بہت کچھ ہے لیکن پھر بھی لوگ مل کر خوش ہو جاتے ہیں یہ خدا کا جمال ہے" یا من اظہر الجمیل و ستر القبیح "

امام جعفر صادقؑ سے ایک بہت ہی خوبصورت روایت ہے: ہر شخص کی عرش خدا پر ایک شبیہ ہوتی ہے۔آپ دنیا میں ہوتے ہیں لیکن آپ کی شبیہ عرش خدا پر ہوتی ہے۔خود یہی کم ہے۔؟اگر آپ اچھے کام کرتے ہیں تو وہ شبیہ بھی اچھے کام کرتی ہے اور ان اچھے کام کو دیکھ کر عرش کے فرشتے تسبیح کرتے ہیں آپ کو داد دیتے ہیں آپ کو دعائیں دیتے ہیں جبکہ آپ کو اس عمل کا ثواب مل رہا ہوتا ہے اور اس عمل کی وجہ سے جو فرشتے اور عرش والے تسبیح کر رہے ہیں اس کا بھی ثواب آپ کو مل رہا ہوتا ہے۔یہ تو بہت خوبصورت ہے کہ عرش خدا پر ایک شبیہ ہے اور آپ کے عمل کی وہاں پر پیروی ہو رہی ہے اور ان اعمال کو فرشتے دیکھ رہے ہیں عرشیان دیکھ رہے ہیں لیکن جب ہم کوئی قبیح کام انجام دیتے ہیں تو خدا اس شبیہ پر پردہ ڈال دیتا ہے کہ فرشتے بھی ہمارے ان برے اعمال کو نہ دیکھیں۔اگر ہمارے گناہوں سے یہ فرشتے آگاہ ہو جائیں کوئی دوسرا انسان آگاہ ہو جاتا تو کوئی برداشت نہ کرتا اگر خدا نے ہمارے اعمال کے مطابق ہم سے حساب لینا ہوتا تو آج دنیا میں اس روئے زمین پر کوئی بھی نہ ہوتا۔اے خدا تو جو پردہ پوشی کر رہا ہے۔انا احوج الی سترہا اس پردہ پوشی کا آخرت میں زیادہ محتاج ہوں اسے لئے کہ وہاں جو رسوائی ہے تمام عالم کے سامنے ہے۔وہ رسوائی رسول خدا کے سامنے رسوا ہونا ہے، علی مرتضیؑ کے سامنے رسوا ہونا ہے،فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا کے سامنے رسوا ہونا ہے یہ ہمیں برداشت نہیں،ہم وہاں کی رسوائی سے بچنا چاہتے ہیں تو نے یہاں جو پردہ پوشی کی ہے تو یہاں جو ستار ہے یہی ستاریت وہاں بھی جاری رکھ۔ لیکن

یہ ستاریت ان مومنین کے لئے ہے جو مناجات شعبانیہ یا یا دعائے کمیل یا دعائے ابی حمزہ ثمالی یا دعاے افتتاح کو پڑھنے والے ہیں، قرآن کی تلاوت کرنے والے ہیں یہی ان کے اعمال وہاں بھی جاری رہیں گے۔ یہاں ان سے گناہ ہو جا تاہے خدا ستار ہے، ستار العیوب ہے۔ یہ ستاریت بھی پتاہے کیاہے ؟ یہ ایک رمز ہے، معشوق کی عاشق کو اپنی طرف کھینچنے کے لئے پردہ پوشی ہے۔

إلِهِي جُودُكَ بَسَطَ أَمَلِي

اے اللہ! تیرا جود، تیرا کرم بے پایاں ہے تیرا جو بیکراں ہے، تیری سخاوت عظیم ہے اسی لئے میں میری آرزو بھی بے پایاں ہوگئی ہے میری آرزوئیں بھی کتنی زیادہ ہوگئی ہیں اتنی زیادہ کہ میں اتنی کوتاہی کے باوجود تیرا فضل تلاش کر رہاہوں"

وَ عَفْوُكَ أَفْضَلُ مِنْ عَمَلِي

تیرا عفو تیری معافی، میرا عمل کتنا ہی براہو، لیکن تیرا عفو اس سے زیادہ ہے۔ یہ جملہ ذرا سنیئے گا امیر المومنین ارشاد فرمارہے ہیں:

إلِهِي فَسُرَّنِي بِلِقائِكَ يَوْمَ تَقْضِي فِيهِ بَيْنَ عِبادِكَ

جب قیامت کا دن ہو گا جب وہاں سب کو محشور کیا جائے گا اس دن نفسا نفسی کا عالم ہو گا۔ لیکن گویا کہ وہاں مجھ پر تونے پردہ پوشی کر دی میں نے دعا کی تونے مان لیا۔ کیوں کہ تیرا فضل، تیرا کرم، تیرا جود بے کراں ہے اس لئے اب میں حساب وکتاب کے وقت تیرا دیدار مانگ رہاہوں۔"فسرنی "مجھے مسرور کر دے یہ شخص جو گناہ گار ہے یہ شخص جو عاصی ہے یہ شخص پہلے کیا کہہ رہاہے "الہی جودک بسط املی "تیرے بے کراں کرم نے میری آرزوں کو بھی بے کراں کر دیاہے اور میری آرزو کہاں پہنچ گئی سب کا حساب ہو رہاہو اور میں تیرا دیدار کر رہاہو۔ اللہ اکبر! میں تو اسے نہیں سمجھ سکا۔

" اللهم ان مغفرتك ارجى من عملى"

تیری مغفرت میرے عمل سے بہت وسیع ہے۔ تیری رحمت اور میری گناہ کا کیا مقائیسہ، تیری رحمت بہت وسیع ہے" اللهم ان كان ذنبى عندك عظيما "اگر میرے گناہ بہت زیادہ ہیں تو" فعفوک اعظم من ذنبی"تیرا عفو میرے گناہ سے بہت عظیم ہے" اللهم ان لم اتكن ان ابلغ رحمتک"تیری رحمت بہت وسیع ہے لیکن میں اس قابل نہیں ہوں، مجھ میں یہ قابلیت نہیں ہے کہ تیری رحمت تک پہنچ سکوں تیری رحمت تو بہت وسیع ہے۔

فرحمتك اهل ان تبلغنى

میں تیری رحمت تک نہیں پہنچ سکتا تیری رحمت تو مجھ تک پہنچ سکتی ہے، تو میرے نااہل ہونے کو نہ دیکھ اپنی رحمت کی وسعت اور اس کی اہلیت کو دیکھ اور اس رحمت میں مجھے بھی شامل فرما" لانها وسعت كل شئی "ہر چیز کو تیری رحمت شامل ہے اور ہر چیز میں میرا گناہ شامل ہے۔برحمتك يا ارحم الراحمين

اب میری آرزوئیں بڑھ گئی ہیں اور کہاں پہنچ گئی ہیں؟

"إِلٰهِي فَسُرَّنِي بِلِقَائِكَ "

مجھے اپنے دیدار سے مسرور کر دے۔ اب اس دیدار سے مراد لقاء ہے رویت مراد نہیں ہے۔ رویت خدا محال ہے ممکن نہیں ہے۔ یہ اللہ کی شان میں گستاخی ہے کہ ہم اللہ کو محدود کرلیں اور کہیں کہ میں نے اللہ کو دیکھ لیا ہے۔ میری آنکھوں میں تاب کہاں کہ اس لا محدود ذات کو آنکھ سے دیکھ سکوں بلکہ یہ لقاء اللہ ہے۔ اللہ کا لقاء ہے۔ اللہ سے ملنا کہ میں تیرا دیدار چاہتا ہوں اور مجھے کچھ نہیں چاہیے مجھے صرف تو چاہیے"

گر خمر بهشت است بریزید که بی دوست.

هر شربت عذبم که دهی عین عذاب است

مجھے اس وقت کوئی اور چیز نہیں چاہیے۔ جہاں نفسا نفسی ہے سب کہہ رہے ہیں کوئی چھاوں ملے، پانی ملے، کوئی پناہ گاہ ملے، میں نہیں کہوں گا کہ وہاں مجھے کسی پناہ گاہ میں لے جاو، میں کہوں گا مجھے اپنے رب کے پاس لے جاو۔" انا لله و انا اليه راجعون "میں پلٹ آیا ہوں میں نے اس دنیا میں جو کچھ کیا اس سے واپس آیا ہوں، اس پہ پچھتاوا لے کر آیا ہوں، مجھے کچھ اور نہیں چاہیے۔ مجھے صرف اپنا کریم پرودردگار چاہیے۔ محشر میں اس مصیبت میں بہت سی مثبت چیزیں بھی ہیں، ابھی میں ان کو بیان نہیں کروں گا بہت چیزیں آپ دوسروں سے سن رہے ہیں قیامت میں کیا مثبت ہے؟

به وقت صبح قیامت که سر ز خاک برآرم

به گفت و گوی تو خیزم به جست و جوی تو باشم

جب محشر میں قبروں سے سب کو اٹھایا جائے گا وہ کیا خوبصورت صبح ہوگی۔ اسے صبح سے تعبیر کر رہا ہوں۔ وہ صبح قیامت کہ خاک سے اٹھنے کے بعد اتنا خوبصورت محسوس کر رہا ہوں، اتنا خوبصورت محسوس کر رہا ہوں اس لئے کہ تیری ندا سے میں جاگوں گا اور تیری جستجو میں چلنا شروع کر دوں گا میرا رب کہاں ہے؟"این انت يا الهی ،

به گفتگوئےتو خیزم به جستجوئے تو باشم حدیث روضه نگویم گل بهشت نبویم
جمال حور نجویم دواں به سوئے تو باشم

اس دن مجھے کچھ بھی نہیں چاہیے باغ بھی نہیں چاہیئے بہشت بھی نہیں چاہیئے حور بھی نہیں چاہیے میں تیری تلاش میں ہوں گا۔

مئے بهشت ننوشم ز دست ساقئ رضوان
مرا به باده چه حاجت که مست روئےباشم

بہشت کی بھی مجھے ضرورت نہیں ہے "اللہ اکبر"

إلٰهِي اعْتِذارِي إِلَيْكَ اعْتذارُ مَنْ لَمْ يَسْتغْنِ عَنْ قَبُولِ عُذْرِهِ فَاقْبَلْ عُذْرِي يا أَكْرَمَ مَنْ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ المُسِيئُونَ

میں تیری بارگاہ میں آیاہوں۔ تجھ سے ملنے کے بعد کیا کروں گا؟اپنا عذر پیش کروں گا بہانہ پیش کروں گا اپنی عبادتوں کا بھی عذر پیش کروں گا اپنی معصیتوں پر بھی عذر پیش کروں گا۔ اس سے زیادہ نہیں ہو سکا، تیرا حق عبادت کہاں تھا اور میری یہ بندگی کہاں تھی اگر تو میرا عذر قبول نہ کرے تو میں کہیں نہیں جا سکتا میں کہیں کا بھی نہیں رہوں گا۔

فَاقْبَلْ عُذْرِي يا أَكْرَمَ مَنْ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ المُسِيئُونَ ،

اے وہ ذات جس کی طرف سارے گناہ گار اپنا عذر لے کر آتے ہیں وہ ذات تو ہے پس میرا عذر بھی قبول کر لے۔

إلٰهِي لاتَرُدَّ حاجَتِي

میری حاجت کو نہ پلٹا، خالی نہ پلٹا

وَلاتُخَيِّبْ طَمَعِي

یہ جو طمع پیدا ہوئی ہے اور میں یہ سوچ رہا ہوں اور یہ جو آرزو میرے دل میں آئی ہے کہ تو مجھے بخش دے گا، مجھے بخش دے۔

وَلاتَقْطَعْ مِنْكَ رَجائِي وَأَمَلِي ،

عذر کیا پیش کرنا ہے بس خدا سے معافی مانگنی ہے اور اپنے نیک عمل اور عبادتوں کو پیش کرنے کے بعد اس دن سمجھ میں آئے گا کہ وہ کچھ بھی نہیں ہے لھذا بس اس دن خدا کے حضور میں عذر پیش کروں گا"

میں عذر لے کر آیاہوں میں یہ کہتے ہوئے نہیں آیاہوں کہ میں بہت کچھ لے کر کے آیاہوں۔الھی لا ترد حاجتی"میری حاجتوں اور امیدوں کو رد نہ کر دے۔

"ارحم من راس ماله الرجا"

میرا کل سرمایہ یہی امید ہے۔ جو تیری ذات سے ہے۔

الهي قرعت باب رحمتك بيد رجائی"

میں نے اپنی امید کے ہاتھوں سے تیری رحمت کا دروازہ کھٹکٹایا ہے۔ تیرے باب رحمت پر اپنی امید کے ہاتھوں سے دستک دے رہا ہوں۔

إلِهِي لَوْ أَرَدْتَ هَوانِي لَمْ تَهْدِنِي

اے میرے رب، اے میرے معبود، اے میرے اللہ، اگر تو مجھے رسوا کرنا چاہتا تو میری ہدایت نہ کرتا تو نے جو میری ہدایت کا اتنا سامان کیا ہے اور مجھے اتنے ہادی بھیجے ہیں۔ تو نے مجھے جو چودہ معصومینؑ بھیجے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ تو مجھے رسوا نہیں کرنا چاہتا اسی لئے تو نے مجھے ہدایت دی ہے -

وَلَوْ أَرَدْتَ فَضِيحَتي لَمْ تُعافِنِي ،

میری معصیت اگر تو چاہتا تو مجھے عافیت نہ دیتا۔

إلِهِي ما أَظُنُّكَ

میرا تجھ سے یہ گمان نہیں تھا۔

تَرُدُّنِي فِي حاجَةٍ قَدْ أَفْنَيْتُ عُمْرِي فِي طَلَبِها مِنْكَ ،

ایک ہی حاجت ہے تجھ سے کہ مجھے معاف کر دے اسی حاجت میں، میں نے اپنی ساری زندگی گنوادی ہے۔ میں نے جس حاجت میں جس آرزو کو دل میں رکھ کر اپنی ساری زندگی گنوادی، ساری زندگی بسر کر دی وہی ایک آرزو لے کر تیرے پاس آیا ہوں تو کیسے ممکن ہے کہ تو ان آرزوں کو پورا نہ کرے؟ خدا سے حسن ظن رکھنا۔ یہ جو تیرے دل میں آرزو ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جو تیرا معشوق ہے وہ بھی تجھے چاہتا ہے اگر کوئی عاشق جویائے وصل ہے تو اس کا مطلب ہے کہ معشوق بھی تلاش وصل میں ہے وہ بھی وصال چاہتا ہے"

هیچ عاشق خود نباشد وصل جو
که نه معشوقش بود جویای او
لیک عشق عاشقان تن زه کند
عشق معشوقان خوش و فربه کند

خدا کا دل تو نہیں ہے خدا کا دل میں تعبیر کر رہا ہوں۔ یہ ساری تعبیریں ہیں۔ خدا بھی تجھے بہت چاہتا ہے اگر تیرے دل میں خدا کے لئے محبت ہے اگر تو حسن ظن رکھتا ہے۔

امام رضاؑ فرماتے ہیں:

أحسن الظن بالله ، فإن من حسن ظنه بالله كان عند ظنه

سب سے بہترین حسن ظن خدا سے حسن ظن رکھنا ہے۔ خدا پر حسن ظن رکھو کیونکہ جو خدا پر حسن ظن رکھے خدا اس کے حسن ظن کے مطابق سلوک کرتا ہے۔

أنا عند ظن عبدی المؤمن بی، إن خيراً فخيراً وإن شراً فشراً.

میرا مومن میرے بارے میں جو گمان رکھے گا میں اس کے مطابق فیصلہ کروں گا اگر میرا حسن ظن یہ ہے کہ اللہ مجھے معاف کر دے گا تو اللہ مجھے معاف کر دے گا۔ اگر میں ناامید ہوں تو پھر میرے گناہ معاف نہیں ہو گا۔

"وما توفیقی الا با لله علیہ توکلت و الیہ انیب"

ساتواں درس

"إِلٰهِي إِنْ أَخَذْتَنِي بِجُرْمِي أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ وَإِنْ أَخَذْتَنِي بِذُنُوبِي أَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ وَإِنْ أَدْخَلْتَنِي النَّارَ أَعْلَمْتُ أَهْلَها أَنِّي أُحِبُّكَ ، إِلٰهِي إِنْ كانَ صَغُرَ فِي جَنْبِ طاعَتِكَ عَمَلِي فَقَدْ كَبُرَ فِي جَنْبِ رَجائِكَ أَمَلِي ، إِلٰهِي كَيْفَ أَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ بِالْخَيْبَةِ مَحْرُوماً وَقَدْ كانَ حُسْنُ ظَنِّي بِجُودِكَ أَنْ تَقْلِبَنِي بِالنَّجاةِ مَرْحُوماً"

قیامت کے دن اگر جرم کی وجہ سے میرا گریباں پکڑ لے تو "أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ' میں بھی تیرا دامن عفو تھام لوں گا۔ اگر تو میرے گناہوں کی وجہ سے مجھے پکڑ لے، تو میں تیری مغفرت، غفران، بخشش اور عفو کو پکڑ لوں گا "

اگر مجھے جہنم میں ڈال دیا، اگرچہ لفظ صحیح نہیں ہے، لیکن ان الفاظ میں صرف اپنے احساسات کو بیان کر رہا ہوں۔ یہ اس لیے کہ اس طرح کے الفاظ ہم سمجھ سکتے ہیں۔

اگر دیکھیں تو امیر المومنین کا جملہ فقط اتنا ہے "أَدْخَلْتَنِي النَّارَ أَعْلَمْتُ أَهْلَها أَنِّي أُحِبُّكَ"

اگر تو نے مجھے جہنم میں ڈال دیا تو میں اہل جہنم سب کو بتادوں گا کہ میں کتنا تجھے چاہتا تھا، کتنا میں تجھ سے محبت کرتا تھا اس محبت کے باوجود میرے اللہ نے مجھے آتش جہنم میں ڈال دیا ہے۔

فرزند امیر المومنین امام زین العابدینؑ دعائے ابی حمزہ ثمالی میں فرماتے ہیں:

إِلٰهِي وَ سَيِّدِي، وَ عِزَّتِكَ وَ جَلالِكَ لَئِنْ طَالَبْتَنِي بِذُنُوبِي لَأُطَالِبَنَّكَ بِعَفْوِكَ، وَ لَئِنْ طَالَبْتَنِي بِلُؤْمِي لَأُطَالِبَنَّكَ بِكَرَمِكَ، وَ لَئِنْ أَدْخَلْتَنِي النَّارَ لَأُخْبِرَنَّ أَهْلَ النَّارِ بِحُبِّي لَكَ إِلٰهِي وَ سَيِّدِي، وَ عِزَّتِكَ وَ جَلالِكَ

الٰہی وسیدی، میرے معبود، میرے آقا: تجھے تیری عزت کی قسم، تیرے جلال کی قسم دے کر کہہ رہا ہوں

لَئِنْ طَالَبْتَنِي بِذُنُوبِي لَأُطَالِبَنَّكَ بِعَفْوِكَ

اگر تو نے مجھے روک لیا کہ تو گناہ گار ہے تو میں بھی یہ سوال اٹھاوں گا کہ تو بھی بخشنے والا ہے، اسی طرح اگر تو نے میرے گناہوں کی طرف دیکھا تو میں تیرے عفو پر سوال اٹھاوں گا: وَ لَئِنْ طَالَبْتَنِي بِلُؤْمِي لَأُطَالِبَنَّكَ بِكَرَمِكَ،

اے اللہ اگر تو نے میری تقصیر، میرے گناہوں، اور برے اعمال کی نشاندہی کی تو میں کس چیز کی نشاندہی کروں گا؟" کسی چیز کے مطالبے پر اگر تو نے مجھ سے حساب لیا تو میں تیرے کرم کا تقاضہ کروں گا" وَ لَئِنْ أَدْخَلْتَنِي النَّارَ "اور اگر تو نے مجھے آتش جہنم میں داخل کر دیا" لَأُخْبِرَنَّ أَهْلَ النَّارِ بِحُبِّي لَكَ "یہاں خدا سے لاڈلے اور پیارے بندے کی طرح اپنے نقصان کی دھمکی دے کر مطالبہ کر رہا ہوں، خدا سے کہہ رہا ہوں" لاخبرن "تاکید کے ساتھ کہ پھر میں خبر دوں گا میں جا کر ہر کسی سے کہوں گا "لَأُخْبِرَنَّ أَهْلَ النَّارِ بِحُبِّي "میں کتنا اپنے خدا کو چاہتا ہوں یا چاہتا تھا میرے دل میں ایک ہی محبت تھی وہ بھی میرے اپنے رب سے محبت تھی لیکن میرے رب نے مجھے جہنم میں تمہارے ساتھ ڈال دیا۔ اے اہل نار، تم خدا کی محبت نہیں رکھتے تھے اس لئے جہنم میں ہو میں خدا کی محبت رکھتا تھا پھر بھی میں جہنم میں ہوں۔ میں کیوں جہنم میں ہوں خدایا میں تجھے چاہتا ہوں۔ اگر تو کہے گا کہ، تو محبت تو مجھ سے کرتا تھا لیکن تیرے اعمال اچھے نہیں تھے تیری معصیت نے تجھے یہاں پہنچایا ہے تو میں کہوں گا۔

إِلَهِي وَ سَيِّدِي، إِنْ كُنْتَ لا تَغْفِرُ إِلّا لِأَوْلِيَائِكَ وَ أَهْلِ طَاعَتِكَ فَإِلَى مَنْ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُونَ، وَ إِنْ كُنْتَ لا تُكْرِمُ إِلّا أَهْلَ الْوَفَاءِ بِكَ فَبِمَنْ يَسْتَغِيثُ الْمُسِيئُونَ.

اے میرے اللہ، میرے معبود، میرے آقا میں گناہگار سہی اگر تو نے مغفرت صرف اپنے اولیاء اور اہل اطاعت کی کرنی ہے جنہوں نے تیری اطاعت اور بندگی کی اور اچھے کام کئے صرف ان کو جنت دینی ہے تو ہم گناہگاروں کا کون ہے؟ ہم کس کے پاس جائیں؟ تو ہمارا بھی اتنا پروردگار ہے جتنا عبادت گزاروں کا ہے۔ پس تو جتنا علیؑ کا رب ہے اتنا میرا بھی رب ہے۔ اگر تو نے صرف ان کو نوازنا ہے جو تیری اطاعت کرنے والے ہیں تو گناہگار پھر کہاں جائیں "وَ إِنْ كُنْتَ لا تُكْرِمُ إِلّا أَهْلَ الْوَفَاءِ بِكَ" اگر صرف اہل وفا کا اکرام کرنا ہے "فَبِمَنْ يَسْتَغِيثُ الْمُسِيئُونَ "تو ہمارا سہارا کون ہو گا؟ ہمارے لیے بھی صرف تو ہے۔ ہم بھی صرف تجھے ہی پکار سکتے ہیں اور صرف تجھے ہی پکاریں گے۔ کیا تو ہمیں پھر بھی گناہوں کی وجہ سے پکڑے گا۔؟

إِلَهِي إِنْ أَخَذْتَنِي بِجُرْمِي أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ وَإِنْ أَخَذْتَنِي بِذُنُوبِي أَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ

یہ میری سمجھ سے باہر تھا جب میں دعا پڑھ رہا تھا تو مجھے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ امیر المومنینؑ کیا فرما رہے ہیں "جو ذلیل ہے، مستکین ہے ، حقیر ہے، کسی قابل نہیں، جو منہ اٹھا کر بات کرنے کے بھی قابل نہیں وہ قیامت کے دن خدا کے سامنے حساب و کتاب کے وقت سب سے پہلا مطالبہ کر رہا ہے کہ مجھے حساب و کتاب اور باقی چیزیں نہیں چاہیے، مجھے جنت بھی نہیں چاہیے مجھے جہنم کی فکر بھی نہیں مجھے تو بس تیرا دیدار چاہیے اور یہ انسان کو کتنا اوپر لے آیا کہ وہ اپنے پروردگار کے مقابل میں کھڑا ہوا ہے اور کہہ رہا ہے کہ اگر تو میرے گناہوں کا پوچھے گا تو میں تیرے عفو کا سوال کروں گا۔ تو مجھے گناہوں کی وجہ سے پکڑے گا تو میں تیرا دامن عفو تھام لوں گا۔ اتنا اس انسان کو اوپر لے آیا اتنا انسان کو جراتمند بنا دیا۔ میں نہیں سمجھ سکا، حیران ہوں۔ میں نے سوچا آخر ایسا کیوں؟ پھر سمجھ آیا ،اب اسے سنیں اور سننے کے بعد عمل کیجیے گا۔ یہاں مجھے خدا کے مقابل میں پیش نہیں کیا جا رہا۔ کہ خدا کے مقابل میں آگیا ہوں اور کہہ رہا ہوں خدایا اگر تو مجھ سے پوچھے گا تو میں بھی تجھ سے پوچھوں گا۔ نہیں نہیں ایسا نہیں۔ بلکہ انسان خدا کی صفات جمالیہ کو اس کی صفات قہاریہ کے سامنے لا رہا ہو گا۔

قربان جاوں امیر المومنینؑ پر؛ خدا کی صفات جمالیہ کو صفات قہاریہ کے مقابلے میں لا کر قہر کو خاموش کرنے کا راستہ نکال رہے ہیں۔

اس لئے ہم دعائے کمیل میں پڑھتے ہیں:

يا مَوْلاَي فَكيفَ يبْقَى فِي الْعَذَابِ وَهُوَ يرْجُو مَا سَلَفَ مِنْ حِلْمِك أَمْ كيفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَهُوَ يامُلُ فَضْلَك وَرَحْمَتَك

میرے مولا! وہ کیسے عذاب میں مبتلا رہے گا جبکہ وہ تیری سابقہ نیکیوں اور بردباریوں کی امید لے کر بیٹھا ہے، کس طرح تیری آگ اس کو ستاتی رہے گی جبکہ وہ تیرے بے انتہا فضل و رحمت کا آرزو مند ہے؟

اللہ اکبر۔ دیکھیے، جب انسان اس دنیا سے جاتا ہے تو ہم اس سے کیا کہتے ہیں؟ جواب: یقیناً اسے مرحوم کہتے ہیں۔ کہ وہ مورد رحمت الہی قرار پایا ہے وہ انسان مرحوم و مقہور ہو جاتا ہے صفات جمالیہ بھی ہیں اور صفات قہریہ بھی ہیں۔ اس دنیا میں تو اسے آزادی تھی اب وہ مقہور ہو گیا ہے اب وہ لاچار ہو گیا ہے اب اسے حساب دینا ہے اب عمل، آزدی اور ارادے کا وقت ختم ہو گیا لیکن اسے کوئی

بھی مقہور نہیں کہتا اسے سب مرحوم کہتے ہیں۔ اس لئے کہ صفات قہریہ کی بجائے صفات جمالیہ کو استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ اللہ کو صفات جمالیہ سے پکارنا زیادہ پسند ہے صفات جمالیہ انسان کو قہر الٰہی سے نجات دلاتی ہیں "

إِلٰهِي إِنْ كانَ صَغُرَ فِي جَنْبِ طاعَتِكَ عَمَلِي

اے اللہ تیری اطاعت کے حق کے سامنے میرا عمل ہیچ ہے۔ میرا عمل اس قابل نہیں کہ تجھ سے درخواست کر سکوں کہ اس عمل کو قبول فرما۔ تیرا حق اطاعت کہاں اور میرا عمل کہاں؟ تیرے اولیاء نے جو عمل کیا وہ کہاں میرا عمل کہاں؟

جو نماز امام زین العابدینؑ پڑھتے تھے وہ کہاں اور جو نماز میں پڑھتا ہوں وہ کہاں؟ میرا عمل تیری اطاعت کے سامنے حقیر ہے۔ یہاں تین چیزیں سامنے آتی ہیں۔ ایک میرا عمل ہے اور دوسرا تیرا حق اطاعت" فَقَدْ كَبُرَ فِي جَنْبِ رَجائِكَ أَمَلِي

تیسری چیز" تجھ سے رجاء ہے میری آرزوئیں ہیں تو جو امیدیں مجھے دیتا ہے، جو رحمتیں عطا کرتا ہے وہ اور ہیں اس کے مقابل میں جو میری امیدیں اور آرزوئیں ہیں وہ اور ہیں اگر میرا عمل بہت حقیر ہے اور کم ہے اور تیرا حق اطاعت بہت زیادہ ہے تو پھر دوسری چیز تجھ سے رجاء ہے، بہت زیادہ ہے اس کے مقابلے میں میرا عمل جو قصور اور تقصیر سے بھرا ہوا ہے اسے قبول فرما۔

والد محترم (علامہ شیخ محسن علی نجفی مد ظلہ) نے اپنی تفسیر "الکوثر فی تفسیر القرآن" میں یہ شعر لکھا ہے:

چون عود نبود چوب بید آوردم

روئے سیہ و موئے سفید آوردم

گفتی توبہ کن کہ ناامیدی کفر است

بر قول تو رفتم وامید آوردم

" اللہ اکبر۔ کاش ہم ان باتوں کو سمجھ سکتے!

إِلٰهِي كَيْفَ أَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ بِالْخَيْبَةِ مَحْرُوماً وَقَدْ كانَ حُسْنُ ظَنِّي بِجُودِكَ أَنْ تَقْلِبَنِي بالنَّجاةِ مَرْحُوماً

الہی، میرا رب، میرے پروردگار، میری آرزو بہت بڑی ہے مگر تیرے رجاء کے سامنے یہ بہت چھوٹی ہے۔ یہاں پر جو عرض ہو رہا ہے۔ بارہ گاہ الہی میں جو مناجات ہو رہا ہے وہ یہ ہے کہ میں جو چیز لے کر آیا ہوں وہ حسن ظن ہے۔ پہلے بھی بیان ہو چکا ہے کہ اگر خدا کی بار گاہ میں ایک چیز کو بار بار پیش کیا جائے، اس پر اصرار کیا جائے تو باب رحمت کھل جاتا ہے اور خدا کو اپنے بندہ کا بار بار کہنا پسند ہے بار بار خدا کو پکاریں جتنی بار پکاریں اتنی بار ملے گا اور ہر مرتبہ پہلے سے زیادہ ملے گا اور اس کے درہائے رحمت کھلتے چلے جائیں گے۔

امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں:

" إن الله عز وجل، كره إلحاح الناس بعضهم على بعض في المسألة، وأحب ذلك لنفسه، إن الله عز وجل يحب أن يسأل، ويطلب ما عنده " (الكافي - الشيخ الكليني - ج ٢ - الصفحة ٤٧٥)

اگر کوئی انسان کسی دوسرے انسان سے سوال کرے، الحاح (کچھ دینے پر اصرار) کرے، بار بار مطالبہ کرے، مانگے یہ خداوند تعالی کو پسند نہیں۔ ہم سمجھ نہیں سکتے۔ ہم سمجھتے ہیں یہی اسباب ہیں۔ جن سے ہمیں ملتا ہے اس لئے ان اسباب سے بار بار مانگتے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ انسانوں کے پاس سب کچھ ہے اور انسانوں سے بار بار مانگتے ہیں۔ خدا کہتا ہے ان سے نہ مانگو اگر کبھی مانگو بھی تو بار بار نہ مانگو۔ اگر لوگوں سے نہیں مانگو گے خدا تمہیں عطا کرے گا وہ کچھ دیر تجھے کیوں نہیں دیتا؟ تاکہ وہ دیکھے کہ وہ جو تیرا ہے کیا تو بھی اس کا ہے یا نہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ مجھے اللہ کے علاوہ باقی سب سے امید ہے اور جب میں امید لے کر اس کے در پر ایک دفعہ گیا، دو دفعہ گیا، چار دفعہ گیا، نہ صرف یہ کہ مجھے نہ دیا بلکہ دھتکار دیا میری آبرو بھی گئی اور ملا بھی کچھ نہیں۔ میں واپس آیا اور گڑ گڑنا شروع کیا، اے اللہ میں کسی کو نہیں مانتا کوئی بھی مجھے نہیں دے سکتا صرف تو ہی دے سکتا ہے مگر پھر بھی خدا کی طرف سے نہیں ملتا۔ تو کیوں نہیں ملتا؟ اس لیے کہ خدا آزماتا ہے۔ ایک دو دن دعا مانگنے کے بعد یہ خیال آتا ہے کہ ہاں، فلاں بھی تو ہے۔ پھر خدا کو چھوڑ کر کسی اور کے دروازے پر چلا جاتا ہے "

"إن الله عز وجل، كره إلحاح الناس بعضهم على بعض "

ایک دوسرے سے اصرار کرنا اور مانگنا خدا کو ناپسند ہے و أحب ذلك لنفسه خدا کے پاس بار بار آنا اللہ کو بہت زیادہ پسند ہے۔

إن الله عز وجل يحب أن يسأل، ويطلب ما عنده

خدا کو یہ بات پسند ہے کہ اس سے بار بار مانگا جائے، بار بار اس کے در پر آیا جائے، یہ بہت بڑی نعمت ہے۔

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں :

والله لا يلح عبد مومن على الله فی حاجة الاّقضاها له

خدا کی قسم اللہ کا کوئی بندہ بھی اپنی حاجت اللہ سے مانگنے میں اصرار نہیں کرے گا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت کو قبول کرتا ہے۔

اگر کوئی عبد مومن اللہ سے الحاح کرے بار بار مانگے تو یقیناً اسے وہ حاجت مل کر رہتی ہے۔

اگلا جملہ ہے:إلِهِي كَيْفَ أَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ"

میں کس طرح تیرے حضور سے خالی واپس آجاوں، محروم واپس آجاوں؟ جبکہ میرا حسن ظن تجھ پر ہے اور میں اپنے تمام اعمال میں اپنے قصور اور تقصیر کو قبول کرتا ہوں میں اس بات کو مانتا ہوں کہ میرے عمل میں کوئی طاقت نہیں کوئی حسن نہیں میرا عمل مجھے کہیں نہیں پہنچا سکتا۔

میرا نبی وجہ تخلیق کائنات ہے وہ جو مرد اول عالم امکان ہے، وہ جس کی نعت میں تمام قرآن ہے وہ پیغمبرؐ ارشاد فرمارہے ہیں "

"ما عبدناك حق عبادتك و ما عرفناك حق معرفتك"

اے اللہ؛ حق عبادت، محمد مصطفےؐ سے بھی ادا نہیں ہو سکا۔ وہ عبادت جس میں علیؑ کی عبادت بھی شامل ہے۔ وہ علیؑ جس کی خندق کے روز کی ایک ضربت ثقلین کی عبادت سے افضل ہے۔ اس کے سامنے تمام فرشتوں کی عبادت ہیچ ہے اس عبادت کے بارے میں ہے۔

"ما عبدناك حق عبادتك "

ہم حق عبادت ادا نہیں کرسکتے۔ گر محمدؐ اور علیؑ یہ فرماتے ہیں تو ہماری عبادت کی کیا حیثیت ہے۔ ہمارے عبادتوں سے کیا ہو سکتا ہے؟

امام موسی ابن جعفرؑ فرماتے ہیں:

" كل عمل تعمله تريد به وجه الله عز وجل فكن فيه مقصرا عند نفسك، فإن الناس كلهم في أعمالهم فيما بينهم وبين الله عز وجل مقصرون " (الكافي - الشيخ الكليني - ج ٢ - الصفحة ٥٧٩)

جو بھی عمل کرتے ہو، اس میں اپنی کوتاہی کو، اپنے اس عمل کے کامل نہ ہونے کے باوجود، انجام دو اور اس کے بعد اس عمل کو انجام دو، پھر اس کے بعد اللہ سے طلب کرو۔

" فان الناس كلهم فى اعمالهم فيما بينهم و بينما عزوجل مقصرون "

تمام لوگوں کے اعمال و عبادتوں کو بھی جمع کیا جائے تو بھی خدا کی عبادت کا حق ادا نہیں کر سکتا۔

افسوس برین عمر گرانمایه که بگذشت

ما از سر تقصیر و خطا درنگذشتیم (سعدی)

اگر ہمارے اعمال اس قابل نہیں ہیں کہ ہمیں بچا سکیں تو پھر کیا کریں؟ حدیث قدسی ہے۔

لا يتكل العاملون لي على أعمالهم "

جو میرے لئے عمل کرتے ہیں وہ اپنے اعمال پر تکیہ نہ کریں جو عمل وہ انجام دیتے رہے ہیں ان پر بھروسہ نہیں ہونا چاہیے۔

ان باتوں سے کوئی غلط نہ سمجھے کہ جو عمل کر رہے ہیں اس کا فائدہ نہیں۔ یہ عمل صرف خدا سے نظر لطف مانگنے کے لئے ہے۔ اگر یہ عمل بھی نہ کریں تو ہم یہ باتیں بھی نہیں کر سکیں گے۔ اور نہ ہی معصومینؑ کے کلام کو اپنی زبان پر جاری کر سکیں گے۔ پس جن کا امیر المومنینؑ کے عمل سے، کردار سے، دعاوں سے اور تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں ہے ان کا امیر المومنینؑ سے بھی کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی وہ اللہ سے اس طرح کلام کر سکتے ہیں۔

" لا يتكل العاملون لي على أعمالهم التي يعملونها لثوابي "

جو اپنے ثواب کے لئے اعمال کرتے ہیں اسپر اکتفاء نہ کریں۔

"فَإِنَّهُمْ لَوِ اجْتَهَدُوا وَ أَتْعَبُوا أَنْفُسَهُمْ "

وہ جتنی بھی کوشش کریں اور خود کو جتنا بھی تھکا دیں

كَانُوا مُقَصِّرِينَ "حق عبادت کو ادا نہیں کر سکتے۔ پھر کیا کریں "

وَ لَكِنْ فَبِرَحْمَتِي فَلْيَثِقُوا

تمام تر اعتماد میری (خدا کی) رحمت پر ہونا چاہیے۔

وَ بِفَضْلِي فَلْيَفْرَحُوا

میرے فضل سے امید رکھو

وَ إِلَى حُسْنِ الظَّنِّ بِي فَلْيَطْمَئِنُّوا

اطمینان کس سے ہو گا؟ حسن ظن سے ہو گا۔

تمام تر اطمینان حسن ظن سے ہو گا۔ جو اللہ سے حسن ظن آپ نے رکھا ہوا ہے اس کی وجہ سے مطمئن ہو جاو۔

لوگوں کی طرف سے یہ سوال بہت زیادہ آتا ہے کہ ہم وہ کونسا عمل کریں جس سے ہم مطمئن ہو جایئں کہ ہمارا عمل قبول ہوا ہے؟ تو جواب یہ ہے کہ تمہارا کوئی بھی عمل اس قابل نہیں کہ تم اس پر اعتماد کر سکو۔ کسی عمل کی بات نہ کرو عمل سارے کرو مگر اپنے کسی پر اعتماد نہ کرو۔

اعتماد کس پر؟ رحمت خدا پر خدا کے اوپر حسن ظن پر، خدا سے اچھا گمان رکھو پھر اعتماد رکھو پھر مطمئن ہو جاو ۔

مناجات کا اگلا جملہ یہ ہے:

إِلَهِي وَقَدْ أَفْنَيْتُ عُمْرِي فِي شِرَّةِ السَّهْوِ عَنْكَ وَأَبْلَيْتُ شَبابِي فِي سَكْرَةِ التَّباعُدِ مِنْكَ فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ أَيَّامَ اغْتِرارِي بِكَ وَرُكُونِي إِلى سَبِيلِ سَخَطِكَ ،

خدایا، میں نے اپنی تمام عمر ضائع کر دی سہو اور غفلت میں پڑا رہا اپنی جوانی بھی ہاتھ سے دے دی"، تجھ سے دور رہا جوانی میں تیرا قرب حاصل کرنے کی ساری طاقتیں میرے پاس تھیں اور تمام بدن، روح اور شعور کی طاقتیں اپنی جوبن پر تھیں ان طاقتوں سے

میں نے تیرا تقرب حاصل کرنا تھا، لیکن میں مست رہا، غفلت میں رہا، میں اپنے مقصد حیات کو بھول گیا اور میں نہ جانے کن کاموں میں زندگی بسر کرتا رہا اور جوانی چلی گئی۔

فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ أَيَّامَ اغْتِرارِي بِكَ وَرُكُونِي إِلى سَبِيلِ سَخَطِكَ ،

کس غفلت میں رہا ہوں، کس سہو میں، میں نے یہ زندگی گزاری ہے کہ جب تو نے مجھے جھنجھوڑا اور تو نے مجھے اپنے سخط سے، غضب سے عذاب سے بھی آگاہ کرنا چاہا مجھے خبر نہ ہوئی اور میں نہیں جاگا۔ کرونا آیا کرونا نے سب کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا موت کو قریب سے دکھا دیا مگر مجھے ابھی تک کوئی خبر نہیں ہوئی۔ میں ابھی تک پہلی والی زندگی گزار رہا ہوں۔ میں ابھی تک انہیں لوگوں کو سن رہا ہوں جنہوں نے میری ساری زندگی لہو لعب میں تباہ کر دی۔ ابھی میں انہیں سے سن رہا ہوں کہ مجھے ان ایام میں کیا کرنا ہے۔ اللہ اکبر، کیسے ممکن ہے؟ کب مجھے ہوش آئے گا؟ کب میں جاگوں گا؟ "

إِلٰهِي وَأَنا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ قائِمٌ بَيْنَ يَدَيْكَ مُتَوَسِّلٌ بِكَرَمِكَ إِلَيْكَ ،

میں اپنی ساری زندگی گنوا چکا ہوں۔ میں نے اپنی ساری جوانی برباد کر دی۔ مجھے خبر نہ ہوئی۔ تو نے جھنجھوڑنے کی کوشش کی، میں پھر بھی نہیں جاگا۔ لیکن الہی میں تیرے پاس آیا ہوں۔ یہ وہ موت بھی ہو سکتی ہے جو موت کے بعد ہے اور ابھی بھی اگر اس کو سمجھ لوں اور خدا کے پاس پلٹ کر چلے جاوں اور ابھی بھی اختیاری طور پر ایک موت کو اختیار کروں، اللہ کے لقاء کروں اور ان کلمات کو اپنی زبان پر لاوں "إِلٰهِي وَأَنا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ" الہی میں تیرا بندہ ہوں تیرے بندے کا بیٹا ہوں "قائِمٌ بَيْنَ يَدَيْكَ" سب غفلتیں ختم ہو گئیں اب میں ہوشیار ہوا ہوں، میں آیا ہوں لیکن خالی ہاتھ ہوں میرے پاس کچھ بھی تجھے پیش کرنے کے لئے نہیں ہے۔ تو بے نیاز ہے تجھے کچھ بھی میں لا کر نہیں دے سکتا جو تیرے پاس نہیں ہے وہ نیاز ہے، حاجت ہے وہ میں تیرے پاس لے کر آیا ہوں تیرے پاس اپنی حاجت لے کر آیا ہوں۔

"مُتَوَسِّلٌ بِكَرَمِكَ إِلَيْكَ" میں کرم مانگنے آیا ہوں میں نے غفلت میں اپنی عمر گزار دی ہے۔

قرآن میں بہت زیادہ تاکید ہے کہ انسان غفلت میں اپنی زندگی نہ گزارے اور یہ دور غفلت کا دور ہے یہ ٹیکنالوجی جو آپ کے ہاتھوں میں ہے آپ کے دائیں بائیں ہے آپ کے اطراف میں ہے اس کا اصل مقصد آپ کو غفلت میں رکھنا ہے۔ آپ اصل ہدف سے غافل رہیں اور اس طرح کام کرتے جائیں جس طرح شیطان چاہتا ہے۔

قرآن میں ہے؛

"لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ " (الاعراف:179)

ان کے پاس دل ہیں مگر سمجھنے کا کام نہیں لیتے، ان کے پاس آنکھیں ہیں مگر دیکھتے نہیں، ان کے پاس کان ہیں مگر سنتے نہیں، یہ تو جانور ہیں بلکہ ان سے بھی بد تر ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جو غفلت میں پڑے ہیں۔

دل تو ہے لیکن سوچتے نہیں ہیں سمجھتے نہیں ہیں درک نہیں کرتے، آنکھیں ہیں لیکن دیکھتے نہیں ہیں۔ جو نہ دیکھنے والی چیزیں ہیں ان چیزوں کو دیکھتے ہیں اور جو دیکھنے کی چیزیں ہیں ان کو نہیں دیکھتے "

وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ

یہ جانوروں کی طرح ہے بلکہ ان سے بھی بد تر ہے کیوں؟

"أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ "

کیونکہ انسان کی یہ حالت غفلت کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔ اٹھ جاو اور غفلت کو چھوڑ دو "

صبحدم شد زود برخيز اي جوان

رخت بربند و برس در كاروان

كاروان رفت و تو غافل خفته اي

در زياني در زياني در زيان

"ویل لمن غلبت علیه الغفلة فنسی الرحلة ولم یستعد "

ویل ہے بربادی ہے وتباہی ہے اس پر جس پر غفلت کا غلبہ ہو وہ کوچ کرنے کو بھول گیا "

وَ أَبْلَيْتُ شَبَابِی فِی سَكْرَةِ التَّبَاعُدِ مِنْکَ

اور میں نے مستی میں، نشے میں اپنی جوانی گنوادی، جو جوان سن رہے ہیں وہ اور جو بچے ہیں وہ اپنی جوانیوں کو تباہ نہ کریں۔

نشہ صرف شراب کا نشہ نہیں ہے اس سے بڑھ کر بھی بڑے نشے ہیں۔

سُكْرُ الْغَفْلَةِ وَالْغُرُورِ أبْعَدُ إفَاقَةً مِنْ سُكْرِ الْخَمُورِ

شراب کا نشہ تو جلدی اتر جاتا ہے لیکن غفلت اور غرور کا نشہ بہت دیر سے اترتا ہے اور جب اترتا ہے تو بہت دیر ہوچکی ہوتی ہے
استعیذوا باللہ من سکرة الغنی

اللہ سے پناہ مانگو۔مالدار اگر ہو تو اس کا نشہ تم پر حاوی نہ ہو جائے۔بہت سے چھوٹے لوگ ہوتے ہیں انہیں بہت تھوڑا مال مست کر دیتاہے ان بیچاروں کی حالت قابل رحم ہے کیونکہ چھوٹے لوگوں کو کم مال مست کر دیتا ہے انہیں اپنے مقصد خلقت سے غافل کر دیتا ہے۔ غنی ہونے کے نشے سے اللہ سے پناہ حاصل کرو ۔

"فإن له سكرة بعيدة الإفاقة"

ایسا نشہ ہے جو آپ کی عقل کو زائل کر دیتاہے۔جب تک آپ کی عقل زائل رہتی ہے بہت دیر ہو چکی ہوتی ہے۔انتہائی خوبصورت حدیث پیش خدمت ہے"ینبغی للعاقل" غور سے سنیے گا۔

عاقل وہ ہے جو اپنے آپ کو محفوظ رکھے مال، قدرت، علم، مدح، جوانی کی نشے سے۔اگر تم عاقل ہو؟ تو اس کی علامت امیر المومنینؑ فرمارہے ہیں:ینبغی للعاقل "عاقل کے لئے سزاوار ہے، عاقل کو یہ کام کرنا چاہیے، تمام عقلا سنو اور یہ کام کرو، ہر شخص اپنے اپنے حساب سے جتنا اس کے پاس مال ہے جتنی اس کے پاس قدرت ہے جتنا اس کے پاس علم ہے، جتنی اس کی لوگ تعریف کرتے ہیں، جتنی اس کے پاس جوانی ہے وہ اتنا ہی مست ہے اور جتنا چھوٹا انسان ہے وہ اتنی چھوٹی چیز پر زیادہ مست ہو جاتا ہے یہ تمہارے چھوٹے پن کی علامت ہے۔ جاگو!عاقل کے لئے یہ بات سزاوار ہے کہ وہ مال کے نشے سے نکل آئے وہ قدرت کے نشے سے نکل

آئے وہ علم کے نشے سے نکل آئے۔ علم کے نشے کی وجہ سے عالم اپنے آپ کو برتر جاننا شروع کر دیتا ہے۔ یہ علم صرف علم دین نہیں۔ عالم صرف مذہبی پیشوا نہیں ہوتا بلکہ تمام پڑھے لکھے جن کو اپنے میدان میں تھوڑی سی سوجھ بوجھ ہے، سب اس زمرے میں آتے ہیں۔ ان کو معلوم ہو گیا ہے کہ آپ سائنس و ٹیکنالوجی میں میڈیکل میں کتنا آگے نکل گئے ہیں ایک وائرس سے ہار گئے ہیں۔ جہالت کا اعتراف کرنا پڑا۔ کوئی عالم نہیں ہے۔

وما اوتیتم من العلم الا قلیلا"

تمہیں بہت تھوڑا سا علم دیا گیا ہے کیوں اتنے سے علم پر نشے میں آجاتے ہو؟"سکر العلم و سکر المدح"اگر تمہارے سامنے کوئی تمہاری تعریف کرتا ہے، اور تمہیں معلوم ہے جھوٹ بول رہا ہے تمہیں معلوم ہے کہ تم اتنے خوبصورت نہیں ہو، تو تم نشے میں آجاتے ہو"وسکر الشباب"اور جوانی کا نشہ۔

اپنے دلوں پر امیر المومنینؑ کا یہ فرمان لکھ دیں کہ :

"فان لکل ذلک ریاح خبیثه تسلب العقل و تستخف الوقار " (مستدرک میرزا حسین نوری طبرسی، الوسائل، ج 11، ص371)

یہ نشہ آخر کس چیز کا؟ مال کا، قدرت کا، مدح کا، علم کا اور جوانی کا۔ ان تمام نشوں کی ایسی بدبو ہے کہ وہ عقل کو سلب کر لیتی ہے اس کا وقار ختم کر دیتی ہے۔ اللہ اکبر! کوئی چشم بینا امیر المومنینؑ سے لے۔ ہم جس مال کو سینے سے لگائے ہوئے ہیں ہمیں لگ رہا ہے کہ ہم سے کتنی خوشبو آرہی ہے ہم نے جو لباس فاخرہ زیب تن کیا ہوا ہے، مہنگا موبائل ہاتھ میں لیا ہوا ہے، امیر المومنینؑ فرماتے ہیں ان چیزوں سے ایسی بدبو آتی ہے کہ خود امیر المومنینؑ کے الفاظ استعمال کروں، ایسی خبیث بدبو اٹھتی ہے کہ وہ انسان کے عقل کو زائل کر دیتی ہے"تسلب العقل" اصلا عقل نہیں رہتی، اس کا شمار عقلا میں نہیں رہتا اس کی کوئی عزت باقی نہیں رہتی۔

"فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ أَيَّامَ اغْتِرارِي بِكَ وَرُكُونِي إِلى سَبِيلِ سَخَطِكَ"

میں نہیں جاگا۔ میرے ساتھ سب کچھ ہو گیا۔ میں نے لوگوں کو مرتے ہوئے دیکھا نہیں جاگا۔ میں نے عذاب الٰہی نازل ہوتے ہوئے دیکھا نہیں جاگا، میں نے اللہ کی آیات کو آسمان وزمین میں دیکھا نہیں جاگا۔ روز سائنس نے اللہ کے کرشموں کو بتایا مگر نہیں جاگا۔ مجھے ہزاروں لاکھوں کروڑوں کہکشاوں نے بتایا میں نہیں جاگا، سوتا رہا۔

امیر المومنین فرماتے ہیں: لوگ سوئے ہوئے ہیں جب مرتے ہیں تو ان کی آنکھیں کھلتی ہیں۔

"إِلٰهِي وَأَنا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ "

میں تیرا غلام، تیرا بندہ اور تیرے بندوں کا بیٹا ہوں، میری ماں بھی تیری کنیز ہے میرا باپ بھی تیرا عبد ہے، میں اب تیری بارگاہ میں ہوں۔

إلهي كفى بي عِزًّا أن أكون لك عَبدًا، وكفى بي فخرًا أن تكون لي رَبًّا

اے امیر المومنینؑ، قربان جاوں آپ کے ان کلمات پر! میرے پروردگار "كفى بى فخرا" میرے فخر کے لئے، یہ جوانی نہیں، یہ ذوالفقار نہیں، یہ لباس نہیں چاہیے؟ بلکہ میرا فخر تو یہ ہے کہ تو میرا رب ہے "وكفى بى عزا" اور میری عزت کے لئے یہ کافی ہے کہ "أن أكون لك عَبدًا "کہ میرا تیرا عبد ہوں "

میں جس طرح چاہتا تھا میرا رب ویسا ہی ہے وہ تمام کمالات تجھ میں ہے۔ فاجعلني كما تُحب پس مجھے بھی اس طرح قرار دے جس طرح تو مجھے چاہتا ہے تو مجھے انسان کامل دیکھنا چاہتا ہے تو مجھ میں اپنی تمام صفات کا آئینہ دیکھنا چاہتا ہے لہذا تو ہی مجھے ایسا بنا دے جیسا تو چاہتا ہے ".

ہماری دعا ہے کہ خدا ہمیں، ان مناجات کو سمجھنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

آٹھواں درس

بسم الله الرحمن الرحيم

" إِلهِي أَنا عَبْدٌ أَتَنَصَّلُ إِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ أُواجِهُكَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ اسْتِحيائِي مِنْ نَظَرِكَ وَأَطْلُبُ العَفْوَ مِنْكَ إِذِ العَفْوُ نَعْتٌ لِكَرَمِكَ، إِلهِي لَمْ يَكُنْ لِي حَوْلٌ فَأَنْتَقِل بِهِ عَنْ مَعْصِيَتِكَ إِلّا فِي وَقْتٍ أَيْقَظْتَنِي لِمَحَبَّتِكَ وَكَما أَرَدْتَ أَنْ أَكُونَ كُنْتُ فَشَكَرْتُكَ بِإدْخالِي فِي كَرَمِكَ وَلِتَطْهِيرِ قَلْبِي مِنْ أَوْساخِ الغَفْلَةِ عَنْكَ."

مناجات شعبانیہ امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ الصلوٰۃ و السلام کی زبان پر جاری ہونے والے وہ کلمات ہیں جو صرف مولا الموحدین علی ابن ابی طالبؑ ہی ادا کر سکتے ہیں صرف آپ ہی ان مناجات کو اپنی زبان مبارک پر جاری کر سکتے ہیں تاریخ اور کتب احادیث گواہ ہیں کہ اس قسم کی دعا صرف اور صرف لسان امیر المؤمنین سے جاری ہوئی ہے اور اس کے بعد امام علی کی اولاد میں سے ائمہ طاہرین علیہم السلام نے اس قسم کے مناجات کی ہیں۔ وہ ہستی جس کے کان میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے زیادہ نجوی کیا اور پھر جب اصحاب نے اعتراض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا یہ نجوی میں علی کی کان میں نہیں کر رہا بلکہ خدا علی کی کان میں نجوی کر رہا ہے وہی علی جب بارگاہ خداوندی میں نجوی کرتا ہے تو مناجات شعبانیہ کی صورت میں زندہ و پائندہ ہو جاتا ہے۔

بعض لوگوں نے سوال کیا تھا کہ کیا یہ دعا مفاتیح الجنان میں بھی ہے ؟

جی یہ دعا مفاتیح الجنان اور دعا کی دیگر کتابوں میں بھی ہے آن لائن بھی موجود ہے اس کو آپ مفاتیح سے پڑھنا چاہتے ہیں تو شعبان کے اعمال میں مناجات شعبانیہ ملے گی جسے آپ پڑھ سکتے ہیں۔ مناجات کو اپنے ساتھ کھول کر رکھیے گا یہاں پر بھی بہت کم جملے پڑھتے ہیں ان کو سمجھیے گا اس کے بعد پھر پڑھیے گا اور پھر لطف لیجئے گا اصل لطف آپ کو کلام امیر المؤمنینؑ سے ہی آئے گا اور یہ وہ توحید ہے جس کے گرد کسی اور کی بیان کردہ توحید نہیں پہنچ سکتی یہ توحید کا وہ عظیم شاہکار ہے جس تک کسی کے عقل اور تخیل کی رسائی نہیں۔ اس میں علی ابن ابی طالبؑ آپ کو معرفت الٰہی اور قرب الٰہی کی طرف لے کے جا رہے ہیں امام علیہ السلام فرماتے ہیں:

إِلٰهِي أَنا عَبْدٌ

اے اللہ امیرے معبود! میں ابھی نہ ہی اس الٰہی کو بیان کر سکا نہ ہی سمجھ سکا اور نہ ہی اس کی لطافت آپ تک پہنچا سکا ہوں اور نہ اپنی جان اور دل میں اتار سکا ہوں۔

"أَتَنَصَّلُ إِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ أُواجِهُكَ"

میں پشیمان ہوں، میں توبہ کر رہا ہو، میں واپس آ رہا ہوں، میں شرمندہ ہوں، میں جس طرح تجھ سے معاملہ کرتا رہا ہوں تیرے محضر میں گناہ کرتا رہا ہوں یہ میری بے شرمی ہے اور بے حیائی ہے کہ تجھ جیسا دیکھنے والا دیکھتا رہا اور میں نے اتنی حقیر سی عبادت اس کے لئے پیش کی اور تجھ جیسا ناظر اور گواہ دیکھتا رہا میں گناہ کرتا رہا۔

وَأَطْلُبُ العَفْوَ مِنْك

میں تجھ سے معافی کا طلب گار ہوں اس لئے کہ

إِذِ العَفْوُ نَعْتٌ لِكَرَمِكَ

عفو تری کرم کی صفات میں سے ایک نہایت خوبصورت صفت ہے یہاں پر ایک صفت حیاء ہے جس کو امیر المؤمنین بتانا چاہ رہے ہیں یہ حیا مجھ میں کم ہے تو میں اب پلٹ آیا ہوں اب میں نے بے حیائی اور بے شرمی سے توبہ کر لی ہے میں پلٹ کر تیرے پاس آیا ہوں اور اپنی اس گستاخی پر شرمندہ ہوں اس حیا کی لطیف صفت کو ہمارے اندر بیدار کرنا چاہ رہا ہوں یہ حیا وہ شجرہ طیبہ ہے جس کی شاخوں میں سے ہر شاخ پر ایک صفت اگتی ہے اور صفات اخلاقیہ میں سے بہت سی صفات اسی صفت سے نشو نما پاتی ہیں اس شجر یہ طیبہ سے انسان بہت کچھ لے سکتا ہے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث طیبہ پیش کر رہا ہوں :

"أما الحياء فيتشعب منه اللين، والرأفة، والمراقبة لله في السر والعلانية، والسلامة، واجتناب الشر، والبشاشة، والسماحة، والظفر، وحسن الثناء على المرء في الناس، فهذا ما أصاب العاقل بالحياء، فطوبى لمن قبل نصيحة الله وخاف فضيحته " (ميزان الحكمة- محمد الريشهري-ج١-الصفحة٧١٧)

ماہ شعبان میں گروہ در گروہ جب بہت زیادہ سہولتیں مل رہی ہیں۔تو بہت سی چیزیں حیاسے حاصل ہوتی ہیں۔ رحمت کے بہت سے پیکیجز آپ کو مل جاتے ہیں اس مہینے میں سب بڑی سہولت مناجات شعبانیہ کی ہے وہ معرفت ہمیں حاصل ہو رہی ہے جسے ہم تصور نہیں کرسکتے اگر حیاء ہو تو آپ کا قول نرم ہو جائے گا آپ کی شخصیت میں وہ جو سختی ہے وہ ختم ہو جائے گی اور نرم خو ہو جاو گے آپ کی شخصیت میں عطوفت آجائے گی اگر حیاء ہو تو آپ خدا سے حیا کرینگے جب خدا سے حیاء ہو گا تو آپ میں مراقبت آجائے گی اور آپ کی شخصیت میں مراقبت آنے کا مطلب یہ ہے نہ ہی اعلانیہ نہ چھپ کر نہ آشکار طور پر آپ خدا کی مخالفت کرینگے اس کے فوائد اس قدر ہیں کہ اگر ایک ایک کو کھول کر بیان کرنا شروع کر دوں تو ہمارے پاس وقت نہیں رہے گا۔ اسی ایک صفت حیاء کی وجہ سے آپ شر ور سے محفوظ رہیں گے آپ سالم رہیں گے اور رذایل اخلاقی سے بھی محفوظ رہیں گے چہرہ آُپ کا ہشاش بشاش رہے گا آپ میں انرجی آئے گی آپ میں لطف اور کیف اور سرور آجائے گا زندگی گزانے میں مزا آئے گا۔ اگر حیاء ہو تو کامیابی مل جائے گی لوگوں کی زبان پر آپ کی تعریفیں جاری ہوں گی یہ تمام صفات عاقل حیاء سے پیدا کرتا ہے اگر اس کی شخصیت میں حیاء ہو تو اس شخص کے لیے طوبی ہے طوبی وہ درخت ہے جہاں سے جنت کے تمام نعمات ملیں گی حدیث میں ہے کہ ،

"الحیاء مفتاح کل الخیر "

چھوٹے سے جملے میں سب کچھ بیان کر دیا تمام خیر کی چابی تمام خیر کا ذریعہ حیاء ہے اور ایک چیز جس کو ہم سمجھ سکیں اور محسوس کر سکیں کہ حیاء کیا کرتا ہے؟ کاش اس کو میں سمجھا سکوں!

یہ صفات جو ہم اللہ کے بارے میں بیان کرتے ہیں یہ خدا میں ہماری طرح نہیں ہوتیں جیسے خدا عالم ہے خدا غضب کرتا ہے خدا رحمت کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ خدا میں کوئی تغیر آرہا ہوتا ہے خدا میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی ہے ہم یہ سارے دعائیں کیوں کر رہے ہوتے ہیں کہ خدایا رحم فرما اور خدا رحم کر خدا تو ہمیشہ رحم کرنے والا ہے ایسا نہیں ہوتا وہ رحم کر رہا ہو آپ کے کہنے کی وجہ سے نہ کرے یا نہ کر رہا ہو اور آپ کی دعا کی وجہ سے کر دے ایسا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ اس کی طرف سے رحمت نازل ہو رہی ہوتی ہے وہاں سے فیوضات بے کراں ہمیشہ سیل رواں کی طرح عباد کی طرف آرہی ہوتی ہیں وہاں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی ہے تبدیلی

ہم میں آتی ہے جب ہم خدا سے دعا کرتے ہیں کہ رحم کر یعنی ہم اپنے آپ کو کہہ رہا ہوتا ہے کہ اپنے حال پر رحم کر اور رحمت الٰہی کو حاصل کر یہاں خدا حیاء کرتا ہے اس کا مطلب اس طرح حیا کرنا نہیں جیسے ہم حیاء کرتے ہیں۔

"و اطلب العفو منک "

اور میں تجھ سے عفو کا طلب گار ہوں اس لئے کہ عفو جو ہے وہ تیری صفات میں سے ایک صفت ہے تیری کرم کی صفات میں سے ایک صفت ہے۔

یا من في عفوه يطمع الخاطئون

ہم جیسے گناہ گار ہم جیسے خطاکار ہم جیسے لغزش اور خطا کرنے والے انسان تیرے عفو اور تیری بخشش کے طلبگار ہیں۔

"الهی لم یکن لی حول "

انتہائی خوبصورت جملہ ہے ہر جملہ نہایت خوبصورت ہے اور جی چاہتا ہے کہ ہر جملے پہ ایک ایک گھنٹہ انسان گفتگو کرے اور سوچتا رہے۔اس کے لئے سارا سارا دن بھی اگر سوچتا رہے تو وہ بھی کم لگتا ہے جتنی دفعہ آپ ان جملات پر غور و فکر کریں گے اتنے ہی معارف کے خزانے ملتے جائیں گے۔

میرے پاس کوئی بھی طاقت نہیں ہے ۔

تیری معصیت سے بچنے کے لئے ایک طاقت چاہیے، قوۃ چاہیے، صبر چاہیے حوصلہ چاہیے جو مجھ میں نہیں ہے میں نہ شیطان سے بھاگ سکتا ہوں نہ یہ حوا و حوس اور نہ ہی دنیا طلبی اور دنیاوی لذتوں کا مقابلہ کر سکتا ہوں میں معصیت سے نہیں رک سکتا میرے پاس کوئی ایسی طاقت نہیں ہے کہ میں معصیت سے رک سکوں ایک طاقت ہے جو مجھے معصیت سے روکتی ہے ۔وہ کیا ہے؟ یہ جملہ:

إلّا فِي وَقْتٍ أَيْقَظْتَنِي لِمَحَبَّتِكَ

میں اس وقت معصیت سے رک سکتا ہوں شیطان میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا ساری دنیا سے میں ٹکر لے سکتا ہوں جب میرے دل میں تیری محبت آجائے کتنا خوبصورت کلام ہے ۔

وَكَما أَرَدْتَ أَنْ أَكُونَ كُنْتُ فَشَكَرْتُكَ بِإدْخالِي فِي كَرَمِكَ

میں اپنے تئیں کچھ بھی نہیں کر سکتا اور نہ مقابلہ کر سکتا ہوں میں بہت ضعیف ہوں لیکن میں طاقتور ترین فرد بن سکتا ہوں اگر تیری نظر کرم مجھ پر آجائے اور میرے دل میں تیری محبت جاگ جائے اور میں محبوب بندوں میں سے ہو جاوں پھر تیری معصیت ترک کرنے میں کوئی مشکل پیش نہیں ہو گی۔

فَشَكَرْتُكَ بِإدْخالِي فِي كَرَمِكَ

اگر میں معصیت نہیں کرتا تو بھی ترے کرم سے ہے تیرا شکر ہے کہ تو نے اپنے کرم میں مجھے داخل کیا ۔

وَلِتَطْهِيرِ قَلْبِي

میرے دل کو طاہر کر دیا میں ہاتھ اب بار بار دھو رہا ہوں تاکہ میں وائرس سے بچ سکوں تیرے ذکر سے اپنا دل پاک کرتا ہوں اور غفلت سے باہر آتا ہوں امیر المؤمنین نے یہاں غفلت کو میل کچیل کہا ہے اگر ہم تھوڑی دقت کر لیں کہ یہاں کیا فرمارہے ہیں۔ امیر المومنینؑ ہمیں یہ سمجھانا چاہ رہے ہیں کہ اگر تم نے کچھ حاصل کرنا ہے تو اللہ کی معصیت سے دور رہے بغیر کچھ حاصل نہیں کرسکتے۔سب سے پہلے اللہ کی معصیت سے اپنے آپ کو بچانا ہے اور اس کے بعد اطاعت الٰہی میں جانا ہے اس کے بعد آپ دنیا کی کامیابی حاصل کرنے کے لیے جائیں۔ ہماری طرح نہ ہو کہ ہم دنیا حاصل کرتے رہے اپنے آپ کو بھول گئے اپنے اطراف خوبصورت کرتے رہے اور اپنے اندر جو غفلت آرہی تھی اور جو میل کچیل روحانی طور پر ہمارے روح اور جسم کو متاثر کر رہی تھی ان سے ہم غافل رہے۔ ابھی آپ کو پاک کرنے کے لیے امیر المؤمنینؑ آپ کی تطہیر کا انتظام کر رہے ہیں اس تطہیر کا انتظام میں کیا کر سکتا ہوں میں تو کچھ بھی نہیں کر سکتا میں وہی کر سکتا ہوں جو مجھے خدا توفیق دے۔ توفیق الٰہی کے بغیر اللہ کی محبت میرے دل میں نہیں آسکتی ۔

جہاں آفریں گر نمی یاری کند　　　　کجا بندے پرہیز گاری کند

ہم کچھ بھی نہیں کر سکتے

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّـهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ مَا زَكَىٰ مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَدًا وَلَـٰكِنَّ اللَّـهَ يُزَكِّي مَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّـهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ - (سورہ نور:21)

اگر اللہ کا فضل نہ ہو اور اس کی رحمت نہ ہو تم میں سے کوئی بھی پاک نہیں ہو سکتا تم میں سے کوئی طاہر نہیں ہو سکتا جسے چاہے وہ پاک کر دیتا ہے وہ خوب سننے والا ہے وہ خوب جاننے والا ہے۔

وہ خوب جانتا ہے تیری بات کو بھی تیری مناجات کو بھی تیری حالت کو بھی خوب جانتا ہے اور پھر یہ پاک کر دیتا ہے اگر مناجات شعبانیہ کو سمجھ کر خدا کی بارگاہ میں آئیں اور توفیق الہی حاصل کرنے کے لیے جو سب سے اہم چیز ہے وہ یہ ہے کہ آپ اپنا دل اللہ کے حوالے کر دیں اپنے دل میں اللہ کی محبت کو بیدار کر دیں اور محب خدا قلب مؤمن میں شعلہ ور ہو تو پھر یہ شعلے تمام گناہوں کو جلا دیتے ہیں عشق خدا میں انسان کو جلا کر اس میں سے انسان نکل آتا ہے پھر اپنے آپ سے نہیں اپنے معشوق سے پیار ہو جاتا ہے۔

امام زین العابدینؑ ارشاد فرماتے ہیں میں نے عرض کیا تھا کہ امیر المؤمنینؑ اس قسم کی مناجات کر سکتے ہیں یا اولاد علیؑ میں سے زین العابدین علیہ السلام جیسی ہستیاں اس قسم کی مناجات کر سکتے ہیں۔

سيدي أنت أنقذت أولياءك من حيرة الشكوك، وأوصلت إلى نفوسهم حبرة الملوك (بحار الأنوار-العلامة المجلسي-ج٩١-الصفحة ١٧٢)

تو نے اپنے دوستوں کو اپنے اولیاء کو اپنے قریبی بندوں کو حیرت اور شکوک سے نکالا، یقین کی کیفیت تو نے عطا کی اور ان کے دلوں میں محبت ڈال کر مستحکم کیا۔ کیسے بیان کروں کیسے سمجھاؤں؟ نہ اردو میں اتنی طاقت ہے کہ ان الفاظ کو آپ تک پہنچا سکے اور نہ مجھ میں اتنی فصاحت ہیں کہ میں امام زین العابدینؑ اور امیر المؤمنینؑ کے کلام کو آپ تک منتقل کر سکوں۔ تمام تر اعتراف قصور اور تقصیر کے ساتھ یہ میری انتہائی عاجزانہ کوشش ہے۔

امام جعفر صادقؑ فرمارہے ہیں: "حب الله اذا اضاء على سر عبد اخلاه عن كل شاغل وكل ذكر سوى الله عنده ظلمة والمحب اخلص سراً لله واصدقهم قولاً واوفاهم عهداً وازكاهم عملاً ، واصفاهم ذكراً واعبدهم نفساً تتباهى الملائكة عند مناجاته وتفتخر برؤيته ، وبه يعمر الله تعالى بلاده ، وبكرامته يكرم عباده ، يعطيهم اذا سألوا بحقه ويدفع عنهم البلايا ، برحمته فلوا علم الخلق ما محله عند الله ومنزلته لديه ما تقربوا الى الله الا بتراب قدميه. "

اگر اللہ کی محبت کسی کے دل میں آجائے تو باقی تمام مشاغل سے اسے نکال دیتی ہے اس کا ذہن کہیں اور مشغول نہیں رہتا ہے اللہ کے علاوہ باقی تمام ذکر ظلم ہے یہ جو ذکر دنیا ہے جس نے کسی سے وفا نہیں کی۔ سب سے وعدہ کرتی ہے اس کے باوجود یہ اتنا پیار کئے جانے کے قابل نہیں ہے یہ معشوق بننے کے لائق نہیں ہے پھر اتنا کیوں دنیا سے پیار ہے، کیوں دنیا کا ذکر بہت زیادہ ہوتا ہے اور جتنا غیر اللہ کا ذکر ہوتا ہے اتنی ظلمت بڑھتی ہے۔ اگر اس حدیث کے جملے کو سمجھ لیں تو تمام تاریکیاں ختم ہو جائے، امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں: "محب وہ ہے جو خالص ترین میں سے ہو گا قول میں سچا ہو وفا وعہد جو خدا سے کیے ہیں اسلام میں داخل ہوا ہے ربوبیت کا عہد ہوا ہے امام سے عہد کیا ہے اطاعت کا عہد کیا ہے ان تمام عہود کو، اپنے وعدوں کو اگر نبھائے تو وہ محب ہے "

رسول خداؐ فرماتے ہیں: "اللھم الرزقنی حبک و حب من احبک و حب من یقربی الی حبک وجعل حبک احب الی من الماء البارد "

اس دل میں اگر حب الہی آئے گی تب ہی معصیت سے جدا ہو سکتا ہوں، مجھے اللہ کی محبت اپنے دل میں بسانی ہے تیری محبت چاہیے اور جو تجھے چاہیے ان اولیاء کی محبت چاہیے خدا کی محبت چاہیے لیکن خدا کی محبت کرنے لیے مجھے اولیاء اللہ سے محبت چاہیے اولیاء سے محبت کے لئے مجھے ان لوگوں سے محبت کرنی ہے جو میرے دل میں اولیاء اللہ کی محبت ڈالتے ہیں ان کے بغیر میں نہیں کر سکتا مجھے پیاس لگتی ہے پانی کی چاہت ہوتی ہے جس طرح میں پانی پینا چاہتا ہوں اور ہر روز چاہتا ہوں اور پی پی کے نہیں تھکتا پھر بھی ہر دفعہ مجھے پانی کی طلب ہوتی ہے اسی طرح اپنی محبت میرے دل میں ڈال کہ میرے دل سے تیری محبت تھوڑی سی کم ہو تو تڑپ جاؤں تیری تلاش میں نکلوں تیری محبت کو اپنے دل میں بساؤں ور انتہائی لطیف نکتہ یہ ہے کہ خدا سے ہمیں محبت کی دعا کیسے کرنی چاہیے محبت الٰہی کا درخت ہمارے سینے میں کاشت ہو جائے اور یہ ہمیشہ پھلتا پھولتا رہے جیسے ہی اس کے پتے گرے اس کے نئے پتے اس پر آجائیں اور انہیں محبت الہی کے ذریعے ہم اعلی مقام تک پہنچ سکیں کہ اس کے بعد پھر اسے گناہ سے روکنے کے لئے ہمیں کسی اور کی ضرورت نہ رہے۔

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں: بندگان خدا تین قسم کے ہیں:

ایک گروہ وہ ہیں جو خوف خدا کی وجہ سے اللہ کی عبادت کرتے ہیں یہ غلاموں کی عبادت ہے اور ایک گروہ ثواب کے حصول کے لئے اللہ کی عباوت کرتے ہیں یہ تجارت کی عبادت ہے اور ایک قوم جو اللہ کی محبت میں اللہ کی عبادت کرتی ہے،، یہ خدا کے آزاد بندوں کی عبادت ہے۔

اگر محبت آل محمدؑ کسی کے قلب میں بہنا شروع ہو جائے تو باقی تشنگان کے لئے کوثر بن جائے گی اور وہ آکر آپ سے محبت الٰہی پی لیں گے۔ جو آپ سے محبت کرے گا وہ عین خدا سے محبت کرے گا۔ رسالت مآب ارشاد فرماتے ہیں:

"أحبّ الله عبدا من أمتي ، قذف في قلوب أصفيائه ، وأرواح ملائكته ، وسكّان عرشه محبته"

اگر تم خدا سے محبت کرو تو تمام اصفیاء تمام ارواح ملائکہ تمام سکان عرش خدا تم سے محبت کریں گے۔فلذالک محب حقا لہ ثم طوبی لہ عند اللہ شفاعة یوم القیامہ" یہ شخص نہ فقط دنیا میں بانٹ رہا ہو گا، اور لوگوں کی ہدایت کر رہا ہو گا بلکہ قیامت میں بھی شفیع ہو گا لوگوں کی شفاعت کرے گا اللہ کی محبت اگر تیرے دل میں ہے تو امام علیؑ فرماتے ہیں: اے موسیٰ میرا ذکر ذاکرین کے لئے، اور میری زیارت زائرین کے لئے ہے۔، اور میری جنت اطاعت گزاروں کے لئے ہے، ان کے لئے جو مجھ سے محبت کرتے ہیں، میں خود ہوں۔ پھر جنت کیا ارزش رکھتی ہے۔ آج ان ایام میں ان حالات میں جہاں بشریت پریشان ہے وہاں اگر خدا سے محبت کی جائے "الحب افضل من الخوف" امیر المومنینؑ ارشاد فرما رہے ہیں؛ خوف سے زیادہ محبت افضل ہے۔ ہم ان چیزوں کو نہیں سمجھتے ہم اپنے بچوں کو خوف دلاتے ہیں اور خدا ہمیں کیا تعلیم دیتا ہے محبت کا۔

(ہم نے سورہ فاتحہ پر پچھلے سال ماہ محرم میں جو عشرہ جو پڑھا ہے اس میں بہت سارے مطالب موجود ہیں جو وہاں بیان ہو چکے ہیں ان کو یہاں تکرار نہیں کرتے۔)

اللہ اپنا تعارف رحمٰن ورحیم سے کراتا ہے۔ اللہ اپنا تعارف حب سے کراتا ہے اور ہم بچوں کو خدا کے خوف سے ڈراتے ہیں۔ بچوں کو شروع سے یہ بتاتے ہیں کہ یہ نہ کرو اللہ ناراض ہو جائے گا، اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو بھی محبت میں ہے۔ اللہ کا خوف بھی محبت میں ہے۔"الحب افضل من الخوف"

بچوں کو خدا سے خوف نہ دلاو بلکہ بچوں کے دلوں میں اللہ کی محبت ڈالو۔ مناجات میں ارشاد ہو رہا ہے۔ تو نے مجھے اپنے کرم میں داخل کیا اور میرے دل کی تطہیر کر دی، میں شکر ادا کر رہا ہوں کیا میں فقط شکر ادا کر رہا ہوں؟ نہیں، میں فقط تیرا شکر ادا نہیں کر رہا تھا پوری کائنات اور اس عالم میں موجود تمام ذرات تیرا شکر اور تیری تسبیح و تیری حمد کر رہے تھے، صرف میں نہیں کر رہا تھا۔ تو نے مجھے اس کاروان میں شامل کر دیا میں انسان کی بات کر رہا ہوں۔

اس کائنات کو دیکھیں اور اس کی وسعت کو دیکھیں جہاں تھوڑا بہت جانتا ہے اس میں انسان نہ ہونے کے برابر ہے تمام کہکشانوں کی نسبت انسان ایک ذرہ کے برابر بھی نہیں۔ اور باقی کہکشاوں میں کتنی آبادی ہے؟ ان تمام کی تعداد میں انسان کی تعداد کیا ہے اس کو اپنے اوپر غرور ہے یہ کچھ بھی نہیں ہے اگر یہ شکر کرے گا تو یہ اس عالم کے ساتھ اس سفر کی طرف بڑھے گا، جس عالم میں سب خدا کی طرف حرکت میں ہے سب ذکر خدا میں ہے۔

گر ترا از غیب چشمی باز شد　　　با تو ذرات جهان همراز شد

تیری آنکھیں بند ہے تو غیب کو نہیں دیکھ سکتا کاش اگر دیکھ سکتا"

تم کیونکہ نامحرم ہو تم اس سفر میں خدا کی طرف جا رہے ہو ذوق اور شوق سے شکر کرتے ہوئے، تسبیح کرتے ہوئے، سجدے کرتے ہوئے اللہ کی طرف، جا رہے ہو تو تم نامحرم ہو۔ اس لئے اس کو درک نہیں کر سکتے لیکن اگر تم درک کر لو " لئن شکرتم لازیدنکم" اگر تم شکر کرو تو میں زیادہ دوں گا۔ بحر بیکر اں کو تمہارے سامنے رکھ دوں گا، پھر کیا ہو گا؟ تم تصور نہیں کر سکتے، تم سوچ ہی نہیں سکتے، تم بیان ہی نہیں کر سکتے۔ سارے جہاں کے ہر ذرے پر تیرا کرم ہے کہ تو نے اس میں مجھے بھی شامل کیا ہے،

لتطهيری قلبی من اوصافی خصلاتی عنک

اس غفلت کی پلیدی سے مجھے صاف کر دیا، مجھے پاک کر دیا اگر غفلت ایک لحہ کے لئے بھی ہو اقبال کیا کہتے ہیں

گر بقدر یک نفس رافی شدید　از صد فرسنگاز منزل شدی'

ایک لحہ کے لئے بھی اگر رہ جاؤ تو پھر کاروان گیا پھر وہ کاروان تمہیں ملنے والا نہیں ہے غفلت کی اصلاً جازت نہیں ہے؛

واذکر ربک فی نفسک"ہمیشہ ذکر خدا کرو غفلت میں تم نہیں رہ سکتے۔

تذرعا و خیفا من دون الجھر من القول بالغدو الاصالؑ

صبح وشام ذکر خدا کرتے رہو"و لا تکن من الغافلین "ممکن نہیں ہے تم غافلین میں سے ہو جاو غافلین میں سے نہ ہونے کے لئے صبح وشام زبان سے ذکر بھی کرنا ہے اور عمل سے بھی ذکر کرنا ہے ذکر قلبی کی منزل تک پہنچنا ہے جب ذکر قلبی یعنی میرا دل ہمہ وقت خدا کی طرف متوجہ ہو جائے:

"اقترب للناس حسابھم'

نہیں تو پھر حساب کا وقت آجائے گا"و ھم فی غفلۃ معرضون"اور یہ غفلت میں پڑے ہونگے انہیں پتا بھی نہیں چلے گا وہ وقت آجائے گا کہ اس وقت تمام لمحات ختم ہو جائیں گے۔

نواں درس

"إِلهِي انْظُرْ إِلَى نَظَرَ مَنْ نادَيْتَهُ فَأَجابَكَ وَاسْتَعْمَلْتَهُ بِمَعُونَتِكَ فَأَطاعَكَ يا قَرِيباً لايَبْعُدُ عَنْ الْمُغْتَرِّ بِهِ يا جَواداً لايَبْخلُ عَمَّنْ رَجا ثَوابَهُ ، إِلهِي هَبْ لِي قَلْباً يُدْنِيهِ مِنْكَ شَوْقُهُ وَلِساناً يُرْفَعُ إِلَيْكَ صِدْقُهُ وَنَظَراً يُقَرِّبُهُ مِنْكَ حَقُّهُ ، إِلهِي إِنَّ مَنْ تَعَرَّفَ بِكَ غَيْرُ مَجْهُولٍ وَمِنْ لاذَ بِكَ غَيْرُ مخْذُولٍ وَمَنْ أَقْبَلْتَ عَلَيْهِ غَيْرُ مَمْلُوكٍ "

خدایا! مجھ پہ وہ نظر فرما جو تو پکارنے والے پر کرتا ہے اس کی دعا قبول کرتا ہے پھر اس کی یوں مدد کرتا ہے گویا وہ تیرا فرمانبردار تھا اے قریب! کہ جو نافرمان سے دوری اختیار نہیں کرتا اے بہت زیادہ عطا کرنے والی ذات! جو ثواب کے امیدوار کے لئے کمی نہیں کرتا، میرے خدا! مجھے وہ دل دے جس میں تیرے قرب کا شوق ہو۔ وہ زبان عطا فرما جو تیرے حضور سچی رہے وہ نظر دے جس کی حق بینی مجھے تیرے قریب کر دے، میرے خدا! بے شک جسے تو جان لے وہ نامعلوم نہیں رہتا جو تیری محبت میں آجائے وہ بے کس نہیں ہوتا اور جس پر تیری نگاہ کرم ہو وہ کسی کا غلام نہیں رہتا۔

مناجات شعبانیہ کے اس جملے میں امیر المومنینؑ ارشاد فرمارہے ہیں:

"إِلهِي انْظُرْ إِلَى نَظَرَ مَنْ نادَيْتَهُ فَأَجابَكَ "

اے میرے معبود اس شخص پر نظر کر، جس نے تجھے بلایا، تجھے ہی پکارا، تونے کچھ کہا، تونے کوئی حکم دیا اور اس نے لبیک کہا جس نگاہ سے تو اسے دیکھتا ہے مجھے اسی نگاہ سے دیکھ۔

میں یہاں آپ کو ایک اہم اور قابل فہم بات کی طرف متوجہ کرتا ہوں اگر کوئی آپ سے ناراض ہو جائے اور حالت غضب میں ہو تو ہم کیا کرتے ہیں؟ ہم اس کے ساتھ ایسا کلام کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ اس کی حالت تبدیل ہو جائے، اس کا دل نرم ہو جائے، اسے ہمارے حال پر رحم آجائے، ہم التماس کرتے ہیں، ہم سفارش کراتے ہیں ہم اس سے معافی مانگتے ہیں، ہم عفو و درگزر کا تقاضا کرتے ہیں تاکہ جلدی راضی ہو جائے کچھ لوگ دیر سے راضی ہوتے ہیں لیکن راضی تب ہوتے ہیں جب غصہ اور دل کی کدورت ختم ہو جاتی ہے، اس کی حالت کو ہم اپنے الفاظ کے ذریعے تبدیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور جب اس کی حالت اپنے ان الفاظ کے ذریعے تبدیل کر دیں، تو وہ الفاظ معافی کے بھی ہو سکتے ہیں تعریف کے بھی ہو سکتے ہیں خوشامد کے بھی ہو سکتے ہیں، اس کے کسی عزیز کا واسطہ بھی ہو سکتا ہے۔ بہر حال جس طریقے سے بھی ہو اسے راضی کر لیتے ہیں۔ راضی کا مطلب یہ ہے کہ جس بھی

طریقے سے آپ اس کے دل میں رحم پیدا کر سکیں جس بھی طریقے سے آپ یہ کام کرنے میں کامیاب ہو جائیں کہ وہ حالت غضب سے نکل آئے اور حالت ترحم میں آجائے پھر آپ کی بات سنتا ہے آپ کا مطالبہ مانتا ہے۔ یہاں تک تو ہمارے روز مرہ کا مشاہدہ ہے لیکن ہم خدا کے سامنے بھی یہی کام کرتے ہیں۔ ہم خدا کے سامنے دعا و مناجات کرتے ہیں، حمد کرتے ہیں شکر کرتے ہیں، استغفار کرتے ہیں، توبہ کرتے ہیں یہ سب کیوں کرتے ہیں؟ یہ سب اس لئے کرتے ہیں کہ خدا کا غضب رحمت میں بدل جائے، اس لئے کہ خدا جس حال میں ہے حال غضب سے حال رحمت میں آجائے۔

لیکن ذرا سوچیں یہ انسان محل حوادث ہے ایسا انسان جو ایک حال سے دوسرے حال میں تبدیل ہو جاتا ہے حال غضب سے حال ترحم میں آجاتا ہے لیکن خدا میں کوئی تغییر نہیں آتی، خدا میں کوئی تبدیلی نہیں آتی، خدا کی حالات مختلف نہیں ہوتیں۔

اسے سمجھنے کے لئے مثال پیش کرتے ہیں سورج نے طلوع کیا سورج غروب ہوا، آج دن گرم ہے ابھی دن ہے ابھی رات ہے یہ ساری چیزیں جو ہم نسبت دیتے ہیں آیا سورج میں یہ ساری تبدیلیاں ہو رہی ہوتی ہیں یا یہ زمین میں تبدیلیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں تبدیلی ساری زمین میں ہو رہی ہوتی ہے اور اس کی نسبت ہم سورج کو دیتے ہیں ہم کہتے ہیں یہاں سورج نے غروب کیا وہاں سورج نے طلوع کیا جب کہ یہ محاورہ درست نہیں سورج جہاں ہے وہیں رہتا ہے۔۔ پھر ہم کیوں نسبت دیتے ہیں کہ سورج غروب ہو گیا، سورج طلوع ہو گیا؟ اس لئے کہ ہمارے اور سورج میں جو نسبت ہے وہ تب تبدیل ہو گی جب سورج تبدیل ہو جائے یا ہم تبدیل ہو جائیں، ان دونوں میں سے ایک صورت ہو گی یا زمین کو تبدیل ہونا ہو گا تبھی یہ نسبت ختم ہو گی یا سورج کو وہاں سے ہٹنا ہو گا تب جا کر یہ نسبت تبدیل ہو گی، یہاں ان دونوں میں سے اگر سورج میں تبدیلی ممکن نہیں ہے تو زمین خود کو تبدیل کر لیتی ہے اور رات کی طرف چلی جاتی ہے زمین اپنے آپ کو تبدیل کر لیتی ہے اور سورج کی طرف نسبت دی جاتی ہے کہ سورج نے غروب کیا۔

اللہ محل حوادث نہیں ہے اللہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔ اللہ ہمیشہ اپنا فیض بے کراں دے رہا ہوتا ہے وہ فیاض ہے۔ وہ رحمت کی بارشیں نازل کر رہا ہوتا ہے۔ اس کی آبشار رحمت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رواں ہے۔ ہم نے اپنے آپ کو تبدیل کرنا ہے ہم جو اس رحمت سے دور ہو گئے تھے اپنے آپ کو اس رحمت کے قریب کرنا ہے ہم نے تبدیل ہونا ہے خدا قابل تبدل و تغیر نہیں ہے، پس ہم جو مناجات کر رہے ہیں یہ کہاں اثر انداز ہوتی ہے یہ کدھر تبدیلی لاتی ہے اس سے کہاں تبدیلی آنی چاہیے۔ کیا آپ کہتے ہیں کہ میں نے اتنی دعائیں کی لیکن خدا نے قبول نہیں کیا۔ بلکہ تو نے اس تبدیلی کو قبول نہیں کیا اللہ سے تو جو دور ہو گیا تھا اس دعا کے نتیجے میں

نزدیک ہونا ہے خدا تو دور ہوتا ہی نہیں۔ خدا کی نسبت سے دیکھو تو وہ تمہاری شہ رگ سے زیادہ نزدیک ہے تو مومن ہے یا کافر ہے وہ عبادی کہتا ہے۔ میرے بندو، میرے بندوں میں کافر بھی شامل ہے اس کی بھی شہ رگ سے زیادہ نزدیک ہے یہ کافر ہے یہ منافق ہے یہ عاصی ہے یہ گنہگار ہے جو خدا سے دور ہے تبدیلی ہم نے اپنے اندر لانی ہے اور ہم نے اپنے آپ کو اس معرض رحمت میں قرار دینا ہے۔

بس یہی سمجھ سکیں تو یہ مناجات شعبانیہ کا بہت بڑا درس ہے کہ بجائے اس کے کہ اپنے اندر تبدیلی لائیں ہم دوسرے کو تبدیل کرنے کی فکر میں رہتے ہیں ہماری سوشل لائف میں بھی بہت سی مشکلات کا حل یہی ہے کہ آپ خود اپنے اندر تبدیلی لائیں جو بہت آسانی سے لا سکتے ہیں اور آپ کے ایک ارادے کی مانگ ہے اس تبدیلی کو نہیں لاتے اور پوری دنیا کو تبدیل کرنے چلتے ہیں اور پوری دنیا تبدیل نہیں ہو سکتی۔ آپ آج اسی وقت پوری دنیا سے کرونا ختم نہیں کر سکتے لیکن جو آپ کر سکتے ہیں اپنے اندر تبدیلی لائیں، گھر سے باہر کم سے کم نکلیں، سماجی فاصلے کا خیال رکھیں تو آپ نے وائرس کو شکست دی ہے وائرس کو شکست دینے کے لئے خود کو تبدیل کرنا ہو گا۔ آپ نے اگر خود کو تبدیل نہ کیا تو آپ وائرس کو شکست نہیں دے سکتے، بات آگئی ہے تو عرض کر دیتا ہوں، کہ اس کو جو ہم آجکل کہہ رہے ہیں، ہم نے لڑنا ہے۔ ہم کیسے ایک وائرس سے لڑیں گے ؟ کوئی بات ہمیں سمجھ میں نہیں آتی، ہماری وائرس سے لڑائی ہے تو ہمیں وائرس پر حملہ کرنا چاہیے، وائرس پہ حملہ کیا ہے کیسا کرنا ہے ؟

وائرس کا ہدف ہم ہیں جب ہماری طرف آرہا ہو اور ہم بچ جائیں تو وائرس پہ ہم نے حملہ کیا ہے اور وائرس جو ہماری طرف آرہا ہے یہ ہمارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا ہے اگر وائرس کے راستے سے ہٹ جائیں تو یہ اس کی موت ہے، آپ نے اگر داستانے پہنے ہیں آپ نے اگر ماسک لگائے ہوئے ہیں اگر آپ سیناٹائیزر استعمال کرتے ہیں اگر آپ ہاتھ دھوتے ہیں تو آپ نے اس وائرس کے حملہ کو پسپا بھی کیا ہے اس مقام پر وائرس کی موت واقع ہو جاتی ہے آپ نے اس کو مارا ہے آپ وائرس کو مار سکتے ہیں، اس چین کو تب توڑ سکتے ہیں جب آپ احتیاط کریں۔ آپ احتیاط کریں گے اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ تقوی اختیار کریں گے اگر آپ کو تقوی اختیار کرنے کی عادت ہو گئی تو آپ کے نفس میں بھی تبدیلی آگئی ہے۔ آپ میں اگر تبدیلی آگئی تو آپ ادھر نہیں ہیں جہاں غضب الٰہی ہے آپ ادھر آگئے ہیں جہاں رحمت الٰہی ہے اور وہ رحمت الٰہی ہمیشہ برس رہی ہے۔

پس میں دنیا کو تبدیل کرنا چاہتا ہوں، دنیا تبدیل نہیں ہو گی جب تک میں اپنے آپ کو تبدیل نہ کروں، دنیا تو پھر بھی قابل تغیر ہے تبدیل ہو سکتی ہے ہم نعوذ باللہ خدا کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ خدا تبدیل نہیں ہوا خدا ابھی تک حالت غضب میں ہے حالت رحمت میں نہیں ہے، نہیں خدا کے ہاں کوئی تغیر و تبدل نہیں۔ اسے سمجھنے کے لئے امیر المومنینؑ کے کلمات کو پڑھنے کی ضرورت ہے نہج البلاغہ میں غوطہ ور ہونے کی ضرورت ہے صحیفہ سجادیہ سے شغف لگانے کی ضرورت ہے اب جو یہ میلاد مبارک آرہی ہے اور کل رات شب ولادت امام زمانہؑ ہے اس ہستی سے زمانے کے امام سے اپنے آپ کو قریب کریں۔ پس خدا کو ہم تبدیل نہیں کر سکتے، خدا سمجھنے کے لئے خورشید، سورج تبدیل نہیں کر سکتے اسی طرح حرارت برساتا رہے تو سب کچھ جل جائے گا کیا کرنا ہو گا؟ خود تبدیل ہونا ہو گا، سورج کو تبدیل نہیں کر سکتے آپ کو بھی کرونا سے لڑنے کے لئے خود تبدیل ہونا پڑے گا۔ خود انسان کیسے تبدیل ہو سکتا ہے؟ خود بھی انسان تبدیل نہیں ہو سکتا اگر آپ نے اپنے آپ کو تبدیل کرنا ہے تو سب سے پہلے آپ کو اپنے افعال کو تبدیل کرنا ہو گا، تبدیلی آپ نے اپنے کردار، افعال اور گفتار میں لے آنی ہے اگر آپ کے افعال تبدیل ہو گئے جو آج کل تبدیل ہو گئے ہیں اسی طرح اگر آپ تقوی الہی اختیار کریں اور آپ کے اعمال تبدیل ہو جائیں تو آپ کی شخصیت تبدیل ہو جائے گی۔ آپ اگر تبدیل ہو گئے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ وہاں چلے گئے جہاں سے رحمت الہی ملتی ہے اور یہ رحمت الہی کی برسات ہو رہی ہے اسے ہر شخص محسوس تو کرتا ہے جس کی وجہ سے وہ حمد اور شکر کرتا ہے ہر انسان اس رحمت کو بھی محسوس کرتا ہے حتی کہ ملحد بھی اس رحمت کو محسوس کرتا ہے وہ بھی اس رحمت کے زیر سایہ ہے وہ بھی اس رحمت کو وصول کرتا ہے، ملحد جو کہ خدا کا انکار کرتا ہے وہ بھی خدا کو مانتا ہے یعنی خدا کا منکر کوئی بھی نہیں ہے قرآن جگہ جگہ مشرکین سے استفسار کرتا ہے تمہیں کس نے خلق کیا؟ کہتے ہیں خدا نے خلق کیا، تمہیں رزق کون دیتا ہے؟ خدا ہمیں رزق دیتا ہے۔ یہ تو مشرکین کی بات ہے ابھی ملحدین کا ٹیسٹ ہوا ایک تجربہ کار کے ساتھ ایک ملحد کو بٹھایا گیا اور کہا: فرض کرو یہ شیر ہے اور آپ سے کہو مجھے کھالو، میں نے فرض کر لیا شیر مجھے کھالو، کوئی مشکل نہیں ہوئی، کہا اچھا فرض کر لو کہ ایک اژدھا ہے، نہیں ہے نا؟ شیر بھی نہیں تھا؟۔ لیکن فرض تو کر سکتے ہیں تصور تو کر سکتے ہیں۔ آپ نے فرض کیا کہ یہاں پر ایک اژدھا ہے اس اژدھا سے کہو کہ اے اژدھا مجھے نگل لو، سب نے بڑی آسانی سے کہا "اے اژدھا مجھے نگل لو" کیوں یقین ہے یہاں کوئی اژدھا نہیں ہے۔ پھر کہا گیا ایک جملہ اور کہو: اے خدا ہم پر عذاب نازل کر دے" اگر خدا کا ہونا بھی ایسا ہو کیونکہ وہ خدا کو نہیں مانتے تھے جب وہ کہتے ہیں کہ ہم خدا کو نہیں مانتے ان سے کہتے ہیں کہ چلیں تم فرض کرو اگر خدا ہے تو ہم اس سے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں عذاب دے شیر اور اژدھا والی دونوں مثالوں میں کسی کو کوئی پریشانی نہیں ہوتی، سارے کہہ دیتے

ہیں، لیکن جب عذاب خدا کی بات ہوتی ہے تو اکثریت ملحدین کہتے ہوئے ڈر جاتے ہیں کس سے ڈرتے ہیں؟ اپنے تصور سے ڈرنا ہے تو شیر اور اژدھا سے بھی ڈریں خدا سے کیوں ڈرتے ہیں؟ اس لئے کہ خدا ان کے قلب و فطرت میں موجود ہے۔ ہم نے پہلے بھی کہا ہے ان ایام میں جو آپ کو وقت ملا ہے اس میں قرآن کی تلاوت کریں قرآن کا مطالعہ کریں قرآن کو سمجھیں۔ جب مشرکین معجزات مانگتے ہیں در حقیقت یہ عذاب مانگ رہے ہیں، ابھی بھی بہت سے لوگ کہہ رہے ہیں کہ اگر خدا معجزہ دکھائے اور کرونا کا علاج نکل آئے تو ہم خدا کو مانیں گے اس پر ہم کلام کر چکے ہیں یہ فیلڈ سائنس کی ہے اس فیلڈ میں سائنس نے ہی ویکسین بنانی ہے مذہب نے ویکسین نہیں بنانی۔ اس لئے وہ خلط کر جاتے ہیں نا فہمی میں یہ بات کر جاتے ہیں۔ پس ایسے لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ کوئی معجزہ دکھا، تمام معجزات آنے کے بعد ان تمام آیات الٰہی کے آنے کے بعد ان تمام انبیاء، اولیاء اور قرآن و اہلبیتؑ کے آنے کے بعد جو سب معجزہ الٰہی ہیں انہیں تسلیم نہیں کرتے پھر معجزہ مانگنے کا مطلب جانتے ہو قرآن کیا کہتا ہے؟ قرآن کہتا ہے کہ یہ عذاب مانگتے ہیں یہ پھر معجزہ نہیں مانگتے ہیں جب خدا کو تحدی کرتے ہیں تو پھر یہ عذاب کا مطالبہ کر رہے ہوتے ہیں یہاں پر وہ جملہ کتنا خوبصورت تھا جس سے ہم نے شروع کیا۔ اور زیادہ آگے نکل گئے اس جملے میں خدا سے جو چیز مانگی جا رہی ہے وہ یہ ہے کہ خدایا مجھ پر وہ نظر کرم فرما جو ان پر کرتا ہے جن کو تو کچھ کہے تو فورا لبیک کہتے ہیں کتنے اچھے عباد خدا ہیں جو تیری ہر بات کو مان رہے ہیں ان پر تو جو نظر کرم کرتا ہے وہی نظر کرم اور نظر لطف مجھ پر بھی کر کیوں کہ میری بھی دو حسیں ہیں میری ایک حس میرا عصیان ہے اس کو نہ دیکھ، دوسری حس تیری دعوت ہے "ادعونی استجب لکم" تونے کہا تھا؟ مجھے پکارو میں قبول کروں گا میں نے تجھے پکارا ہے میری معصیت پر نگاہ نہ کر میرے اس عمل پر نگاہ کر، کہ اس عمل میں تیرے ان بندوں کی طرح ہوں جنہیں تو جو کہتا ہے وہ مانتے ہیں یہاں بھی تونے جو کہا وہ میں نے مانا ہے، تونے کہا ہے ناامیدی کفر ہے میں نے کہا: میں ناامید نہیں ہوں میں تیری درگاہ میں امید لے کر آیا ہوں تیرے کہنے پر پس مجھ پر وہ نگاہ کر اللہ اکبر!

الحمد للہ آپ لوگوں کے احکام کے بارے میں سوالات بہت زیادہ آرہے ہیں۔ بہت خوش آئند ہے۔ جس طرح ہم نے کہا تھا کہ اپنی تبدیلی کا آغاز عمل سے ہوگا اگر آپ اپنا عمل تبدیل کریں گے تو خود بخود تبدیل ہو جائیں گے یہ عمل اور تبدیلی احکام کی بجا آوری ہے جنہیں انجام دینا انتہائی آسان ہے مشکل نہیں ہے یہ دین بہت آسان دین ہے۔ احکام کو بہت ہی آسانی سے انجام دے سکتے ہیں۔ سب سے پہلے احکام اس کے بعد اخلاق کی باری آتی ہے جہاں ہم ابھی ہیں۔ ہم امیر المومنینؑ سے اخلاق سیکھ رہے ہیں اخلاق اپنا

تبدیل کرنے کے بعد پھر عقائد کی باری آتی ہے اور یہاں پر اخلاق اور عقائد دونوں ساتھ ساتھ چل رہے ہیں، عقائد میں تبدیلی کا مطلب یہ ہے کہ عقائد میں خود کو تبدیل کرنا چھوڑ دو اسباب پر بھروسہ کرنا چھوڑ دو، یہ نہ کہو کہ یہ پانی میری پیاس بجھا رہا ہے یہ دیکھو کہ خدا نے اس پانی کو خلق کیا اور وہی موثر حقیقی ہے اور وہی میری پیاس کو بجھانے والا ہے اور ہر چیز میں اسے خدا کی نشانی نظر آئے اور ہر چیز کو وہ خدا سے طلب کرے مسبب الاسباب سے طلب کرے اسباب پر اس کا تکیہ نہ ہو۔ پھر توفیق الہی کا مطالبہ ہے کہ اس طرح مجھ پر نگاہ کر جس طرح تیرے خاص بندے ہیں کہ،

"از توئے یک اشارے از مابسر دویدن"

تو اگر ایک اشارہ کرے تو ہم سر کے بل چل کر تیری بات کو ماننے کے لئے آجائیں، اچھا جب تیری بات کو مانا مجھے کیا ملا اور تجھے کیا ملا؟ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ (انفال:24)

جب بھی خدا اور رسول تجھے کسی کام کو کہیں تو اس کا جواب عمل سے دو لبیک کہو" لِمَا يُحْيِيْكُمْ" یہ تمہیں حیات ابدی دینے کے لئے تمہیں تکلیف دے رہے ہیں، تمہیں جو نماز روزہ اور باقی احکام و اخلاق دے رہے ہیں اس لئے کہ تمہیں حیات ابدی مل جائے۔

آید از غیب این نداهردم به روح خاکیان

سوی بزم عشق آید هرکه میجوید خدا

"وَاسْتَعْمَلْتَهُ بِمَعُونَتِكَ فَأَطاعَكَ "

"تو نے ان کے مدد کی" اياک نعبد و اياک نستعين" میں عبادت تک بھی تیری مدد کے بغیر نہیں کر سکتا۔ تیری عبادت کے لئے بھی مجھے جس چیز کی ضرورت ہے تیری مدد ہے پس میں صرف اور صرف تیری مدد کے ذریعے ہی تیری عبادت کر سکتا ہوں ،جب تیری عبادت تیری مدد کے بغیر نہیں کر سکتا تو کوئی بھی ایسا کام نہیں ہے جس کو میں تیری مدد کے بغیر انجام دے سکوں۔

يا قَرِيباً لايَبْعُدُ عَنْ الْمُغْتَرِّ بِهِ يا جَواداً لايَبْخلُ عَمَّنْ رَجا ثَوابَهُ ، إلٰهِي هَبْ لِي قَلْباً

آپ جب اللہ کو پکارتے ہیں اور اللہ کے اسماء کو پکارتے ہیں تو آپ کی جو حاجت ہوتی ہے اس میں اور جن اسمائے حسنی سے آپ خدا کو پکارتے ہیں، تناسب ہوتا ہے مثلا اگر آپ کو رزق مانگنا ہے تو آپ رزق کس طرح مانگیں گے۔ آپ رزق مانگتے ہوئے یہ نہیں کہیں گے

" یا جبار یا قہار ،یا ستار ارزقنی "مجھے رزق دے مجھے کھانا دے مجھے روزگار دے، نہیں۔ آپ اگر رزق مانگ رہے ہیں روزگار مانگ رہے ہیں تو پھر آپ " یا رازق طفل الصغیر یا راحم الشیخ الکبیر "اس قسم کے اسماء کو واسطہ دے کر آپ خدا سے دعا کرتے ہیں، یہاں پر بھی "یا قریبا لا یبعد " آپ واسطہ دے رہے ہیں کس کا؟ اے وہ ذات جو نزدیک ہے ،نزدیک کو حوالہ کیوں دے رہے ہیں؟ کیوں یہاں پر خدا کو یا قریب کہہ رہے ہیں؟ اس لیے کہ بات ہو رہی ہے کہ میں عاصی ہوں اور میرے عصیان کی وجہ سے تجھے مجھ سے بہت دور چلا جانا چاہیے تھا جیسے میں تجھ سے بہت دور چلا گیا ہوں لیکن پھر بھی تو مجھ سے بہت قریب ہے" یا قریب "کاش اس جذبات کو میں منتقل کر سکوں "یا قریب "کس حال میں قریب؟ اس حال میں جس میں تیرے بات نہیں مان رہا ہے میں تیری ندا پہ لبیک نہیں کہہ رہا ہے اور تو مجھے بچانا چاہتا ہے تو مجھے حیات دینا چاہتا ہے تو مجھے جنت دینا چاہتا ہے تو مجھے قرآن دینا چاہتا ہے تو مجھے ہدایت دینا چاہتا ہے ، میں ان تمام چیزوں سے دور جا رہا ہوں اس کے باوجود بھی "یا قریب "تو پھر بھی قریب ہے۔ تو نے مجھے ابھی تک دور نہیں کیا "یا جواد "پھر جواد کیوں "یا جَواداً لایَبْخلُ عَمَّنْ رَجا ثَوابَهُ "اے سخی ذات، جو بخل نہیں کرتی، بخل، کنجوسی تو نہیں ہے اللہ کے پاس تو فقط سخاوت ہے اور سخاوت بھی اس مرتبے کی جس کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے ۔ سخاوت کس کے لئے ہے؟ اس کے لئے جو نیک عمل کرتا ہے یا جس کا استحقاق ہے۔ استحقاق کی بنیاد پر دینا جود نہیں بلکہ عدل ہے۔ یا عدل نہیں کہا یا عادل بھی نہیں کہا یا جواد کہا ہے۔ وہ جو جواد ہے اے جود و سخا اور کرم رکھنے والی ذات تو مجھے بھی دے کیوں دے؟ اس لئے میری امید کی وجہ سے تو مجھے دے میری آرزو کی وجہ سے مجھے دے میری آرزو یہ ہے کہ تو مجھے ثواب دے میرے اعمال ایسے نہیں ہیں لیکن تو جواد ہے "

إلٰهِي هَبْ لِي قَلْباً يُدْنِيهِ مِنْكَ شَوْقُهُ "

ایک ایسا قلب دے، جو مجھے تجھ سے نزدیک کر دے اس میں تیرا شوق آجائے"

وَلِساناً يُرْفَعُ إِلَيْكَ صِدْقُهُ "اور ایسی زبان عنایت کر جس کی سچائی مجھے اٹھا کر رفعت دے اور تیرے نزدیک کر دے:وَنَظَراً يُقَرِّبُهُ مِنْكَ حَقُّهُ "جب آپ اللہ سے کسی بھی ثواب کی امید رکھیں اور کسی بھی ثواب کی امید خدا سے طلب کرتے ہیں تو آپ کو جو بھی امید ہو گی خدا وہ آپ کو دے گا، خدارا صرف دنیا طلب نہ کرو صرف دنیا کی خیر طلب نہ کرو یہ دنیا گزر جائے گی جس کے پاس مال ہے جس کے پاس مال نہیں ہے دونوں ابھی کرونا سے خوفزدہ ہیں۔

وَ مَنۡ یُّرِدۡ ثَوَابَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا وَ مَنۡ یُّرِدۡ ثَوَابَ الۡاٰخِرَۃِ نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا

" جسے دنیا کا ثوب چاہیے اسے ہم دنیا کا ثواب دیتے ہیں"و من یوتہ ثواب الاخرہ"اگر آخرت چاہتے ہیں تو تجھے اللہ سے مانگنا ہے اللہ سے امید رکھنی ہے" نوتہ منھا"ہم ثواب آخرت دیتے ہیں" و سنجزی الشاکرین " الہی ھب لی قلبا" ایسا قلب اور اس میں شوق عطا فرما کہ ہم فقط آخرت کی بھلائی طلب کریں۔رسالت مآبؐ سے مروی ہے کہ "ناجی داود ربہ فقال "مناجات شعبانیہ امیر المومنینؑ جو ہم پڑھ رہے ہیں یہ حضرت داوؑد نے نجوی کیا ہے یہ مناجات حضرت داوؑد ہیں۔

دسواں درس

قال امیر المومنین علیہ السلام " إِلهِي إِنَّ مَنْ تَعَرَّفَ بِكَ غَيْرُ مَجْهُولٍ وَمِنْ لاذَ بِكَ غَيْرُ مخْذُولٍ وَمَنْ أَقْبَلْتَ عَلَيْهِ غَيْرُ مَمْلُوكٍ "

"اے میرے معبود! بے شک جو تیرے واسطے سے پہچانا گیا وہ گمنام نہیں رہتا، اور جو تیری پناہ میں آیا وہ بے یار و مددگار نہیں رہتا، اور جس کی طرف تو نے رخ کیا وہ غلام نہیں بنتا"

شب نیمہ شعبان ولادت امام مھدی عج:

سب سے پہلے شب ولادت امام عصر عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف کی مناسبت سے آپ تمام حاضرین و ناظرین کی خدمت میں ہدیہ تبریک عرض کرتا ہوں۔ یہ شب انتہائی بابرکت ہے۔ یہ وہ رات ہے جس کی نظیر نہیں ہے وہ رات جو شب قدر کی نظیر ہے۔ اگرچہ تقدیر شب قدر میں ہی لکھی جاتی ہے لیکن آج کی رات یہ تقدیر لکھی جاتی ہے کہ کون اصحاب و انصار امام زمانہؑ میں سے ہو گا۔ آج کی رات ہم اپنے وقت کے امام سے استغاثہ کرتے ہیں کہ اے امام زمان عج! ہمیشہ مسلمانوں کی اور مومنین کی یہ خواہش ہے کہ تیرا ظہور جلد از جلد ہو جائے۔ العجل کی صدا بلند ہے، انسانیت پکار اٹھی ہے لہذا اگر تیرا اس سال میں ظہور ہونا ہے اور ہماری دعا بھی یہی ہے۔ تو اس مبارک رات میں ہمارا نام بھی ان لوگوں میں لکھ دیں جنہیں تیرے اصحاب و انصار بننے کا شرف حاصل ہو گا۔

آج کی رات (شب 15 شعبان) جہاں جشن ہے وہاں خوشی بھی ہے اور ساتھ میں گریہ بھی ہے، گریہ اس لئے بھی ہے کہ گڑ گڑا کر اپنے وقت کے امام کو طلب کرے اور امامؑ سے یہ استدعا کریں کہ وہ ہمیں اپنے اعوان و انصار میں شامل کریں اور رب سے یہ دعا کریں کہ اپنے آخری ولی اور حجت خدا کا جلد ظہور جلد فرمائے۔ "الھم عجل لولیک الفرج"۔

ہم مناجات شعبانیہ پڑھ رہے ہیں۔ (آج ہو سکتا ہے کہ بہت سے لوگ نئے آئے ہو، جو شروع سے ہمارے ساتھ نہیں ہیں یا وہ لوگ جو درمیان میں کچھ قسطوں کے بعد آئے ہیں ان کو ساتھ ملانے کے لئے کہ ہم کہاں ہیں ہم نے اپنا سفر کہاں سے شروع کیا ہے، سابقہ دروس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں)۔ ہم من حیث الانسان جو بھی جس منزلت پر ہے اس کا مقام وہی ہے جو امیر المومنینؑ یہاں (مناجات شعبانیہ میں) ارشاد فرما رہے ہیں۔ جو انسان تقرب الہی حاصل کرنا چاہتا ہے لیکن وہ اللہ سے دور ہے اس مقام قرب میں

نہیں ہے جہاں اس کو ہونا چاہیے تھا۔ اس کو سمجھنے کے لئے اگر ہم ایک مثال بیان کرتے ہیں، صرف مثال ہے، اور مثال صرف ہمیں مطلب کے قریب کرنے کے لئے ہوتی ہے ورنہ دونوں مثالوں میں کوئی وجہ اشتراک اس طرح کا نہیں ہے کہاں یہ مثال اور کہاں وہ حقیقیت جس کی طرف امیر المومنینؑ ہمیں پہنچانا چاہ رہے ہیں۔ میں صرف اس کو سمجھانے کے لئے کہ مناجات میں امیر المومنینؑ ہمیں کس عالی ترین سفر پر لے کے گئے ہیں اور ہمارے لئے اس سفر کو اس طرح درک کرنا اور ہضم کرنا ممکن نہیں ہے اس لئے میں اس کو تھوڑا نیچے لے کر آتا ہوں اور ایک مثال سے مطلب کو واضح کرنا چاہتا ہوں۔

ایک باپ اور اس کا ایک بچہ ہے اور وہ بچہ نافرمان ہے اس کی نافرمانی کی وجہ سے اسے یہ مشکل پیش آئی ہے کہ باپ اس سے ناراض ہو گیا ہے اب تصور کیجئے گا یہ باپ ناراض ہے اور بیٹا نافرمان ہے۔ اور اس نافرمان بیٹے کو اب پچھتاوا ہوا ہے کہ اسے اب باپ کی طرف واپس آنا ہے اسے راضی کرنا ہے۔ تو سب سے پہلے اس کو اقرار کرنا پڑے گا کہ میں نے غلطی کی ہے اپنے غلطیوں کو ماننا پڑے گا اور غلطیوں کو ماننے کے بعد اپنا مدعا بیان کرنا پڑے گا اب باپ ناراض ہے اس کی بات سننا نہیں چاہتا اس کی شکل دیکھنا نہیں چاہتا۔ اس نے اسے عاق کر دیا ہے، اسے نکال دیا ہے، اسے بھلا دیا ہے۔ اگر ایسا ہے تو یہ بیٹا کیا کرے گا؟۔ ہر اس طریقے سے کوشش کرے گا کہ کسی طرح سے اس کی آواز، اس کی بات اپنے باپ تک پہنچے اور اس کے بعد صرف باپ سے کہے گا کہ مجھے سن تو لو اس کے بعد جو فیصلہ کرنا ہے کرلے۔ پہلے میرا مدعا سن لو اور میرا مدعا اور کچھ نہیں ہے بلکہ صرف اپنی معافی پیش کرنا ہے۔ بالکل اسی طرح ایک بندہ عاصی ہے جو گناہ کر رہا ہے، ہماری طرح کا ایک انسان ہے جو خدا کی بارگاہ میں شعبان میں واپس آیا ہے اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہے اور اعتراف کے ساتھ خدا کی بارگاہ میں حاضری دیتا ہے۔

اسمع ندائی اذا نادیت" خدایا میری بات سن لے"

و اسمع دعائی اذا دعوت" اور جب میں دعا کروں میری دعا سن لے۔ یہ دعا کر رہا ہے، گڑگڑا رہا ہے، یہ آرہا ہے خدا کی توجہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔و اقبل علی اذا ناجیت" میں سرگوشی کر رہا ہوں تو میری طرف رخ کرے۔ تعبیرات کی طرف مت جائے گا، تعبیرات یقینا رسا نہیں ہے، جو میری تعبیرات ہے۔"فقد هربت الی" پہلی میں تجھ سے بھاگ گیا تھا اور اب میں بھاگ کے تیرے طرف آرہا ہوں۔ اگر ہم اپنی مثال پہ آجائے تو اس نافرمان بیٹے نے عذر خواہی کی اور باپ کی توجہ کو جذب کر

دیا۔ اور جب اسے نے جذب کر دیا تو باپ کو ترحم میں لانے کے لئے، اس کو غصہ کی حالت سے نکالنا ہو گا، اس کے دل میں اپنے لئے رحم پیدا کرنا ہو گا اور ایسے الفاظ استعمال کرنے ہوں گے اور ایسے تعبیرات استعمال کرنی ہو گی کہ اس کا دل اس نافرمان بیٹے کی نسبت مہربان ہو جائے، ہم نے عرض کیا کہ خدا کی نسبت یہ باتیں درست نہیں ہے اس لئے کہ خدا ہمیشہ حالت رحمت میں ہوتا ہے یہ ہم ہیں جو دور ہوئے ہیں۔ اب میں کچھ فرق پیش کرنے لگا ہوں، آپ مفاتیح سامنے رکھیے گا۔ مناجات شعبانیہ کو مختلف مقامات میں سے پیش کر رہے ہیں۔

" وَوَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ مُسْتَكِيناً لَكَ مُتَضَرِّعاً إِلَيْكَ راجِياً لِما لَدَيْكَ ثَوابي وَتَعْلَمُ ما فِي نَفْسِي"

"خدا کو راضی کر رہا ہے۔ خدایا! میں ذلیل، میں حقیر، میں مسکین میں صرف امید لے کر تمہارے پاس آیا ہوں۔ اب ہماری مثال کی طرف واپس آتا ہوں۔ یہ صرف سمجھانے کے لئے ہے کیونکہ ہم زمینی ہیں، عرش والی باتیں سمجھ نہیں سکتے، میں اپنی بات کر رہا ہوں، باپ کا دل نرم ہو گیا اب وہ آپ کی بات سننے کے لئے تیار ہو گیا۔ آپ نے تھوڑا اپنا عذر پیش کیا آپ نے گریہ کیا آپ نے زاری کی اور آپ نے اس کے دل میں نرم گوشہ پیدا کر دیا۔" الهی فان عفوک فمن اولی منک بذالک "اے اللہ تیری بارگاہ میں آیا ہوں عفو در گزر کا طالب ہوں اور تو معاف نہیں کرے گا تو میں کہاں جاوں گا، تو میرا مالک ہے تو میرا خالق ہے تو میرا رازق ہے تو ہی میرا قیوم بھی ہے، تو ہی میرا سب کچھ ہے۔ تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے تو نے ہی میری پرورش کی تو نے ہی مجھے اتنی ساری نعمتیں دی تو نے ہی یہ سب کچھ عطا کرنے کے بعد جب میں یہاں پہنچا ہوں اگرچہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے لیکن غلطیوں سے جب میں معافی کا طالب ہوں اور تیری درگاہ میں آیا ہوں تو" الهی فان عفوک فمن اولی منک بذالک "مطلب فرض یہ لے رہا ہے کہ تو نے معاف کر دیا ہے اگر تو نے معاف نہیں کیا تو کون معاف کرے گا، اب اپنی مثال میں آتے ہیں۔ ان کو مکس نہ کیجئے گا، صرف سمجھنے کے لئے ہم یہ مثال پیش کر رہے ہیں۔

ہماری مثال میں باپ ناراض ہے پھر ہم نے اس کو راضی کیا اس کے دل کو نرم کیا اس کو ترحم آیا اس سے معافی مانگی اور معافی مانگنے کی وجہ سے باپ نے بیٹے کا سر اپنے دامن میں لے لیا، اس کے سر پر اپنا دست شفقت رکھ لیا وہ باپ جو بیٹے کو دیکھنا بھی نہیں چاہتا تھا اس کو سننا بھی نہیں چاہتا تھا، اب اتنا ہو گیا کہ بولا بھی کچھ نہیں ہے، لیکن سر پہ اس نے ہاتھ رکھ دیا اب یہ بچہ کیا کرے گا؟ آغوش پدر میں چلا جائے گا سینہ میں اپنا سر رکھ لے گا، اس کو تھوڑا سا ناز کرنے کا، فخر کرنے کا موقع ملے گا کہ آخر یہ میرا باپ ہے نا۔ (یہ مجھ سے

کیسے ناراض رہ سکتا ہے جب میں نے اس کی طرف رجوع کیا ہے)، اب چلیے جائیں عرش پر۔ امیر المومنینؑ آپ کو عرش پہ لے کے جا رہے ہیں اور میں آپ کو فرش پہ لے کر آرہا ہوں "الھی فلک الحمد ابدا ابدا دائما سرمدا" پھر باپ کی تعریف (مثال میں)، پھر اللہ کی تعریف پھر اللہ کی حمد کہ اے اللہ تو نے مجھے معاف کر دیا کہ تو کتنا عظیم ہے، تیرا میں حمد کرتا ہوں تیرا میں شکر کرتا ہوں میں ہمیشہ تیری حمد کروں گا میں ہر حال میں تیری ثناء کروں گا، جب تو راضی ہے۔ اب ہماری مثال میں آجائیں، آپ نے جب باپ کی تعریف کی اس کی بزرگی کا اعتراف کیا اور اس کے بعد اگر باپ کہے کہ تو نے وہ گناہ کیا تھا، تو نے میرا دل دکھایا تھا۔ تو آپ کہیں گے، بابا چھوڑ دیں میں ذکر نہیں کروں گا تو بھی ذکر کرنا چھوڑ دیں۔ بس تو معاف کر دینا غلطیوں کا تو ذکر نہ کرے۔ یہ کہہ سکتا ہے کہ بیٹا اب کچھ ناز کر سکتا ہے اس لئے کہ باپ کا دل نرم ہو گیا ہے، کچھ جملے بول سکتا ہے۔ اب امیر المومنینؑ کے ساتھ خدا کے پاس عرش پر چلیں۔

"إِلٰهِي إِنْ أَخَذْتَنِي بِجُرْمِي أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ وَإِنْ أَخَذْتَنِي بِذُنُوبِي أَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ وَإِنْ أَدْخَلْتَنِي النَّارَ أَعْلَمْتُ أَهْلَها أَنِّي أُحِبُّكَ"

اللہ اکبر، خدایا! میرے گناہوں کا ذکر نہ کرنا۔ اب اگر میری نافرمانیوں کا ذکر کیا تو میں تیرے عفو و درگزر کا ذکر کروں گا، اگر میرے گناہوں کا ذکر کرے گا تو میں تیری مغفرت کا ذکر کروں گا، اور ذکر میں کر رہا ہوں اگر تو نے مجھے پکڑ لیا تو میں بھی تجھے پکڑ لوں گا، تیرے دامان عفو کو پکڑ لوں گا، یہ باتیں زیادہ دیر نہیں کی جاسکتی، پھر واپس آیا اپنے معذرت خواہانہ لہجے کی طرف"

"إِلٰهِي إِنْ كانَ صَغُرَ فِي جَنْبِ طاعَتِكَ عَمَلِي "

خدایا! میرا عمل کم ہے اور تیرا حق عبادت بہت زیادہ ہے، میرا عمل کم ہے لیکن میری امیدیں بہت زیادہ ہیں۔ میں تجھ سے امید کی وجہ سے اور حسن ظن کی وجہ سے مجھ سے غلطی ہوئی ہے نہ کہ میں نے تجھے اھون الناظرین سمجھ لیا تھا، میں نے تجھے اہمیت نہ دے کر اور یہ سمجھ کر کیونکہ اس کے دیکھنے کی کیا حیثیت ہے وہ دیکھتا رہے میں گناہ کرتا رہوں گناہ نہیں کیا، کیونکہ تو ستار و غفار ہے، اب جبکہ یہ سب کچھ ہو گیا۔ اب اس نے اطاعت کا فیصلہ کیا ہے اور اس پر ثابت قدم رہنا ہے اب اس نے معصیت نہیں کرنی ہے تو اس کو اپنے دل میں محبت الہی چاہیے تاکہ اس پر باقی رہ سکے اور راہوار شوق چاہیے تاکہ وہ تکامل کے سفر میں گامزن رہ سکے۔ یہاں تک ہم آگئے جہاں ہم نے کل چھوڑ تھا، ہم نے ایک خلاصہ بیان کیا۔

"إِلٰهِي هَبْ لِي قَلْباً يُدْنِيهِ مِنْكَ شَوْقُهُ " اسکے بعد حضرت داود کی مناجات ہے رب کے ساتھ اور بہت ہی اچھی وغریب ہے اصلا انسان کو ہلا کر رکھ دیتی ہے کیونکہ یہ حقیقت ہے۔ حضرت داودؑ سے حدیث قدسی ہے، اے داود، میرے ان بندوں کو جو مجھ سے دور چلے گئے ہیں جو عاصی ہیں جو مجھ سے روگردان ہیں ان کو بتاو میں ان کا کتنا مشتاق اور ان کا کتنا منتظر ہوں۔ میں ہمیشہ ان کی راہ دیکھتا رہتا ہوں کب واپس آئے۔ ایک بچہ جو اپنی ماں کو چھوڑ کے گیا ہو وہ عاصی ہو گیا ہو، لیکن ماں کا تو دل ہے ماں ہمیشہ دروازے کو تکتی رہتی ہے کہ کب میرا بیٹا واپس آئے گا۔ خدا فرماتا ہے جو مجھے چھوڑ گیا ہے جو مجھے پشت کر گیا ہے اس کے لئے میں منتظر ہوں میں کتنا شوق رکھتا ہوں کہ وہ واپس آئے اگر اسے بھی میرے شوق کا اندازہ ہو جائے تو پھر میرے شوق کے علم سے اس کا بدن پارہ پارہ ہو جائے گا وہ اپنے آپ میں سمو نہیں پائے گا۔ اگر ان کے ساتھ میرا یہ شوق ہے جو مجھ سے روگردان ہے تو جن کا شوق میری طرف ہے جو میرا شوق اپنے دل میں لئے ہوئے ہیں تو جان نہیں سکتا اے انسان تو خیال بھی نہیں کر سکتا کہ خدا تیرے ساتھ کیا کرے گا جب تو مرکب شوق پر سوار ہو کر اس کی طرف جائے گا تو وہ تیرا کیسے استقبال کرے گا وہ رحمتوں کے دروازے کو کیسے کھولے گا۔ اور آج کی رات تمام رحمت کے دروازے کھلے ہیں تمام انبیاء تمام اوصیاء تمام فرشتے آج کی رات کربلا میں زیارت امام حسینؑ کرنے میں مشغول ہیں اور اس جد کو اس والد کو جس کے ہاں یہ بچہ ہوا ہے یہ اولاد حسینؑ میں سے ہیں اور منتقم خون حسینؑ ہیں مبارک بادی کے لئے آتے ہیں رحمتیں لے کے آتے ہیں۔ ان رحمتوں کے نزول کے سبب تمام لوگوں کو تمام ہمارے سننے والوں کو دیکھنے والوں کو، مسلمین و مسلمات کو تمام انسانوں کو بحق امام زمانہؑ اس مشکل اور مصیبت سے نجات عطا فرما! آمین (کرونا کے ایام میں خصوصی دعا)

دعائے رسالت مابؐ "اسئلک شوق الی لقائک" خاتم الانبیاء شکر طلب کر رہے ہیں کہ وہ براق جس پر وہ سوار ہو کر سدرۃ المنتہی کی طرف گئے۔"ولذه النظر الی وجهک الکریم" تیرے وجہ کرم دیکھنے کی تمنا ہے۔ رؤیت الٰہی ممکن نہیں ہے یہ وجہ کریم کیا ہے انشاء اللہ کبھی بیان کریں گے "طال الشوق ابرارى الى لقائ وانى الى لقائهم لااشد شوقا" جو ابرار ہیں وہ میری لقاء کے لئے تڑپتے ہیں لیکن میں ان سے بہت زیادہ "اشد شوقا" میرا شوق ان سے بہت زیادہ ہے ابرار سے بھی زیادہ ہے تا کہ میں اپنے بندوں کا استقبال کروں" و لسانا یرفع الیک الصدق "اور کیا مانگتا ہوں تجھ سے شوق مانگتا ہوں اور لسان مانگتا ہوں۔ اس لسان کے ذریعے کیا کرتا ہوں سچ کے ذریعے میں رفعت پیدا کروں گا۔ ایک دعا جو سب کو آتی ہے اور آنی بھی

چاہیے اور سب کی زبان پر ہونی چاہیے" رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق و اجعلنی من لدنک سلطانا نصیرا" صدق لسان کتنا اہم ہے اس کے بارے میں آپ کو صرف یہ عرض کرتا ہوں۔ افتخار عارف صاحب کے جناب ابوذر کی شان میں یہ اشعار عرض کرتا ہوں۔

سلام اُنؑ پر درود اُنؑ پر

وہ کہہ رہے تھے

زمیں نے بوجھ ایسے آدمی کا نہیں اُٹھایا جو تم سے سچا ہو اے ابوذرؓ

وہ کہہ رہے تھے

فلک نے سایہ نہیں کیا ایسے آدمی پر جو تم سے سچا ہو اے ابوذرؓ

سبھی یسار و یمین تصدیق کر رہے تھے

تمام اہلِ یقین تصدیق کر رہے تھے

سلام اُنؑ پر درود اُنؑ پر

مگر زمانے نے یہ بھی دیکھا

وہی مدینہ ہے اور ابوذرؓ ہیں اور منبر ہے اور منبر کا فیصلہ ہے

اور اب جو منبر کا فیصلہ ہے وہ قولِ صادقؐ سے مختلف ہے

جو قولِ صادقؐ سے مختلف ہے وہ فیصلہ میرے اور منبر کے درمیان

اک سوال بن کر ٹھہر گیا ہے

بُہت زمانہ گزر گیا ہے مگر ابوذرؓ نگاہ میں ہیں۔

"یاایھاالذین آمنو اتقو اللہ و کونو مع الصادقین" اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور قول صادق کے ساتھ رہو جو قول، قول صادق سے مختلف ہو اس کے ساتھ تم جا کر جنت حاصل نہیں کر سکتے۔ کتنا اہم ہے قول صادق! سچ، جو سچا نہ ہو وہ امام نہیں ہو سکتا ہے۔ جو سچا نہ ہو وہ ظالم ہوتا ہے اور امامت ظالم کو نہیں ملتی ہے۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں" لا تنظر الی طول رکوع الرجل و سجودہ"

ایک شخص کو پہچاننا ہے کہ وہ صحیح ہے کہ نہیں ہے اس کے ساتھ معاملہ کرنا ہے یا نہیں اس کے ساتھ رشتہ کرنا ہے یا نہیں کچھ بھی کرنا ہے آپ کو پہچاننے کی ضرورت ہے کہ یہ شخص ٹھیک ہے کہ نہیں ہے امامؑ فرما رہے ہیں:

" لاتنظرو الی طول رکوع الرجل و سجودہ"

یہ نہ دیکھو کہ یہ کتنا لمبا رکوع کرتا ہے کتنی لمبی لمبی نمازیں پڑھتا ہے لمبے سجدے کرتا ہے۔" فانہ ذالک شیئ اعتادہ" یہ ہو سکتا ہے کہ یہ اس کی عادت ہو، نماز اول وقت پر پڑھنا اس کی عادت ہو "فانہ استوحش لذالک" اگر یہ نہ کرے تو تڑپ اٹھے کیوں ؟ اس کی عادت ہے۔ سگریٹ پینا انتہائی مضر ہے لیکن جب عادت بن جاتی ہے تو اچھی چیز ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کو اپنی عادت کی وجہ سے کرنا پڑتا ہے۔ پھر میں کیا کروں کہاں سے پہچانوں؟لیکن انظرو الی صدق حدیثہ واداء امانتہ یہ دیکھو وہ صدق حدیث میں کیسا ہے وہ ادائے امانت میں کیسا ہے۔ مجھے یہ صدق حدیث چاہیے۔ میں رفعت چاہتا ہوں اور رفعت کے لئے مجھے صدق حدیث چاہیے۔

حضرت سلیمان ہے اور ان کی سلطنت ہے، دو چڑیاں ہیں، مادہ اور نر آپس میں باتیں کر رہی ہیں۔ نر مادہ کو پرپوز کر رہی ہے مگر مادہ نہیں مان رہی، نر کہہ رہا تھا۔ اگر تو مان جائے تو میں تخت سلیمان کو اپنی چونچ میں اٹھا کر دریا میں پھینک دوں۔ جب حضرت سلیمان نے یہ بات سنی ہے تو پوچھا ایسا کیوں کہہ رہا ہے تو اس نے جواب دیا" المحب یلام علی مام یقال" جو عاشق ہوتا ہے، عاشق اپنے عشق میں جو کہہ جائے اس کی کوئی پکڑ نہیں ہوتی ہے۔ اس استدلال کو حضرت سلیمانؑ نے مان لیا۔ پھر مادہ سے پوچھا: تو کیوں نہیں مان رہی؟ "قالت یا نبی اللہ انہ لیس محبا" یہ محب نہیں ہے یہ سچا نہیں ہے "لیکن یہ مدعی ہے" یہ ادعائے حب کر رہا ہے، مجھے سچ چاہیے۔ میں جو ادعائے حب امامؑ وقت کر رہا ہوں یہ دعویٰ سچا ہونا چاہیے تب مجھے رفعت ملے گی، اگر میں اپنے دعوے میں سچا نہ ہو تو مجھے رفعت نہیں ملے گی۔ خدایا مجھے صدق عنایت فرما، میں سچ کی بھیک مانگ رہا ہوں" یا نبی اللہ انہ لیس محبا

و لکنہ مدعی لانہ یحب معی غیرہ" یہ میرے ساتھ اور بھی بہت سے لوگوں کو بہت سے چڑیاؤں کو چاہتا ہے۔ اب غیری کونسا ہے؟ دانہ ہے اور دیگر چیزیں ہیں۔ اس نے کہا ایسا نہیں ہے کہ یہ میرا محب ہو۔ جب سلیمانؑ نے اس بات کو سنا تو اس بات نے آپ کے قلب پر اتنا اثر کیا" و بکی بکاء شدیدا" وہ شہنشاہ عالم گریہ کرتا ہے اور" واحتجب عن الناس اربعین یوما" یہ چالیس دن کے لئے خلوت میں چلے گئے اور اکیلے ہوگئے " یدعو اللہ ان یفرغ قلبہ لمحبتہ"اور چالیس دن تنہائی میں جا کر دعا کرتا رہا۔ کون؟ وہ جو اس وقت سارے عالم کا بادشاہ تھا، چرند پرند، جن اور سب پر ان کی حکومت تھی۔ سب کچھ چھوڑ دیا اور تنہائی اختیار کی کہ میرے دل میں بھی اللہ تیرے علاوہ کسی اور کی محبت تو نہیں ہے اور اگر کسی اور کی محبت دنیا کی محبت، سلطنت کی محبت، اقتدار کی محبت، اولاد کی محبت، مال کی محبت اگر خدا کی محبت کے علاوہ کسی اور کی محبت میرے دل میں ہو تو میں محب نہیں ہوں میں مدعی ہوں مجھے سچ چاہیے، مجھے سچ عنایت کر"و نظرا یقرب حقہ" مجھے وہ نظر کرم چاہیے جس کے ذریعے میں تیرا تقرب حاصل کر سکوں" الہی ان من تعرف بک غیر مجھول"اے میرے رب،"ان من تعرف بک" جس نے تجھے جان لیا تو وہ پھر مجھول نہیں رہ سکتا وہ مشہور ہو جاتا ہے۔ عجب! اب یہاں پر شہرت، مجھے شہرت چاہیے میں تیرے ذریعے شہرت حاصل کرنا چاہتا ہوں میں شہرت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ شہرت طلبی رزائل اخلاق میں سے ہے۔ شہرت طلبی کوئی اچھی صفت نہیں ہے۔ اور اسی شہرت طلبی کی وجہ سے بہت سے لوگ دیگر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ ان کو ویوز مل جائے، ان کو نام مل جائے اور اس شہرت طلبی میں خود بھی گمراہ ہو رہے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کر رہے ہیں۔ یہ شہرت طلبی جو اچھی چیز نہیں ہے اسے ہم خدا سے کیوں طلب کر رہے ہیں میں مجھول نہیں رہنا چاہتا میں مشہور ہونا چاہتا ہوں۔ اس شہرت کی کوئی اچھی شہرت بھی ہوگی۔ اس کا مطلب یہ ہے جس کی وجہ سے کہہ رہا ہے میں تجھے پہچان کر مجھولیت سے نکل کر شہرت میں آنا چاہتا ہوں۔ اگر کوئی شخص شہرت کو اس لئے چاہے تاکہ اس کے ذریعے وہ اللہ کی عبادت کر سکے اللہ کی عبادت کی خدمت کر سکے پھر یہ شہرت رزائل میں سے نہیں ہے یہ شہرت پھر اس صفات حمیدہ میں سے ہے میں اپنے بارے میں نہیں کہہ سکتا کہ میں اگر شہرت طلب ہوں تو میں کس لئے شہرت مانگتا ہوں۔

اسلام نے کبھی آپ سے یہ نہیں کہا کہ آپ ہمارے پیج کو سبسکرائب کریں آپ ہماری ویڈیوز کو لائک کریں آپ کیا کریں جو یہ تمام آنلائن والے لوگوں کی زبان پر ہوتے ہیں ہمیشہ کہتے ہیں۔خوف آتا ہے کہ واقعا اگر یہ شہرت اس لئے ہو تا کہ بات آگے پہنچ جائے۔ہم نے یہ کہا ہے کہ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں ہے اس سے اگلے کو فائدہ ہوتا ہے تو اس کو آگے پہنچایئے،میری نیت جو بھی ہو اللہ بہتر جانتا ہے اگر آپ صدق نیت سے اس کو آگے پہنچاتے ہیں تو آپ کو وہ شہرت ملے گی جس کے بعد آپ مجھول نہیں ہوگے۔ تھوڑا ساغور کیجئے۔جب تک انسان ہے تب تک اس کا نام بھی ہے اس کا پیج بھی ہے اس کے کمنٹس بھی ہے اس کے رشتہ دار بھی ہے کہیں نہ کہیں اس کا کوئی نہ کوئی نام ہے لیکن آج سے آپ سو سال بعد کا فرض کریں کہ سو سال بعد کیا ہو گا،دو سو سال بعد کیا ہو گا؟ دو سو سال بعد آپ کا کہیں بھی کوئی نام نہیں ہے میرا ابھی کوئی نام بھی نہیں۔ ہماری اولاد بھی ہمارے نام بھول جائیں گے۔ابھی پوچھ لیجئے کس کو پر دادا کا نام کیا ہے۔ اصلا کوئی نام ونشان نہیں ہے ان کے گھروں پر اغیار نے قبضہ کر لیا ہے ان کی اولادوں کے پاس بھی یہ چیزیں رہتی ہیں نہیں رہتی کچھ پتہ نہیں ہے۔ یعنی سو سال بعد آپ مجھول ہونگے،دو سو سال بعد آپ مجھول، پچاس سال بعد آپ مجھول، آپ کا کوئی نام ونشان نہیں ہے لیکن آپ کا نام کب باقی رہے گے ؟اگر آپ خدا کے ذریعے پہچانے جائیں اگر آپ الغدیر لکھ کر جائیں اگر آپ جواہر لکھ کر جائیں۔اگر آپ صحیفہ سجادیہ کی تدوین کر کے جائیں اگر آپ کوئی الہی کام کر جائیں۔ ہدایت کا یہ جو سلسلہ ہے یہ جو روشن مینار ہے ہدایت ہے ان روشن ستاروں کے درمیان کہیں آپ کا بھی کوئی چھوٹا موٹا نام رہ جائے تو آپ مجھول نہیں ہوتے ہیں۔ یہ دعا ہے کہ خدایا، میں مجھول نہیں رہنا چاہتا، میں چاہتا ہوں میرا نام رہے نہ کہ میرا نام، میں نے نام کو کیا کرنا ہے اس نام نے بھی مجھے کوئی فائدہ نہیں دیا ہے قیامت میں مجھے یہ نام کیا فائدہ دے گا اس لئے میری کتابوں سے میرے علم سے میری باتوں سے کوئی ہدایت کا سلسلہ چلتا رہے" و من لاذ بک غیر مخذول"جو اللہ کی پناہ میں آئے، اچھا اب تعارف الہی میں، میں اپنے آپ کو مجھولیت سے نکال کر شہرت کی طرف لا رہا ہوں وہ کیوں لا رہا ہے تعارف الہی کی خاطر۔"کنت کنزا مخفیا فاحبب ان اعرف فخلقت الخلق کئی اعرف" یہ حدیث مشہور بھی ہے سب اس کو جانتے بھی ہے۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں" یا ایھا الناس ما خلق العباد الا لیعرفوہ فاذا عبدوہ"اللہ نے خلائق کو صرف اس لئے خلق کیا ہے کہ وہ اللہ کی معرفت حاصل کریں جب اللہ کی معرفت حاصل کریں گے تو اس کی عبادت کریں گے" فاذاعبدوہ"جب

وہ اللہ کی عبادت کریں گے تو وہ بے نیاز ہو جائیں گے "بعبادہ عن عبادۃ سواہ" اگر ایک اللہ کی عبادت نہ ہو تو متعدد الہ کے سامنے جھکنا پڑے گا ان تمام خداوں کے سامنے جھکنے سے ایک اللہ کی عبادت آپ کو بے نیاز کرتی ہے "نبی اکرمؐ فرماتے ہیں" کونو ینابیع الحکمہ" ایسی مجھول ہو کر مر کر چلے مت جاو کچھ کر جاو، کیا کرنا ہے؟ میں نے ینابیع حکمت بننا ہے میں نے مصابیح ھدی بننا ہے، میں مصباح ھدی کے کنارے میں چھوٹا سا چراغ بننا چاہتا ہوں" و اخلاص بیوتی تعرفون فی اھل السماء" ایسے ہو جا اگر ینابیع حکمت بن جاو مصابیح ھدی بن جاو تو تم آسمانوں میں پہچانے جاوگے پھر تو تم مجھول نہیں رہوگے۔ عجب میں شہرت چاہتا ہوں لیکن اپنی شہرت طلبی کو منفی میں نہیں چاہتا میں مثبت شہرت طلبی چاہتا ہوں امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

" من تعلم العلم و عمل بہ و علم با اللہ دعی فی ملکوت السماوات عظیما"جو علم حاصل کرے اور اس پر عمل کر اس کے بعد دوسروں کو تعلیم دے تو آسمانوں میں اسے عظیم کا خطاب دیا جائے گا۔ اللہ اکبر! اگر مجھول نہیں رہنا چاہتے مشہور ہونا چاہتے ہو تو شہرت یہاں نہیں ہے اصل شہرت یہ ہے کہ علم حاصل کرو اس علم پر عمل کرو اور اس علم کو آگے پھیلاو ،ملکوت سماوات میں عظیم کہلاوگے" ومن لاذ بک غیرک مخذول"اس دنیا میں آج کل کے حالات میں احساس ہمیں آج ہوا ہے واللہ! ہم ہمیشہ خطرے میں ہیں ہر طرف سے دشمن کا خطرہ ہے۔ ہر نت نئے طریقوں سے، دائیں بائیں اور ہر طرف سے دشمن حملہ آور ہے ان حملوں سے ان طاقتور دشمنوں سے ہم نہیں بچ سکتے اس لئے کہ ہم انتہائی کمزور ہیں انتہائی بزدل ہیں انتہائی عجول ہیں اور اس حملے سے صرف ایک صورت سے بچ سکتے، اللہ کی پناہ میں چلے جائیں۔ اگر اللہ کی پناہ میں چلے جائے تو پھر وہ" لا حول و لا قوۃ الا بااللہ" ہے وہ "علی کل شئی قدیر" ہے وہ قادر مطلق ہے۔ اسی صورت میں ہم عزت پاسکتے ہیں، خطرات سے ہم نجات حاصل کرسکتے ہیں" من کان یرید العزۃ فللہ العزۃ جمیعا و اقبلت علیہ غیر مملوک"اور جو تیری طرف متوجہ ہو گیا جو تیرا ہو گیا پھر وہ آقا ہو گیا وہ سردار ہو گیا۔ باقی سب مملوک ہیں، باقی سب اپنے مالک نہیں ہیں باقی سب شیطان کے، استعمار کے اور باقی سرداروں کے غلام ہو جاتے ہیں کوئی پیسے کا غلام ہو جاتا ہے کوئی اقتدار کا غلام ہو جاتا ہے کوئی علم کا غلام ہو جاتا ہے کوئی شہرت کا غلام ہو جاتا ہے کوئی شہوت کا غلام ہو جاتا ہے سب غلام ہیں اگر غلامی سے آزاد ہو کر سردار بننا ہے تو پھر تیری طرف آنا ہو گا، جو تیرا ہوا وہ سردار ہوا۔

گیارہواں درس

"إِلهِي أَنا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ المُذْنِبُ وَمَمْلُوكُكَ المُنِيبُ فَلا تَجْعَلْنِي مِمَّنْ صَرَفْتَ عَنْهُ وَجْهَكَ وَحَجبَهُ سَهْوُهُ عَنْ عَفْوِكَ ، إِلهِي هَبْ لِي كَمالَ الاِنقطاعِ إِلَيْكَ وَأَنِرْ أَبْصارَ قُلُوبنا بِضِياءِ نَظَرِها إِلَيْكَ حَتَّى تَخْرِقَ أَبْصارُ القُلُوبِ حُجُبَ النُّورِ فَتَصِلَ إِلى مَعْدِنِ العَظَمَةِ وَتَصِيرَ أَرْواحُنَا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ."

یہاں تک چالیس دفعہ حضرت امیر المومنینؑ نے إِلهِي کہہ کر پکارا ہے۔ جن کے پاس وقت ہے وہ بیٹھ کر ان معارف کا مطالعہ کریں اور بار بار ان مطالب پر غور و فکر کریں۔ یہ صرف شعبان کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ یہ سارا سال پڑھنے کے مناجات ہیں۔ " إِلهِي أَنا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ "اب اپنی حقیقت کا اعتراف کر رہے ہیں میں تیرا بندہ ہوں مملوک ہوں اور میں منیب ہوں میں توبہ کرنے والا ہوں" فَلا تَجْعَلْنِي "مجھے ان لوگوں میں سے قرار نہ دے جن سے تو نے اپنا چہرہ پھیر دیا ہے اور ان کی غلطیوں نے تیرے عفو کو ان تک پہنچنے سے روک دیا ہے، تو کتنا کریم ہے تو کبھی اپنا چہرہ اپنے عبد سے نہیں پھیرتا۔ تو کافروں کو بھی عبادی کہہ کر خطاب کرتا ہے۔ لیکن صرف مومن ہے جو تجھے الٰہی کہہ کر خطاب کرتا ہے اسی واسطے، ان کلمات کے واسطے مجھے بخش دے۔ میں مملوک ہوں، میں عبد ہوں، میں توبہ کر رہا ہوں، میں ضعیف ہوں یہ گناہ جو مجھ سے سرزد ہوئے، یہ جو سہو ہو گئی ہے میرے سہو اور گناہ کی وجہ سے تیرے عفو سے محروم رہوں یہ نہیں ہو سکتا۔ مجھ سے کوتاہی ہو گئی اس لئے کہ میں ممکن الوجود ہوں۔ ممکن الوجود کا مطلب کیا ہے؟

ممکن الوجود کا مطلب ہی سیاہ روی ہے "

سیاہ روی ممکن در دو عالم　　　　چدا ہر گز نہ شود واللہ عالم"

یہ ہو ہی نہیں سکتا ممکن الوجود کا مطلب ہی سیاہ روہی ہے ممکن الوجود کا مطلب ہی خطا ہے اور تو واجب الوجود ہے واجب الوجود کا مطلب عفو ہے، درگزر ہے، معاف کرنا ہے"

در بہاراں کے شود سرسبز سنگ"

ہم سرسبز وادی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ خدا کے حضور میں آئے ہوئے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ہم خاک ہیں" در بہاراں کے شود سرسبز سنگ" کبھی کوئی پتھر آپ نے دیکھا ہے کہ بہار میں سرسبز ہو گیا ہو؟

"خاک شو تا گل بروید رنگ برنگ"

خاک ہو جاو اعتراف کرو اپنے ضعف کا تا کہ پھر یہ سبزہ اور رنگ برنگی پھول کھلیں گے انشاء اللہ۔

"گر ہزاراں دام باشد در قدم چوں با مائی نا باشد ہیچ غم"

ہمیں کسی چیز کا غم اس لئے نہیں ہے کہ تو ہمارا ساتھ ہے۔

" إِلهِي هَبْ لِي كَمالَ الانقطاعِ إِلَيْكَ وَأَنِرْ أَبْصارَ قُلُوبنا بِضِياءِ نَظَرِها إِلَيْكَ "

یہ کمال معرفت ہے۔ ہر کلمہ معرفت کی بلندیوں پر محو پرواز ہے لیکن سمجھنے کی بات ہے جو جہاں پہنچے، جتنے بھی مناجات امیر المومنینؑ ہیں وہ آپ کو یہاں لے کے آنا چاہتے ہیں "إِلهِي هَبْ لِي "مجھے موہبت عطا کر، مجھے دے، کیا؟؟، هَبْ لِي كَمالَ الانقطاعِ "میں ہر چیز سے کٹ کر صرف تیرا ہو جاوں، میرے دل میں صرف تیری محبت ہو۔ (یہ معرفت مجھے دے)

" وَأَنِرْ أَبْصارَ قُلُوبنا بِضِياءِ نَظَرِها إِلَيْكَ حَتَّى تَخْرِقَ أَبْصارُ الْقُلُوبِ حُجُبَ النُّورِ فَتَصِلَ إِلى مَعْدِنِ العَظَمَةِ وَتَصِيرَ أَرْواحُنَا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ.

"کمال انقطاع آ گیا، تمام اسباب کو میں نے چھوڑ دیا ہے، اب میں صرف اور صرف تیرا ہو گیا ہوں اور تجھے دیکھنے کی وجہ سے تیرا ہونے کی وجہ سے میرا دل تیرے نور سے منور ہو گیا اور پھر نور کے پردے میرے سامنے سے ہٹ جائیں گے، ظلمت کے پردوں کو میں نے ہٹایا، تیرے پاس ہر چیز چھوڑ کر آیا ہوں اب نور کے پردے بھی ہٹ جائیں گے" فَتَصِلَ إِلى مَعْدِنِ العَظَمَةِ "پھر تیری عظمت کے خزانے تک میری رسائی ہو جائی گی اور ہماری ارواح تیرے عز قدس تک پہنچ جائیں گے اس کو کون سمجھے؟ وہی سمجھے جو ان تمام مراحل کو طے کرے مناجات امیر المومنینؑ (مناجات شعبانیہ) کے ساتھ منزل بہ منزل چلے تو پھر (همه چیز را تا نجویی نه یابی ، جز این دوست را تا نه یابی نجویی)

تمام چیزیں دنیا میں ایسی ہیں کہ جب تک آپ جویندہ نہ ہو وہ آپ کو نہیں ملے گی، جب تک تمہیں وہ دوست مل نہ جائے تم اس کے پیچھے نہیں جائیں گے۔ جب مجھے کمال انقطاع مل گیا تب میں تجھ تک آوں گا "جوئندہ یابندہ است" اس کے بجائے "یابندہ جوئندہ است" ہو جاتا ہے جسے خدا مل جائے وہ خدا کی تلاش میں جاتا ہے اور جسے خدا نہ ملے وہ خدا کی تلاش میں نہیں نکل سکتا اسی لئے خود خدا سے ہی ہمیں دعا کرنی ہو گی کہ وہ خود اپنا دیدار (کمال معرفت) دے دے اور ہمیں اپنے تک پہنچے کے لئے اس کی عز قدس تک ہماری رسائی حاصل ہونے کے لئے ہماری مدد کرے۔

امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں:" ان الراحل الیک قرب المسافة" تجھ تک آنے کی مسافت انتہائی کم ہے ؛ انَّکَ لَا تَحْتَجِبُ عَنْ خَلْقِکَ إِلَّا أَنْ تَحْجُبَهُمُ الْأَعْمَالُ دُونَکَ"توکسی کو نہیں روکتا یہ انسان خود ہے جس نے اپنے آپ کو تجھ تک پہنچنے سے روک رکھا ہے۔ "

جمالِ یار ندارد نقاب و پرده ولی غبارِ راه بنشاں، تانظر توانی کرد

تمہیں ان ظلمانی پردوں کو ہٹانا ہے، تاریک پردوں کو تم نے خود ہٹانا ہے اس طرف سے کوئی حجاب نہیں ہے اس طرف سے کوئی پردہ نہیں ہے اور یہ جو ظلمانی پردے، جو کہ دنیاوی پردے ہیں، دنیا میں گناہ کی آلودگیوں کی وجہ سے میں ان حجاب میں گرا ہوا ہوں یہ ہٹ جائے تو وہ نورانی پردے بھی ہٹ جائیں گے اور اگر میں اس دنیا سے کٹ جاوں اور انقطاع کامل ہو جاوں اور ظلمانی حجاب کو ہٹادوں اور پھر نورانی حجاب کو بھی ہٹادوں تو" من انقطع الی الله کفاه الله مؤنته و رزقه من حیث لا یحتسب و من انقطع الی الدنیا وکّله الیها"

جو شخص خدا کے لئے دنیا سے قطع تعلق ہوتا ہے خدا اسکے اخراجات کو مہیا کرتا ہے. اوراسے ایسے راستہ سے رزق عطا کرتا ہے جس کا وہ گمان تک نہ کرتا ہو اور جو دنیا سے دل لگالیتا ہے تو خدا اسے اسی کے حوالے کر دیتا ہے ۔

اگر کوئی منقطع ہو جائے اور انقطاع الی اللہ ہو جائے تو اس کے لئے اللہ ہی کافی ہے۔

و رزقه من حیث لا یحتسب، پھر نہیں معلوم کہاں اس کا رزق زمین سے آسمان سے دائیں سے بائیں سے ہر طرف سے اسے رزق ملے گا۔

إِلهِي وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ نادَيْتَهُ فَأَجابَكَ وَلاحَظْتَهُ فَصَعِقَ لِجَلالِكَ فَناجَيْتَهُ سِرّاً وَعَمِلَ لَكَ جَهْراً

مناجات جب شروع ہوئی کہا کہ میں تجھے پکاروں گا، تو مجھے جواب دیں، یہاں کہہ رہے ہیں کہ اے معبود! آپ مجھے ان میں سے قرار دے کہ جنہیں تو پکارتا ہے تو وہ لبیک کہتے ہیں" و لاحظته" اور تو ان پر نظر کرم کرتا ہے تو وہ مدہوش ہو جاتے ہیں وہ تیرے ہو جاتے ہیں اور جب تو ان سے نجوی کرتا ہے (یہ نجوی تو نے یعنی خدا نے نجوی کیا) اب خدا سے تیری طرف نجوی شروع ہوا اور تو مخفی طور پر نجوی کرتا ہے یہ تیرے لئے اعلانا پھر عمل کرتے ہیں۔ جس کے دل میں خدا کی طرف سے نجوی آجائے تو پھر وہ سر بازار آکر اپنے عشق کا اظہار کرتا ہے اور یہ جو مدہوشی جمال خدا ہے یہ تمام ہوش اور شعور سے بہتر ہے۔

"إِلهِي لَمْ أُسَلِّطْ عَلَى حُسْنِ ظَنِّي قُنُوطَ الأَياسِ"

اے اللہ! میرے اللہ، میرے معبود، مجھ پر مایوسی کو مسلط نہ کر دے، میرے کس پر؟ میرے حسن ظن پر اور حسن ظن کے بارے میں پہلے بتا چکا ہوں۔ اللہ سے حسن ظن رکھو اور اللہ سے یہ دعا کرے کہ اے اللہ اس حسن ظن پر کبھی مایوسی نہ چھائے۔

وَلا انْقَطَعَ رَجائِي مِنْ جَميلِ كَرَمِكَ "اور میری رجا میری امید تیرے جمیل کرم سے کبھی منقطع نہ ہو۔

إلِهي إنْ كانَتِ الخَطايا قَدْ أَسْقَطَتْني لَدَيْكَ "اے اللہ اگرچہ میری گناہوں نے مجھے تیری نظروں سے بہت گرا دیا ہے۔"فَاصْفَحْ عَنّي بِحُسْنِ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ"تو سب کچھ درگزر کرنے والا ہے میرے گناہوں کو نہیں دیکھنا میرے حسن توکل کو دیکھنا ہے میں کتنا خوش گمان ہوں میرا کتنا حسن ظن ہے اس حسن ظن کی بناء پر مجھے معاف فرما دے۔

" قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ (سورہ الزمر:53)

" کہہ دیجئے: اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، یقیناً اللہ تمام گناہوں کو معاف فرماتا ہے، وہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا، مہربان ہے۔"

" اس میں تو کافروں کو بھی شامل کیا ہوا ہے میرے گناہوں کو کیوں دیکھتا ہے میں نے جو اسراف کیا ہے اس کو کیوں دیکھ رہا ہے"

لاتقنطو من رحمت اللہ" میں اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوں خدایا میرے اس رجاء اور اس امید کی بناء پر مجھے بخش دے۔

"اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا "

باز آ، باز آ، ہر آں چہ ہستی باز آ"

گر کافر و گبر بت پرستی باز آ"

جو مرضی ہو جیسے بھی ہو باز آ جا، کافر ہو بت پرس ہو تو بھی تجھے درگاہ الٰہی میں آنے کی اجازت ہے راہ رحمت کھلا ہے۔ رحمت کے تمام دروازے سب کے لئے کھلے ہیں۔

"این درگاہ درگہ ناامیدی نیست"

ہے "صد بار تو بشکستی باز آ"

یہ درگاہ الٰہی ناامیدی کی درگاہ نہیں، ہزار مرتبہ بھی تو نے توبہ کیا ہے توبہ توڑا ہے پھر بھی تجھے دعوت ہے تو آ جا۔

إلِهي إنْ حَطَّتْني الذُّنُوبُ مِنْ مَكارِمِ لُطْفِكَ فَقَدْ نَبَّهَني اليَّقِينُ إلى كَرَمِ عَطْفِكَ

پہلے بھی ہم نے پڑھا تھا اسی مناجات میں وہ کافی سخت تھا اب بہت نرم کافی لطیف نکتے کی طرف اشارہ ہے وہاں کہا تھا اگر تو مجھے میرے گناہوں کی وجہ سے پکڑے گا تو میں تیرے دامن عفو کو پکڑلوں گا یہاں بھی کہہ رہا ہے کہ اگر میرے گناہ میں تیرے لطف کو مجھ تک نہیں پہنچنے دے تو میرا یقین ایسا ہے تیرے کرم پر، تیرے لطف پر، کہ میں اس یقین کے ذریعے تجھ تک پہنچ جاوں گا۔ میں اپنی کوئی بات نہیں کر رہا میں اللہ کے صفات جمالیہ، کو صفات قہریہ کے مقابلہ میں رکھ رہا ہوں اور خدا کے دامان رحمت کو طلب کر رہا ہوں اور یہ بار بار کہہ رہا ہوں میرے گناہوں سے اگرچہ میں نے اپنی ساری زندگی ساری تقدیر خراب کر دی ہے لیکن میں تجھ پر یقین رکھتا ہوں تیرے فضل پر یقین رکھتا ہوں تیرے لطف پر یقین رکھتا ہوں تیرے کرم پر یقین رکھتا ہوں۔ امام کاظمؑ فرما رہے ہیں:

إن العقلاء تركوا فضول الدنيا فكيف الذنوب، وترك الدنيا من الفضل، وترك الذنوب من الفرض

(میزان الحکمة- محمد الریشهري- ج ۴- الصفحة ۳۵۹۵)

عاقل تو وہ ہے جو دنیا کی فضول چیزوں کو چھوڑ دیتا ہے کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ گناہوں کو نہ چھوڑ دے" وترك الدنيا من الفضل،" دنیا کی فضول چیزوں کو چھوڑنا فضل ہے۔ وترك الذنوب من الفرض" جبکہ گناہوں کو چھوڑنا فرض ہے۔ معصومؑ کا فرمان ہے

" نوم علی الیقن افضل من صلاۃ فی شک"

اگر ہم شک میں مبتلا ہو جائے کہ نہ جانے خدا مجھے معاف کرے گا نہیں کرے گا میرا عمل کیسا ہے قبول ہو گا یا نہیں ہو گا، اس شک میں مبتلا ہو کر نماز پڑھنے سے اللہ پر حسن ظن رکھ کر سو جانا بہتر ہے۔

بس اب آخری دو جملے رہ گئے ہیں مناجات شعبانیہ میں۔

إِلٰهِي إِنْ أَنامَتْنِي الغَفْلَةُ عَنِ الاِسْتِعْدادِ لِلِقائِكَ فَقَدْ نَبَّهَتْنِي المَعْرِفَةُ بِكَرَمِ آلائِكَ

میں تیری لقاء کے لئے آمادہ تھا مجھ میں استعداد تھی آمادگی تھی اور میں اس عظمت پر فائز ہو سکتا تھا لقاء اللہ کی منزل پر فائز ہو سکتا تھا لیکن غفلت نے مجھے سلا دیا۔ اگرچہ غفلت نے مجھے سلا دیا اور میں تجھ سے بہت دور ہو گیا" فَقَدْ نَبَّهَتْنِي المَعْرِفَةُ"لیکن معرفت نے مجھے جگا دیا ہے"بِكَرَمِ آلائِكَ" مجھے معرفت نے جگا دیا ہے۔

" إِلٰهِي إِنْ دَعانِي إِلى النَّارِ عَظِيمُ عِقابِكَ"

اے اللہ ایک طرف جب میں تیرے عقاب کو دیکھتا ہوں تیرے بہت عظیم عقاب کو، تو وہ مجھے جہنم کی طرف لے جاتی ہے۔

"فَقَدْ دَعانِي إِلى الجَنَّةِ جَزِيلُ ثَوابِكَ "

لیکن جب تیری رحمت رحمانی کو دیکھتا ہوں تیری صفات کو دیکھتا ہوں تو وہ مجھے جنت کی طرف لے جاتی ہے وہ مجھے جنت کی طرف دعوت دیتی ہے۔

إِلَهِي فَلَكَ أَسْأَلُ وَإِلَيْكَ أَبْتَهِلُ وَأَرْغَبُ وَأَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ يُدِيمُ ذِكْرَكَ

اے خدا میں تجھ سے ہی سوال کرتا ہوں میں تیری طرف ہی گریہ وزاری کرتا ہوں میں تیری طرف رغبت اور اشتیاق رکھتا ہوں اور میں صرف اور صرف تجھ سے مانگتا ہوں۔

یہ مناجات شعبانیہ محمد و آل محمد علیہم السلام پر درود سے شروع ہوا تھا ابھی اپنے اختتامی مراحل پر ہے وہ جو آپ کو ٹیک آف کر رہا ہے اب وہ مناجات لینڈ کر رہی ہے۔ لیکن یہ جو آپ کو فرش سے ٹیک آف کر رہا تھا اب لینڈنگ عرش پر ہو رہی ہے اور اس لینڈنگ کے لئے جو دعا پڑھی جا رہی ہے وہ یہ ہے" اَنْ تُصَلِّيَ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ" درود سے شروع ہے اور درد پر ہی ختم ہو گا لیکن ابھی ختم نہیں ہوا، ابھی لینڈنگ ہو رہی ہے لینڈنگ درود کے ذریعے ہو رہی ہے اور وہ لینڈنگ کیا ہے" وَأَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ يُدِيمُ ذِكْرَكَ "مجھے جب اس منزل پر لے آیا مجھے جب اپنی مناجات کا شرف دیا۔ پہلے میں نے کہا میری سن لے۔ لیکن امیر المومنینؑ مجھے اس منزل پر لے آئے ہیں کہ میں کہوں خدایا اب میں تیری سنوں گا تم مجھے پکار تو جو کہے گا میں کرنے کے لئے تیار ہوں اور اب کہہ رہا ہوں" وَأَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ "مجھے ان لوگوں میں سے قرار دیں جو دائماً تیرا ذکر کرتے ہیں" وَلَايَنْقُضُ عَهْدَكَ" تیرے عہد کو اور جو وعدہ تیرے ساتھ کیا ہے اسے نہیں توڑتے"وَلَايَغْفَلُ عَنْ شُكْرِكَ "اور تیرے شکر سے کبھی غافل نہیں ہوتے" وَلَا يَسْتَخِفُّ بِأَمْرِكَ "تیرے حکم کو تیرے احکام کو وہ سبک شمار نہیں کرتے وہ ہلکا نہیں لیتے ابھی رمضان آرہا ہے شعبان کے آخری ایام ہے ہمیں رمضان کے احکام کو ہلکا نہیں لینا ہے ہمیں اس دوران جو احتیاط کے احکام ہیں احکام الہی ہیں، ان پر عمل کرنا ہے۔

ان ایام میں اگر حکومت کہتی ہے کہ فلاں جگہ نہ جاو پھر آپ کے لئے حکومت کے اس حکم عدولی کی وجہ سے کوئی مشکلات پیش آتی ہے تو آپ کو احتیاط کرنی چاہیے اور ان مشکلات سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے لیکن اگر حکومت کہے کہ جاو نماز پڑھو تو آپ کے اوپر وہاں جاکر نماز پڑھنا نہ فقط واجب نہیں ہے بلکہ احتیاط اگر اس میں ہے کہ نہ پڑھی جائے تو حکومت کی اجازت کی کوئی حیثیت نہیں ہے کیونکہ حکومت کیسی کے پریشر میں آکر یہ بات کر رہی ہے۔ پریشر میں آکر آحکام الہی کو تبدیل نہیں کر سکتا، بات یہی ہو رہی ہے

کہ میں احکام الہی کو ہلکا نہ لوں میں نہ حکومت کے پریشر میں آوں میں نہ کسی معاشرے کے پریشر میں آوں میں نہ کسی اور کے پریشر میں آوں بلکہ صرف اور صرف احکام الہی کے تابع رہوں۔

"وَأَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ يُدِيمُ ذِكْرَكَ " یہاں پر جو بات انتہائی اہم ہے اور جدھر لے جا کے آپ کو پہنچایا ہے اور آپ کے دماغ میں اس بات کو رکھنے کی امیر المومنینؑ کوشش کر رہے ہیں اور خدا کرے کہ ہمارے ذہن میں یہ بات ذہن نشین ہو جائے، ہمیں مداومت چاہئے، مسلسل ایک کام کر سکے زیادہ نہیں۔ زیادہ کی کوشش نہ کرے بلکہ مسلسل کی کوشش کرے۔

یک چشم زدن غافل از آن ماه نباشم   شاید که نگاهی کند آگاه نباشم

ہمیشہ خدا کی طرف متوجہ رہنا ہے "امام سجادؑ فرماتے ہیں:

إني لأحب أن أداوم على العمل وإن قل (الكافي - الشيخ الكليني - ج ٢ - الصفحة ٨٢)

جس چیز کو سید الساجدین پسند کرتے ہیں جس سے محبت رکھتے ہیں وہ یہ ہے کہ کسی بھی عمل کو مسلسل کیا جائے اگرچہ کم ہی کیوں نہ ہو وہ کم مطلوب ہے۔ دیکھیں ابھی ہم قرآن کی طرف آئے ہیں مناجات اور دعاوں کی طرف آتے ہیں ایک دن میں جتنا پڑھ سکتے ہیں آپ پڑھے یا ایک مہینے میں جتنی بھی دعائیں ہیں آپ پڑھیں اور بارہ مہینے غافل رہیں تو اس کا اثر نہیں ہوتا ہے۔ اگر آپ پانی کے قطرے کو دیکھیں پتھر پہ ایک چھوٹا سا قطرہ مسلسل گرتا رہے تو پھر اس میں سوراخ ہو جاتا ہے لیکن اس پتھر پر آپ ایک پورا دریا بہا دے پوری بالٹی گرا دے جتنی مرضی پانی گرا دیں اس پتھر پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا، نہ وہ گھستا ہے نہ اس میں سوراخ ہوتا ہے سوراخ مسلسل ٹپکنے سے ہوتا ہے یہاں پر بھی ہمیں عمل مسلسل چاہیے بھلے قطرہ ہی کیوں نہ ہو وہ کم ہی کیوں نہ ہو۔ امام باقرؑ فرماتے ہیں

"احب الاعمال الی الله مداوم علیہ العبد و ان قل"

خدا کو زیادہ عمل نہیں، خدا کو وہ عمل پسند ہے جو عبد انجام دے اور مسلسل انجام دے، پھر وہ کم نہیں ہوتا اگرچہ وہ کم ہی کیوں نہ ہو۔ "و لا ینقض عهدك" ایک تو مجھے ان میں لوگوں میں سے قرار دے جو مسلسل تیری بندگی میں رہے بندگی تھوڑی ہو یا بڑی ہو کم ہو یا زیادہ ہو وہ جو قبول ہو وہ کم نہیں ہوا کرتا دوسرا میں عہد شکنی نہ کروں۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِىٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَـكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (سورہ یس:61)

کیا میں نے تم سے یہ عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی پرستش نہیں کروگے اور وہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے" و ان اعبدونی هذا صراط المستقيم" یہ بھی ہم نے عہد کیا ہوا ہے کہ ہم راہ راست پر، اور صراط مستقیم پر قائم رہیں گے" ولا يغفل عن شكرك" بس ہم نے یہ ساری مناجات پڑھی ہے اس کا ایک اثر مداومت ہے میں ہمیشہ ذکر میں رہوں۔

دوسرا یہ ہے کہ میں خدائے واحد وقہار کا شکر ادا کروں" ولا يغفل عن شكرك" تیرے سپاس گزار لوگوں میں میرا شمار ہو" من لم يشكر الناس لم يشكر الله" اور اللہ کا شکر ادا کرنے کے لئے لوگوں کا بھی شکر ادا کرنا ہے ان کو بھی شکریہ کہنا ہے ۔اگر آپ یہ کوالٹی اپنے اندر پیدا کریں تو یہ بہت بڑی بات ہے۔

ولا يستخف باامرك"

ان سب کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم نے امر خدا کو ہلکا نہیں لینا ہے ہم نے سیریس لینا ہے۔ ابھی دیکھیں آپ کو باہر نکلنے سے چیزوں کو ہاتھ لگانے سے اور سوشل انٹریکشن سے منع کیا گیا ہے اس لئے کہ شاید کوئی وائرس ہو، کتنا چانس ہے وائرس ہونے کا؟ وائرس ہونے کا فیصد ننانوے سے بھی کم ہے پھر بھی ہم نے اس کو سیریز لیا ہوا ہے اور سیریس لینا بھی چاہیئے۔ اور دوسری طرف ہم کہتے ہیں کہ اس ہاتھ کو بچا کے رکھو نامحرم سے، کسی نامحرم کو لگے تو ہم یہ نہیں کہتے ہیں کہ شائد وائرس ہو، یہ بچھو ہے امیر المومنینؑ عورت کو جو بچھو فر مارہے ہیں اس سے مراد نامحرم عورتیں ہیں۔ اور اس کا جو زہر ہے وہ شروع میں شیریں ہو گا اور بعد میں وہ تمہیں ہلاک کرنے والا ہو گا ہمیں احکام الٰہی کو ہلکا نہیں لینا ہے اور اگر یہ وائرس وہاں (چین) سے چلا ہے اور وہاں چمگادڑ کھانے کی وجہ سے چلا ہے تو یہ بھی وہی ہے کہ احکام الٰہی کو ہلکا لیا گیا جو درندوں کو کھانے سے منع کیا تھا ان کو لوگ کھاتے رہیں۔ تو انشاء اللہ ہمیں ان لوگوں میں سے قرار نہ دیں جو ڈاکٹر کے کہنے پر دنیاوئی مختصر زندگی کی بہتری کے لئے مکمل تقوی اختیار کریں اور اخروی ہمیشہ ہمیشہ کی عافیت کے لئے تقوی الٰہی اختیار نہ کریں۔

" إِلَهِي وَأَلْحِقْنِي بِنُورِ عِزِّكَ الاَبْهَجِ "نہیں پہنچا سکا، میں اعتراف کرتا ہوں کہ ان کلمات کو سرے سے میں آپ تک نہیں پہنچا سکا، کلمات، کلمات امیر المومنینؑ ہیں" اِلَهِي وَأَلْحِقْنِي بِنُورِ عِزِّكَ الاَبْهَجِ "خدایا مجھے ملحق کر دے اپنی عزت کے نور سے، اس نور سے جو کہ عزت والا ہے اور وہ بھی ابھج ہے، میں انتہائی مسرور اور لطف کے ساتھ، انجوائی کرتے ہوئے اس نور سے ملحق ہو جاوں۔ یہ مشکل راستہ نہیں ہے یہ لوگوں کو مشکل لگتا ہے لیکن ادھر آجاو، ادھر کیف و سرور ہے اگر نور الٰہی تمہیں حاصل ہو جائے اور شعبان میں تیار کر کے لے کے جارہے ہیں، شعبان میں تمہیں نورانی کر کے اس سفر پہ بیٹھا یا جارہا ہے (جس سے رمضان

المبارک تک پہنچتا ہے)، شعبان میں تمہیں اکرام دے کر تمہیں کرامت دے کر اللہ کی مہمانی میں لے کے جا رہے ہیں۔ یہ نہیں ہے کہ وہاں جب اللہ کی مہمانی میں جب دستر خوان الٰہی پر جاو تو تمہیں دھتکارا جائے، یہ کہا جائے کہ تم گندے ہو، کثافت والے ہو، نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے، تمہیں عزت والا بنا کر دستر خواں الٰہی پر لے جایا جا رہا ہے "فَأَكُونَ لَكَ عارِفاً "اس پہ بیٹھ کر تین چیزیں ہو جائیں گیں، اگر یہ نور حاصل ہو گی تو تجھے عزت ملے گی" فَأَكُونَ لَكَ عارِفاً "تو عارف ہو جائے گا، تجھے معرفت خدا مل جائے گی" وعن سواک منحرفا" اگر میں خدا کا عارف ہو گیا معرفت الٰہی حاصل ہو گئی تو ممکن نہیں کہ میں غیر اللہ کی طرف نگاہ بھی کروں" وَعَنْ سِواكَ مُنْحَرِفاً "تیرے علاوہ کوئی بھی ہو سب سے میں منہ موڑلوں گا صرف اور صرف میں تیرا ہو جاوں گا" وَمِنْكَ خائِفاً" میں تیرا ہو گیا تو تیرا خوف میرے دل میں بیٹھ جائے گا" رُاقِباً" اور میں پھونک پھونک کر قدم رکھوں گا میں ہمیشہ تیرے ساتھ رہنے کی کوشش کروں گا تیرے قرب میں رہنے کی کوشش کروں گا تیرے رضوان کو حاصل کرنے کی کوشش کروں گا" يَا ذَا الجَلالِ وَالإِكْرامِ "اس کے بعد ہم نے کہا جب دعا ختم ہو گئی تو درود پر ختم ہوئی۔

وَصلَّى الله عَلى مُحَمَّدٍ رَسُولِهِ وَآلِهِ الطَّاهِرِينَ وَسَلَّمَ تَسْلِيماً كَثِيراً

یہاں صرف چند منٹ آپ کا مزید لے رہا ہوں یہاں پر ہمیں جب وہ عزت مل گئی ہے جو نور معرفت الٰہی سے حاصل ہوئی ہے اس معرفت کا بھی ہم نے خدا سے بھیک مانگے ہیں، معرفت کی بھیک ہم مانگ رہے ہیں کیوں؟ اس لئے کہ ہمیں اگر معرفت حاصل ہو جائے تو معرفت کی دو قسمیں ہیں ایک معرفت استدلالی ہے دوسرا معرفت شہودی ہے۔ اور اس مناجات سے معرفت حاصل ہونی بھی چاہیے کہ ہم اللہ کے بھی قریب ہو جائے اور مومنین کے بھی قریب ہو جائیں۔ انشاء اللہ ہمیں معرفت استدلالی بھی حاصل ہو گی اور معرفت شہودی بھی حاصل ہو گی، کتنا فرق ہے ان دو معرفتوں میں؟ زمین و آسمان جتنا فرق ہے

معرفت استدلالی یہ ہے کہ آپ علم کے ذریعے استدلال کے ذریعے اور آثار کو دیکھ کر خدا تک پہنچتے ہیں، اسے معرفت استدلالی کہتے ہیں۔ اور معرفت شہودی یہ ہے کہ آپ خود نور عزت الٰہی کو دیکھے اور اس سے ملحق ہو جائے اور امیر المومنینؑ آپ کو اس معرفت تک لے گئے ہیں یعنی خود اللہ تک لے کے گئے ہیں۔ معرفت شہودی کو اگر میں اور سمجھا سکوں تو بطور مثال، کوئی بھی چیز دروازے کے پیچھے آئی ہے، فرض کر لیں کہ وہ انسان نہیں ہے جس کو آپ بہت جانتے ہیں وہ نہیں ہے۔ اور آپ پوچھ رہے ہیں کہ کون ہے؟ اس کے آثار سے آپ اس کو پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں اور دروازے کے پیچھے رہ کر آپ کے معرفت کی حد اور ہو گی اور اگر اس دروازے کو اور اس رکاوٹ کو ختم کر کے جا کر اسے بلمشافہ دیکھ لے تو جو آپ کی معرفت ہو گی اس کا مقام کچھ اور ہو گا۔

یہاں پر امام علیؑ کے فرزند امام حسینؑ فرماتے ہیں:

فَاجْمَعْنی عَلَیْكَ بِخِدْمَة تُوصِلُنی اِلَیْكَ، کَیْفَ یُسْتَدَلُّ عَلَیْكَ بِما هُوَ فی وُجُودِهِ مُفْتَقِرٌ اِلَیْكَ،

کہ اے میرے معبود، میں یہ نہیں چاہتا کہ میں آثار کے ذریعے تیری معرفت حاصل کرلوں میں معرفت شہودی چاہتا ہوں تاکہ میں تیرے قریب ہو جاوں، ہماری دعا ہے کہ آپ سب کو خدا اس مناجات کی بدولت معرفت شہودی عنایت کرے اور اگر معرفت شہودی آگئی اور آپ نے اپنی آنکھوں سے کمال وجمال الہی کو دیکھ لیا تو آپ کی معرفت وہی ہوگی جو آپ کے مولا کا مطلوب ہے۔ امیر المومنینؑ کہتے ہیں کہ میں اس ذات کی عبادت کر ہی نہیں سکتا جس کو میں نے دیکھا نہ ہو، آنکھ سے دیکھنا مراد نہیں ہے چشم قلب سے اگر آپ نے شہود کرلیا تو پھر عن سواک منحرفا ہو ہی نہیں سکتا کہ اس نور اس جمال اور اس محبت کو دیکھنے کے بعد آپ کا دل کسی اور پر آجائے۔

"نیست در لوح دلم جز الف قامت یار چی کنم حرف دیگر یاد نہ داد استاد

سید الشہداءؑ کے دعائے عرفہ سے آخری کلمات ہیں:

انت الذی ازلت اغیار عن قلو ب احبائک"

تو ہی ہے وہ ذات جس نے اپنے احباء اپنے اولیاء کے دلوں سے اغیار کی محبت کو نکال دیا ہے۔

" حتی لم یحبو سواک"

اس میں بھی میرا کوئی کمال نہیں ہے۔ قربان جاوں! ان کلمات پر میں صرف تیرا ہوا ہوں اور سجدہ آخر میں میں خنجر کے تلے اپنا پورا خاندان دے کر بھی "رضا برضاک" کہہ رہا ہوں اور تیری طرف ہی متوجہ ہوں اور تجھ سے ہی محبت کرتا ہوں اس میں بھی میرا کمال نہیں ہے یہ بھی تو نے کیا ہے "لم یحبو سواک" تیری لطف و کرم کی وجہ سے ہے اس لئے کسی بھی مرحلے میں تیرے علاوہ کسی کو تیرا محبوب تیرا ولی تیرا دوست تیرا محب نہیں چاہ سکتا ہے۔

" ابم یلجء الی غیرک "وہ تیرے غیر کی طرف نظر کر ہی نہیں سکتا" و منک خائفا مراقبا" ایک اور اثر یہ ہے کہ اس کے دل میں خوف پیدا ہو جائے گا ہم نے خوف پہ اسی دروس میں بھی بولا ہے کہ یہ وہ خوف ہے جو امن لے کر آتا ہے یہ وہ خوف ہے جو محبت لے کر آتا ہے یہ وہ خوف ہے جو معرفت لے کر آتا ہے۔

ان اللہ اذا جمع الناس نادی فیھم منادی۔

جب محشر کے دن تمام لوگوں کو جمع کیا جائے گا، تو ایک منادی آواز دے گا" ایھا الناس ان اقربکم الیوم من اللہ اشدکم منہ خوفا" تم میں سے اکرم واقرب کون ہے؟ وہ جو جتنا خدا سے زیادہ خائف تھا۔ خف اللہ خوف من شغل بالفکر قلبہ" اللہ کا خوف پیدا کرو کونسا خوف؟

اس شخص کا خوف جس کا دل اللہ کی محبت سے مالا مال ہے۔"فان الخوف منة الامن" خوف جائے گاہ امن ہے" وسجن النفس عن المعاصی" یہ خوف تجھے اللہ سے نہیں روکتا بلکہ تیرے قلب سے نفس کو قید کر دیتا ہے اور اس کو معصیت کی طرف جانے نہیں دیتا"

"و صل اللہ علی محمد ؐ رسولہ و آلہ الطاھرین و سلم تسلیما کثیرا"

گر قبول افتد زہے عز و شرف